# تفسیر مظہری

جلد دوم حصہ سوم

قاضی محمد ثناء اللہ پانی پتی

پ ۱۱۴۳ھ / ۱۷۳۰ء

ف ۱۲۲۵ھ / ۱۸۱۰ء

ادارہ اشاعت اسلامیات

Collection of Prof. Muhammad Iqbal Mujaddidi
Preserved in Punjab University Library.

پروفیسر محمد اقبال مجددی کا مجموعہ
پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ شدہ

Marfat.com

Marfat.com

تذکرہ مشائخ قادریہ نوشاہیہ

# شریف التواریخ

جلد سوم

الموسوم بہ

# تذکرۃ النوشاہیہ

حصہ پنجم ملقب بہ

# عوارف الانوار

تالیف


## سید شریف احمد شرافت نوشاہی

پ ۱۳۲۵ھ / ۱۹۰۷ء ف ۱۴۰۳ھ / ۱۹۸۳ء



ادارہ معارف نوشاہیہ

ساہن پال شریف

گجرات پاکستان


Marfat.com

جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ ہیں

نام کتاب : شریف التواریخ جلد سوم موسوم بہ تذکرۃ النوشاہیہ حصہ پنجم ملقب بہ عوارف الانوار

مصنف : سید شریف احمد شرافت نوشاہی۔ سجادہ نشین دربار نوشاہی ساہنپال شریف

سالِ تصنیف : ۱۳۹۱ھ ۱۹۷۱ء

ناشر : ادارہ معارفِ نوشاہیہ، ساہن پال شریف

مطبع : مطبعۃ المکتبۃ العلمیۃ لاہور

تعداد : ۵۰۰ بار اوّل

130499

تقطیع : ۱۸×۲۲/۸

خطاط : بخطِ مصنف

تاریخ طبع ولشر : شعبان المعظم ۱۴۰۴ھ مئی ۱۹۸۴ء

صفحات : ۱۸۴

قیمت : ۳۰/- روپے

ملنے کے پتے

۱۔ ادارہ معارفِ نوشاہیہ : ساہن پال شریف ضلع گجرات

۲۔ ادارہ معارفِ نوشاہیہ : مکان ۱ مری سٹریٹ ۷ شالامار ٹاؤن لاہور

۳۔ ادارہ معارفِ نوشاہیہ : نوشاہی منزل محمدی پارک راجگڑھ لاہور

۴۔ رضا پبلی کیشنز : بازار داتا صاحب لاہور

۵۔ قاری محمد اسلم سلیم نوشاہی منزل بازار نوشہ پیر، پیراں منڈی مرید کے ضلع شیخوپورہ

۶۔ حکیم قدرت اللہ اقبال نوشاہی منزل ۸۹ بی غلام محمد آباد فیصل آباد

Marfat.com

سیّد شریف احمد شرافتؔ نوشاہی سجّادہ نشین درگاہ حضرت نوشہ گنج بخش ساہن پال شریف

پیش کردہ: حکیم قدرت اللہ اقبال نوشاہی یونانی فارمیسی ۱۹ بی غلام محمد آباد فیصل آباد

Marfat.com

Marfat.com

روضہ اقدس حضرت شاہ حاجی محمد نوشہ گنج بخشؒ ساہن پال شریف

پیش کردہ: حکیم قدرت اللہ اقبال نوشاہی یونانی فارمیسی ۱۹ بی غلام محمد آباد فیصل آباد

Marfat.com

Marfat.com

# فہرست مجمل

مضامین کتاب عوارف الانوار۔ حصہ پنجم از کتاب تذکرۃ النوشاہیہ جلد سوم از کتاب شریف التواریخ تصنیف سید ابوالظفر شریف احمد شرافت قادری نوشاہی برخورداری ساہنپالوی عفا اللہ عنہ

---


مقدمہ ۲

## الف

۱ احمد شاہ۔ سید احمد شاہ رضوی برقندازی بدوملھی والہ رح ۳

۲ اختیار شاہ۔ خواجہ اختیار شاہ چنیانوالہ رح ۴

۳ الٰہی بخش۔ حضرت مولانا سید حکیم حافظ الٰہی بخش مظہر حق برخورداری رح ۶

۴ الٰہی شاہ۔ بابا الٰہی شاہ لاہوری رح ۸

۵ امام شاہ۔ میاں امام شاہ رحمانی بھڑیوالہ رح ۹

## ب

۶ باقر۔ میاں باقر قوال اھرڑدی رح ۱۱

۷ بڈھے شاہ۔ سید بڈھے شاہ فاضلشاہی لاہوری رح ۱۲

۸ بہادر شاہ۔ بابا بہادر شاہ صاحب گوجر رح ۱۳

## پ

۹ پیر بخش۔ شیخ پیر بخش برقندازی رح ۱۹

۱۰ پیر بخش۔ میاں پیر بخش ڈھولوی رح ۲۰

۱۱ پیر شاہ۔ میاں پیر شاہ نمریالوی رح ۲۳


Marfat.com

ت

۱۲ تاج محمود۔ شیخ تاج محمود روشن شاہی پال پتنی رح ۲۴

ث

۱۳ ثابت شاہ۔ شیخ ثابت شاہ روشن شاہی کروڑی رح ۲۶

ج

۱۴ جانی شاہ۔ شیخ جانی شاہ میراں کنہامی رح ۳۱

۱۵ جمال شاہ۔ شیخ جمال شاہ شتاب گڑھی رح ۳۳

۱۶ جوایا۔ میاں جوایا جوڑیوالہ رح ۳۴

خ

۱۷ خدابخش۔ سید خدابخش برخورداری ساہنپالوی رح ۳۵

د

۱۸ دارے شاہ۔ بابا دارے شاہ جھنگی والہ رح ۳۷

۱۹ دلیل شاہ۔ بابا دلیل شاہ بادشاہ ٹبہ والہ رح ۴۰

۲۰ دیدار بخش۔ میاں دیدار بخش شرقپوری رح ۴۴

ر

۲۱ رام سنگھ۔ رام سنگھ گوکر لدھیانوی ثم پشاوری ۴۶

۲۲ رحمان شاہ۔ شیخ رحمان شاہ مجذوب لاہوری رح ۴۸

۲۳ رحمت شاہ۔ بابا رحمت شاہ روشن شاہی خیرپوری رح ۴۹

۲۴ رمضان شاہ بابا رمضان شاہ جاہلانوالہ رح ۵۰

س

۲۵ سرفراز شاہ۔ شیخ سرفراز شاہ برقندازی بٹیالوی رح ۵۳


Marfat.com

۲۶ سلطان و عظمت۔ میاں سلطان و عظمت توڑاران ابھر یروی رح ۵۴

۲۷ سلطان شاہ۔ شیخ سلطان شاہ شبیر گڑھی رح ۵۶

۲۸ سلطان شاہ۔ میاں سلطان شاہ گاجر گولیرہ رح ۵۸

۲۹ سلطان محمود۔ میاں سلطان محمود ابھر یروی رح ۶۰

۳۰ سلطان ملک۔ میاں سلطان ملک بچیاری نوشہروی رح ۶۲

ش

۳۱ شرف الدین۔ حافظ شرف الدین شاہجہان آبادی رح ۶۴

۳۲ شیخ احمد۔ مولانا شیخ احمد فاروقی رسول نگری رح ۶۶

ع

۳۳ عبد الغفور۔ میاں عبد الغفور جھنگیوالہ رح ۶۸

۳۴ عظمت۔ شیخ عظمت بھورے والہ رح ۷۰

غ

۳۵ غازی خاں۔ چودھری غازی خاں تارڑ ساہنپالوی رح ۷۲

۳۶ غلام حیدر۔ میاں غلام حیدر لکھنوالی رح ۷۵

۳۷ غلام محمد۔ خواجہ غلام محمد بہادر حسینی رح ۷۶

۳۸ غلام محی الدین۔ فقیر سید غلام محی الدین بخاری برقندازی لاہوری رح ۷۷

۳۹ غلام مصطفٰے۔ میاں غلام مصطفٰے شرقپوری رح ۹۶

ف

۴۰ فضل الدین۔ فقیر فضل الدین برقندازی گوندلانوالیہ رح ۹۹

۴۱ فقیر اللہ۔ مولانا شاہ فقیر اللہ برقندازی کلانوری رح ۱۰۸

۴۲ فیض بخش۔ چودھری [illegible] فیض بخش [illegible] [illegible]۲


Marfat.com

## ک


| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴۳ | کالا۔ | سائیں کالا برقندازی بڈھکی والہ رح | ۱۱۹ |
| ۴۴ | کرم الٰہی۔ | میاں کرم الٰہی شیر قصوری رح | ۱۲۵ |
| ۴۵ | کرم الٰہی۔ | مولوی حکیم کرم الٰہی گاجر گولیہ رح | ۱۲۶ |
| ۴۶ | کرم سنگھ۔ | راجہ کرم سنگھ پٹیالوی۔ | ۱۲۷ |


## م


| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴۷ | محمد اعظم۔ | مولانا محمد اعظم انصاری برقندازی جالندھری رح | ۱۲۸ |
| ۴۸ | محمد بخش۔ | میاں محمد بخش پھنگی والہ رح | ۱۳۲ |
| ۴۹ | محمد بخش۔ | میاں محمد بخش شیر قصوری رح | ۱۳۳ |
| ۵۰ | محمد بیگ۔ | مرزا محمد بیگ لاہوری رح | ۱۳۵ |
| ۵۱ | محمد عثمان۔ | میاں محمد عثمان دھوری | ۱۳۷ |
| ۵۲ | مراد شاہ۔ | بابا مراد شاہ دیوانہ | ۱۳۸ |
| ۵۳ | مستان شاہ۔ | شیخ مستان شاہ پشاوری۔ | ۱۳۹ |
| ۵۴ | معصوم شاہ۔ | میاں معصوم شاہ شیر قصوری رح | ۱۴۲ |


## ن


| | | | |
|---|---|---|---|
| ۵۵ | نور محمد۔ | مولوی حافظ نور محمد صاحب کھرانوالہ رح | ۱۴۶ |
| ۵۶ | نیک صالح۔ | میاں نیک صالح مخنث گاجر گولیہ رح | ۱۴۹ |
| | قطعات | | ۱۵۰ |
| | دستخط کاتب و مولف | | ۱۵۶ |


Marfat.com

# فہرست مفصل

مضامین کتاب عوارف الانوار حصه پنجم از کتاب تذکرة النوشاهیه

جلد سوم از کتاب شریف التواریخ

تصنیف سید ابوالمظفر شریف احمد شرافت قادری نوشاهی برخورداری

ساهنپالوی اصلح الله حاله ومآله •


| | |
|---|---|
| مقدمه | ٢ |
| **الف** | |
| ١ - سید احمد شاه رضوی برقندازی بدوملهی والا | ٣ |
| اولاد | ״ |
| تاریخ وفات | ״ |
| مدفن | ״ |
| مادهٔ تاریخ | ٥ |
| ٢ - خواجه اختیار شاه چشتی [illegible] | ٦ |
| اوصاف حمیده | |
| اولاد | |
| یاران طریقت | |
| مدفن | ٥ |
| شجرهٔ طریقت خواجه [illegible] | ״ |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| ٣ | حضرت مولانا سید حکیم حافظ الٰہی بخش مظہر حق برخورداری رح | ٦ |
| | ایک مرید کا مکتوب | ″ |
| | تصنیفات | ٧ |
| | روضۃ الزکیہ فی حقائق العلمیہ | ″ |
| | مفتاح الصلاح | ″ |
| | اولاد | ″ |
| | تاریخ وفات | ″ |
| | مادۂ تاریخ | ″ |
| ٤ | بابا الٰہی شاہ لاہوری رح | ٨ |
| | واقعہ بیعت | ″ |
| | مکانات کی تعمیر | ″ |
| | یارانِ طریقت | ″ |
| | تاریخ وفات | ″ |
| ٥ | میاں امام شاہ رحمانی بھڑیوالہ رح | ٩ |
| | اولاد | ″ |
| | تاریخ وفات | ″ |
| | مادۂ تاریخ | ″ |
| | شجرہ فقرائے میاں امام شاہ رح | ″ |
| | ″ ″ ″ ″ ب | ١٠ |
| ٦ | میاں باقر قوال اچھریروی رح | ١١ |
| | شجرۂ اولاد میاں باقر قوال رح | ″ |

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| ۷ | سید بڈھے شاہ فاضلشاہی لاہوری رح | ۱۲ |
| | اولاد | " |
| | تاریخ وفات | " |
| | مدفن | " |
| | مادۂ تاریخ | " |
| ۸ | بابا بہار شاہ صاحب گوجر رح | ۱۳ |
| | کرامات | " |
| | ایک وقت میں متعدد مقامات پر ظہور | " |
| | کنوؤں سے پانی برآمد ہونا | " |
| | ایک مرید کو امداد کرنا | " |
| | کیڑا کھانے سے بچانا | ۱۴ |
| | نقصان کرنے والے کا سزا پانا | " |
| | مخالف کا سزایاب ہونا | " |
| | ایک بیفرمان کو نہ سونے کی دعا | " |
| | کنوؤں میں پانی نہ ملنا | ۱۵ |
| | بیل کا مرجانا | " |
| | مزار سے دوبارہ ظہور | " |
| | یاران طریقت | " |
| | مدحیہ اشعار | " |
| | تاریخ وفات | ۱۶ |
| | مادۂ تاریخ | " |

Marfat.com

شجرۂ نسب متولیان خانقاہ بابا بہادر شاہ گوجر ۱۸

## پ

۹ شیخ پیر بخش برقندازی رح ۱۹
اولاد ؍؍
یارانِ طریقت ؍؍
مدفن ؍؍

۱۰ میاں پیر بخش ڈھولوی رح ۲۰
ابتداء ؍؍
شعر گوئی ۲۱
اولاد ۲۲
تاریخ وفات ؍؍
مادۂ تاریخ ؍؍

۱۱ میاں پیر شاہ تھرپالوی رح ۲۳
تاریخ ولادت ؍؍
تعلیم ؍؍
اولاد ؍؍
تاریخ وفات ؍؍
مادۂ تاریخ ؍؍

## ت

۱۲ شیخ تاج محمود روشن شاہی پاک پتنی رح ۲۴
اولاد ؍؍


Marfat.com

یارانِ طریقت ۲۴

مدفن 〃

شجرۂ فقرائے شیخ تاج محمود رح ۲۵

## ث

۱۳ شیخ ثابت شاہ روشن شاہی کروڑی رح ۲۶

قادریہ فیض 〃

نوٹ ۲۷

شیخ ثابت شاہ کی اولاد کا مختصر تذکرہ 〃

شجرۂ فقرائے شیخ ثابت شاہ ۲۸

〃 〃 〃 ۲۹

〃 〃 〃 ۳۰

## ج

۱۴ سید جانی شاہ میراں کنبامی رح ۳۱

[illegible]

شیخ کی [illegible]

کا [illegible]

سلسلہ فقرائے سید جانی شاہ [illegible]

۱۵ شیخ جمال شاہ [illegible] [illegible]

مسجد میں تعمیر کرانا

اوراد، ذکر و اشغال

یارِ طریقت


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| | مدفن | ۳۳ |
| ۱۶ | میاں جوایا جوڑ نوالہ رح | ۳۴ |
| | اولاد | " |

## خ

| | | |
|---|---|---|
| ۱۷ | حضرت سید خدا بخش برخورداری ساہنپالوی رح | ۳۵ |
| | مکتوب | " |
| | اولاد | ۳۶ |
| | تاریخ وفات | " |
| | مادہ تاریخ | " |

## د

| | | |
|---|---|---|
| ۱۸ | بابا دارے شاہ جھنگی والہ رح | ۳۷ |
| | اولاد | " |
| | تاریخ وفات | ۳۸ |
| | مدفن | " |
| | مادہ تاریخ | " |
| | مختصر شجرہ اولاد بابا دارے شاہ رح | " |
| | انتباہ | ۳۹ |
| ۱۹ | بابا دلیل شاہ بادشاہ ٹبہ والہ رح | ۴۰ |
| | شجرہ بیعت | " |
| | توحید کا غلبہ | " |
| | کرامات | " |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| | مکان کو آگ لگ گئی | ۴۰ |
| | آم بڑے اور چھوٹے | ۴۱ |
| | اولاد | ״ |
| | یارانِ طریقت | ״ |
| | مدفن | ۴۲ |
| | شجرۂ فقرائے بابا دلیل شاہ رح | ״ |
| | ״ ״ ״ | ۴۳ |
| ۲۰ | میاں دیدار بخش نمر قصوری رح | ۴۴ |
| | شعر خوانی | ״ |
| | اولاد | ״ |
| | یارانِ طریقت | ״ |
| | واقعۂ وفات | ״ |
| | تاریخ وفات | ۴۵ |
| | مادۂ تاریخ | ״ |
| ۲۱ | رام سنگھ گوکر لدھیانوی ثم پشاوری | ۴۶ |
| | گوکر پیشہ مسلموں کی ایک جماعت تھی | |
| | دھرم سال گوکر | ۴۷ |
| | لنگر ان حیدر جانا | ״ |
| ۲۲ | شیخ رحمان شاہ مجذوب لاہوری رح | ۴۸ |
| | شہرت کا باعث | ״ |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| | یارانِ طریقت | ۴۸ |
| ۲۳ | بابا رحمت شاہ روشن شاہی خیرپوری رح | ۴۹ |
| | شجرۂ فقرائے بابا رحمت شاہ رح | ״ |
| ۲۴ | بابا رمضان شاہ چاپلانوالہ رح | ۵۰ |
| | مجاوریت درگاہِ جیون شاہ رح | ״ |
| | اولاد | ۵۱ |
| | یارانِ طریقت | ״ |
| | مدفن | ״ |
| | مختصر شجرۂ اولادِ بابا رمضان شاہ رح | ״ |
| | شجرۂ فقرائے بابا رمضان شاہ رح | ۵۲ |
| | **س** | |
| ۲۵ | شیخ سرفراز شاہ برقندازی پٹیالوی رح | ۵۳ |
| | اپنے پیر کا روضہ تعمیر کرنا | ״ |
| | بیماروں کا شفا پانا | ״ |
| | یارانِ طریقت | ״ |
| | مدفن | ״ |
| ۲۶ | میاں سلطان و عظمت قوالان اجہریدی رح | ۵۴ |
| | شجرۂ اولاد میاں سلطان و عظمت رح | ״ |
| ۲۷ | شیخ سلطان شاہ شیرگڑھی رح | ۵۶ |
| | اسم ذات کا نقش | ״ |
| | یارانِ طریقت | ״ |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| | مدفن | ۵۷ |
| | شجرۂ فقرائے شیخ سلطان شاہ رح | 〃 |
| ۲۸ | میاں سلطان شاہ گاجر گولیہ | ۵۸ |
| | تاثیرِ زبان | 〃 |
| | طی زبان و زمین | 〃 |
| | اولاد | 〃 |
| | یارانِ طریقت | 〃 |
| | تاریخ وفات | ۵۹ |
| | مادۂ تاریخ | 〃 |
| ۲۹ | شیخ سلطان محمود اٹھر سردی رح | ۶۰ |
| | شجرہ اولاد میاں سلطان محمود اور شجرہ فقرار | 〃 |
| ۳۰ | میاں سلطان ملک سیمیاری نوشہردی رح | ۶۲ |
| | اولاد | 〃 |
| | تاریخ وفات | 〃 |
| | مادۂ تاریخ | 〃 |
| | شجرۂ فقرائے میاں سلطان ملک نوشہردی رح | ۶۳ |


## ش


| | | |
|---|---|---|
| ۳۱ | حافظ شرف الدین شاہجہان آبادی رح | ۶۴ |
| | مکتوب شریف | 〃 |
| ۳۲ | مولانا شیخ احمد فاروقی رسول نگری رح | ۶۶ |
| | نسب نامہ | 〃 |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| | اولاد | ۶۶ |
| | تاریخِ وفات | ״ |
| | قطعہ تاریخ | ۶۷ |
| | مادۂ تاریخ | ״ |

ع

| | | |
|---|---|---|
| ۳۳ | میاں عبدالغفور جھنگی والے رح | ۶۸ |
| | عبادت و ریاضت | ״ |
| | اولاد | ״ |
| | یارانِ طریقت | ״ |
| | مدح و توصیف | ۶۹ |
| | مدفن | ״ |
| ۳۴ | شیخ عظمت بھورے والے رح | ۷۰ |
| | ملازمت | ״ |
| | دھاردوالہ میں سکونت | ״ |
| | کرامات | ۷۱ |
| | کشفِ کونی | ״ |
| | نمبرداری ملنا | ״ |
| | کشتی کے کھلونے چلنے لگے | ۷۲ |
| | اولاد | ״ |
| | یارانِ طریقت | ״ |
| | تبرکات | ״ |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| | مدفن | ۷۲ |

## غ

| | | |
|---|---|---|
| ۳۵ | چودھری غازی خاں تارڑ ساہنپالوی رح | ۷۳ |
| | عبادت و ریاضت | " |
| | دربار نوشاہ عالیجاہ رح میں منظور ہونا | " |
| | اولاد | ۷۴ |
| | تاریخ وفات | " |
| | مدفن | " |
| | مادۂ تاریخ | " |
| ۳۶ | میاں غلام حیدر لکھنوالی رح | ۷۵ |
| | سفر حج | " |
| | اولاد | " |
| | مدفن | " |
| ۳۷ | خواجہ غلام محمد بہادر حسینی | ۷۶ |
| ۳۸ | فقیر سید غلام محی الدین بخاری برقندازی لاہوری رح | ۷۷ |
| | نسب نامہ | " |
| | خاندانی تحقیق | " |
| | تاریخ ولادت | ۸۰ |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| تعلیم | ۸۰ |
| بیعت و خلافت | " |
| شجرہ بیعت | " |
| لاہور میں قبولیت و بلندیٔ اقبال | ۸۳ |
| نوشاہی سلسلہ کی ترویج | " |
| خاندانِ فقیر صاحبان | " |
| کرامات | ۸۴ |
| مہاراجہ رنجیت سنگھ کے حق میں حاکم ہونے کی پیشگوئی | " |
| تصنیفات | " |
| مثنوی وحدت نامہ | " |
| نوشہ تخلص والے اشعار | ۸۵ |
| شجرہ ہائے طریقت نوشاہیہ | ۸۷ |
| اول | " |
| دوم | ۸۸ |
| سوم | ۸۹ |
| چہارم | ۹۰ |
| تشریف الفقرا | " |
| کشکول نوشاہی | ۹۱ |
| مکتوب شریف | " |
| معترفینِ کمالات | ۹۳ |
| اولاد | ۹۴ |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| | شاگردانِ رشید | ۹۴ |
| | یارانِ طریقت | ۹۵ |
| | تاریخ وفات | " |
| | مدفن | " |
| | نقل کتبہ سطر بسطر | " |
| ۳۹ | میاں غلام مصطفیٰ تترقیوری رح | ۹۶ |
| | تاریخ ولادت | " |
| | معمولات | " |
| | کرامات | " |
| | دریا کو دُور ہٹانا | " |
| | غائبانہ امداد کرنا | ۹۷ |
| | آپ کے کمال کا اعتراف | " |
| | اولاد | " |
| | یارانِ طریقت | " |
| | تاریخ وفات | " |
| | مادۂ تاریخ | ۹۸ |
| | ف | |
| ۴۰ | فقیر فضل الدین برقندازی کہ ہندنوالیہ رح | ۹۹ |
| | بیعت و خلافت | ۱۰۰ |
| | وزارتِ کشمیر | " |
| | تعمیر درگاہِ شیخ طاہر بندگی رح | ۱۰۱ |
| | جاگیر ملنا | " |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| ایک دستاویز کی نقل | ۱۰۲ |
| حلیہ و لباس | ۱۰۵ |
| اولاد | ″ |
| ورثائے فقیر صاحب | ″ |
| یارانِ طریقت | ″ |
| زمانہ حیات | ۱۰۶ |
| شجرۂ ورثائے فقیر فضل الدین برقندازی رح | ″ |
| فارسی کلام طور | ۱۰۷ |
| اردو کلام طور | ″ |
| ۱۴ مولانا شاہ فقیر اللہ برقندازی کلانوری رح | ۱۰۸ |
| بکریاں کی سکونت | ″ |
| طبی معالجہ | ۱۰۹ |
| ایک بیمار کا قدرتی علاج | ۱۱۰ |
| شاہ فقیر اللہ مورخین کی نظر میں | ″ |
| تصنیف | ۱۱۱ |
| سرِ مکنون کے چند خطی نسخے | ۱۱۳ |
| پہلے نسخہ کا دستخط | ″ |
| اولاد | ۱۱۴ |
| یارانِ طریقت | ″ |
| شجرہ فقرائے شاہ فقیر اللہ برقندازی رح | ۱۱۵ |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| ۴۲ چودھری حافظ فیض بخش نارڑ اگردیتہ رح | ۱۱۶ |
| تعلیم وحصولِ طریقت | " |
| عبادت | " |
| شعرگوئی | " |
| باغو طوائف کے متعلق | ۱۱۷ |
| اولاد | ۱۱۸ |

ک

| | |
|---|---|
| ۴۳ میاں کالا بر تفنداری بڑھکی والا رح | ۱۱۹ |
| ولادت | ۱۲۰ |
| واقعہ بیعت | " |
| قصیدہ غوثیہ کا وظیفہ | " |
| درگاہِ نوشاہِ عالیجاہ رح کی زیارت | ۱۲۱ |
| سخاوت ومہمان نوازی | " |
| حلیہ | " |
| کرامات | " |
| بچہ پیدا ہونے کی دعا | " |
| باز کا دام میں آنا | ۱۲۲ |
| ایک گستاخ کو سزا | ۱۲۳ |
| اولاد | " |
| یارانِ طریقت | ۱۲۴ |
| مدفن | |


Marfat.com

۴۴ میاں کرم الٰہی شترتیوری رح ۱۲۵
تعلیم 〃
اولاد 〃
یارِ طریقت 〃
تاریخِ وفات 〃
مادۂ تاریخ 〃

۴۵ مولوی حکیم کرم الٰہی گاجر گولیہ رح ۱۲۶
استخراجِ کرم الٰہی ہر اسم سے 〃
رباعی 〃
اولاد 〃
مدفن 〃

۴۶ راجہ کرم سنگھ پٹیالوی رح ۱۲۷
نسب نامہ 〃
ریاستِ پٹیالہ 〃
اولاد 〃
تاریخ وفات 〃
مختصر شجرہ اولاد راجہ کرم سنگھ 〃


## م


۴۷ مولانا محمد اعظم انصاری برقندازی جالندھری ۱۲۸
نسب نامہ 〃
تعلیم بیعت۔ ریاضت 〃


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| | علومِ مختلفہ میں مہارت | ۱۲۹ |
| | اولاد | ״ |
| | شاگردانِ رشید | ״ |
| | یارانِ طریقت | ۱۳۰ |
| | تاریخِ وفات | ״ |
| | قطعۂ تاریخ | ۱۳۱ |
| | مادۂ تاریخ | ״ |
| | مختصر تذکرۂ اولادِ مولانا محمد اعظم رح | ״ |
| ۴۸ | میاں محمد بخش جھنگی والہ رح | ۱۳۲ |
| | اولاد | ״ |
| ۴۹ | میاں محمد بخش تر تیوری رح | ۱۳۳ |
| | اخلاق و عادات | ״ |
| | اولاد | ״ |
| | یارانِ طریقت | ״ |
| | مدحیہ اشعار | ״ |
| | واقعۂ وفات | ۱۳۴ |
| | تاریخِ وفات | |
| | مادۂ تاریخ | ״ |
| ۵۰ | مرزا محمد بیگ لاہوری رح | [illegible] |
| | تعمیر مکانات | |
| | عمر کا اختتام | |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| | زمانہ حیات | ۱۳۵ |
| | مدفن | ״ |
| | شجرۂ فقرائے مرزا محمد بیگ رح | ۱۳۶ |
| ۵۱ | میاں محمد عثمان ڈھولوی رح | ۱۳۷ |
| | خدماتِ مرشد | ״ |
| | اولاد | ״ |
| | تاریخِ وفات | ״ |
| | مادۂ تاریخ | ״ |
| ۵۲ | بابا مراد شاہ ہردیو والہ رح | ۱۳۸ |
| | اولاد | ״ |
| | یارِ طریقت | ״ |
| | تاریخ وفات | ״ |
| | مدفن | ״ |
| ۵۳ | شیخ مستان شاہ پشاوری رح | ۱۳۹ |
| | وجد و سماع | ״ |
| | یارانِ طریقت | ״ |
| | تاریخِ وفات | ۱۴۰ |
| | مدفن | ״ |
| | مادۂ تاریخ | ״ |
| | شجرۂ فقرائے شیخ مستان شاہ رح | ۱۴۱ |
| ۵۴ | میاں معصوم شاہ نور قصوری رح | ۱۴۲ |
| | وجہ تسمیہ | ״ |


130499

Marfat.com

تاریخ پیدائش ١٤٢

اخلاق "

رضا نامہ کی تحریر ١٤٣

کرامات ١٤٤

اولاد ہونے کی دعا "

ایک گستاخ کو سزا ملنا "

سجادہ نشین نوشہروی کا خائف ہونا "

اولاد ١٤٥

تبرکات "

تاریخ وفات "

مدفن "


## ن


مولوی حافظ نور محمد صاحب کھرلانوالہ رح ١٤٦

عطائے خلافت "

غائبانہ امداد کرنا "

اولاد ١٤٧

یاران طریقت "

مدفن "

مختصر تذکرہ اولاد مولوی حافظ نور محمد رح "

شجرہ فقرائے مولوی حافظ نور محمد رح ١٤٨


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| ۵۶ | میاں نیک صالح فخنش گاجر گولہ رح | ۱۴۹ |
| | دستخط | 〃 |
| | زمانۂ حیات | 〃 |
| | تمت | 〃 |
| | کتابیات | ۱۵۰ |
| | دستخط کاتب و مولف | ۱۵۶ |


Marfat.com

# شریف التواریخ

جلد سوم الموسوم بہ

# تذکرۃ النوشاھیہ

پانچواں حصہ

الملقب بہ

# عوارف الانوار

اس میں

ان لوگوں کا تذکرہ ہے جو حضرت نوشہ گنج بخش قدس سرہٗ
کے پانچویں نسبت مرید ہیں بترتیب حروف تہجی ذکر کیے گئے ہیں

از تصنیف

خادم اہل اللہ فقیر ابو الظفر سید شریف احمد شرافت نوشاہی
کان اللہ لہ
مقیم ساہن پال شریف ضلع گجرات پنجاب

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین ۔ والصلوٰۃ والسلام علی رسولہٖ محمد وآلہٖ واصحابہٖ اجمعین ۔

امابعد

اس سے پہلے کتاب شریف التواریخ کی تیسری جلد الموسوم بہ تذکرۃ النوشاھیہ کے چار حصے مکمل لکھے جا چکے ہیں ۔ اب یہ اس کا پانچواں حصہ ہے جس کا نام عوارف الانوار رکھا گیا ہے ۔ اس میں اُن حضرات کے حالات درج ہیں جو حضرت شیخ الاسلام شاہ حاجی محمد نوشہ گنج بخش قادری قدس سرہ العزیز کے مریدوں میں سے پانچویں پُشت ہیں ۔ یعنی جن کا سلسلہ بیعت حضور پُرنور تک پانچ پشت میں ملتا ہے ۔ بترتیب حروف تہجی اُن کا ذکر کیا گیا ہے ۔ واللہ المستعان وعلیہ التکلان ۔

سید ابوالظفر شریف احمد شرافت نوشاہی
کان اللہ لہٗ

مقام ساہن پال شریف ۔
تحصیل پھالیہ ضلع گجرات
۱۶ جمادی الاخریٰ ۱۳۹۱ھ
۸ اگست ۱۹۷۱ء ۔

Marfat.com

# الف

(۱)

## احمد شاہ

### سید احمد شاہ رضوی برقندازی بدوملھی والرح

آپ کے والد کا نام سید فاضل شاہ تھا۔ ابن سید زاہد بن سید محمد صالح بن سید ابو المعالی۔ اولاد امجاد حضرت سید عمر رض سے تھے۔ آپ کا سلسلہ نسب حضرت امام علی رضا رض تک منتہی ہوتا ہے۔ [1]

آپ اپنے چچا سید صدر الدین رضوی مشہدی بہادلپوری رح کے مرید و خلیفہ تھے۔ بڑے صاحب یمن و برکت تھے۔

**اولاد** | آپ کے فرزند ارجمند سید فقیر اللہ شاہ صاحب کامل اولیاء اللہ سے تھے۔ آپ کے ہی مرید و خلیفہ تھے۔

**تاریخ وفات** | سید احمد شاہ صاحب رح کی وفات ۱۲۹۱ھ ایکہزار دوسو اکانوے ہجری۔ مطابق ۱۸۷۴ء ایکہزار آٹھ سو چوہتر عیسوی میں بعہد سلطنت ملکہ وکٹوریہ ہوئی۔ ۱۷ سنہ جلوسی تھا۔

**مدفن** | آپ کی قبر بدوملھی ضلع سیالکوٹ میں ہے۔ مادۂ تاریخ

"احمد شاہ ارج بہشت مکان" ۱۲۹۱ھ

---

[1] حاشیہ تحفہ اخوان الصفا ص۳ شرافت۔

(۲)

# اختیار شاہ

## خواجہ اختیار شاہ چنیاں والہ رح

فرزند دوم میاں بیبا ولد میاں محمد زمان بن صوفی شیخ صالح محمد صاحب رح قوم جنجوعہ۔ ساکن موضع چنیاں متصل قصبہ امن آباد۔ ضلع گوجرانوالہ۔

آپ کا نام اختیار شاہ مشہور نام مختیار شاہ تھا۔ اپنے بڑے بھائی میاں اعظم شاہ صاحب رح سے بیعت کر کے خلافت پائی۔

**اوصاف حمیدہ** آپ ہر وقت کلمہ طیبہ کا ذکر کیا کرتے۔ صاحب سماع و وجد و ذوق و شوق تھے۔ دنیاوی مال و جاہ بھی کافی تھا۔ اپنے بڑے بھائی میاں اعظم شاہ صاحب کے مزار پر ہشت پہلو گنبد تیار کروایا۔

**اولاد** آپ کا ایک بیٹا میاں عمر شاہ نام تھا۔

اس کی اولاد کی تفصیل کتاب ہذا تذکرۃ النوشاھیہ کے دوسرے حصہ موسوم بہ لطائف الاخیار میں آپ کے پردادا میاں صالح محمد چنیانوالہ رح کے ذکر میں لکھی جا چکی ہے اعادہ کی ضرورت نہیں۔

**یاران طریقت** آپ کے خواص درویش یہ تھے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | میاں عمر شاہ فرزند | چنیاں | ضلع گوجرانوالہ |
| ۲ | میاں دسوندھی شاہ ولد عمر شاہ نبیرہ | " | " |
| ۳ | بابا چنن شاہ مجاور درگاہ شیخ صالح محمد | " | " |
| ۴ | بابا پیر شاہ | کوٹلی نواب | " |

Marfat.com

۵ بابا نعامت شاہ بافندہ مارے وائیں گوجرانوالہ

۶ بابا بادھے شاہ پیسیاں ”

۷ بابا بلھے شاہ شہیر ”

۸ شیخ جوائے شاہ بن شیخ فتح الدین سلیمانی رسول نگر ”

- یہ حضرت سخی شاہ سلیمان نوری رح کی اولاد سے تھے۔ ان کا ذکر شریف التواریخ کی دوسری جلد موسوم بہ طبقات النوشاہیہ کے چوتھے طبقہ میں گزر چکا ہے۔

مدفن | خواجہ اختیار شاہ کا روضہ ہشت پہلو۔ موضع جینیاں۔ ضلع گوجرانوالہ میں اپنے بھائی صاحب میاں اعظم شاہ کے قدموں میں ہے۔

## شجرہ فقرائے خواجہ اختیار شاہ جینیانوالہ رح

بابا چمن شاہ۔ مجاور درگاہ شیخ صالح محمد جینیانوالہ

بابا بگے شاہ۔ مجاور درگاہ

میاں نواب دین ولد فقیر محمد جینیانوالہ

میاں اللہ دتہ جینیانوالہ

بابا پیر شاہ۔ کوٹلی نواب ضلع گوجرانوالہ

بابا افضل شاہ۔ کوٹلی نواب

میاں دسندھی شاہ ولد عمر شاہ بیرؒ

میاں پیر محمد ولد کرم شاہ جینیانوالہ

میاں فقیر محمد ولد پیر محمد جینیانوالہ

بابا بھاگ دین ورک۔ مارے وائیں

میاں غلام رسول ولد نواب دین جینیانوالہ

احمد دین ولد سلطان ...

جینیانوالہ ... ۱۲۰۰ ...

بابا نتھے شاہ۔ کوٹلی نواب

میاں جلال الدین ولد فقیر محمد جینیانوالہ

بابا الٰہی بخش سندھو جینیانوالہ

بابا غلام شاہ۔ کوٹ جے سنگھ ضلع گوجرانوالہ

میاں صالح محمد ولد غلام شاہ۔ کوٹ جے سنگھ

متوفی ۱۹۳۸ء ... مطابق

۲ ذیقعد ۱۳۵۷ھ ... ۱۳ ... ۴۶۵

سائیں عنایت علی

سائیں حاکم شاہ

سائیں محمد دین

سائیں غلام محمد

... 

غلام نبی

Marfat.com

( ۳ )

## الٰہی بخش

### حضرت مولانا سید حکیم حافظ الٰہی بخش مظہر حق قدس سرہ العزیز

آپ حضرت مولانا سید حافظ نور اللہ صاحب خجستہ صفات متقی رسول نگر۔ ابن سید حافظ محمد حیات ربانی نوشاہی برخورداری ساہنپالوی رح کے فرزند اکبر اور مرید و خلیفہ اعظم و سجادہ نشین تھے۔ علم فقہ و حدیث و تصوف و طب میں کامل تھے۔

آپ کے مفصل حالات کتاب شریف التواریخ کی دوسری جلد موسوم بہ طبقات النوشاہیہ کے پہلے اور دوسرے طبقہ میں لکھے جا چکے ہیں۔ اعادہ کی ضرورت نہیں۔ یہاں وہ باتیں لکھی جاتی ہیں۔ جو پہلے نہیں درج ہو سکیں۔

**ایک مرید کا مکتوب** | کسی مرید نے آپ کو یہ مکتوب لکھا۔ جو درج کیا جاتا ہے۔

" حضرت صاحب فیض رسان کرم گستر ہر دو جہان حضرت الٰہی بخش جیو دام اقبالہٗ

۔ غلامان غلام عبودیت التیام بعد از بندگی و نیاز معروض میدارد۔ احوال طرفین از فضل الٰہی و اقبال عالی ہمہ وجوہ مقرون خیر۔ غریب نواز من صورت این ست کہ این غلام را براہ توجہ چودھری صاحب جیو کاربار دیہات تلونڈی بخشیدہ۔ لیکن این غلام راضی نیست کہ شب و روز در خدمت حضرت نوشہ گنج بخش جیو و آن صاحب منتظر میماند اللہ تعالیٰ چنان سببے سازد کہ این غلام باز بخدمت آن ذات گرامی شرفیاب باشد۔ انشاء اللہ تعالیٰ بعرصہ اندک محمد خان بمعہ خرچ عمارت خانقاہ شرفیاب حضور خواہند ہر وجہ خاطر شریف جمع فرمایند۔ حضرت صاحب عرصہ شش ماہ منقضی گشتہ است کہ میان کرم الدین و لطف الدین در تلونڈی بصحوب این غلام سکونت دارند۔ انشاء اللہ در سبیلہ

Marfat.com

بھڑی حضرت پاک رحمان جیو خواہند رسید خاطر جمع فرمائند۔ و بخدمت ہمہ صاحبان
سلام برسد۔ بجلدی کابلی عبارات مختصر نوشتہ شدہ۔ و آں صاحب حضور حضرت
گنج بخش جیو عرض سفر نمودہ باشند کہ ایں غلام را باز بحضور خود طلب [illegible]۔ و بخدمت
چوہدری غازی خاں و نجابت خاں وغیرہ زمینداران و برخورداراں حمیدا دعائے خیر
بادہ۔ ۲۲ [ فیض محمد شاہجی قلمی جلد اول صفحہ ۸۲۱ ]

## تصنیفات

آپ کی متعدد تصانیف ہیں۔

۱۔ **روضۃ الزکیہ فی حقائق العلیہ** ۔ یہ آپ کے ہاتھ کا لکھا ہوا قلمی مخطوطہ تھا۔ جو
میں نے ۱۳۷۸ھ ایک ہزار تین سو اٹھہتر ہجری میں مرتب کیا۔

۲۔ **مفتاح العلاج ۔ المعروف مجربات شاہ الٰہی بخش** ۔ یہ [illegible]
بھی ۱۳۷۸ھ ایک ہزار تین سو اٹھہتر ہجری میں مرتب کیا۔

**اولاد** | آپ کے تین بیٹے تھے۔

۱ سید حافظ فضل احمد بابرکات بوشاہ ثانی

۲ سید غلام احمد المعروف بہ بڈھے شاہ

۳ سید فیض احمد المعروف بہ ملکھی شاہ دلاوری

**تاریخ وفات** | سید حافظ الٰہی بخش کی وفات ہفتہ ساتویں شعبان ۱۲۵۳ [illegible]
دو سو تریپن ہجری مطابق پانچویں ۱۸۹۳ء [illegible]
بوقت ابوالظفر سراج الدین محمد بہادر شاہ ظفر کی [illegible]
رنجیت سنگھ کی لاہور کی حکومت پر [illegible] تھا

مادہ تاریخ

[illegible]

( ۴ )

# الٰہی شاہ

## بابا الٰہی شاہ لاہوری رح

آپ قوم ارائیں۔ موچی دروازہ لاہور کے باشندہ تھے۔ پیشہ زراعت کیا کرتے۔

**واقعہ بیعت** | ایک روز آپ ہل چلا کر تھک گئے۔ دوپہر شاہ کنتھ صاحب کے مزار کے پاس درخت ون (بیلو) کے نیچے سو گئے۔ خواب میں شاہ کنتھ صاحب رح کا دیدار ہوا۔ انہوں نے اپنے سینہ سے لگا کر روحانی فیض عطا کیا اور فرمایا نوشاہی خاندان میں مرید ہو جاؤ۔ آپ بیدار ہوئے۔ اور اٹھ کر شہر میں پھرنے لگے جب چوک ستی میں پہنچے تو بابا کامے شاہ فقیر نوشاہی گھوڑی پر سوار سامنے سے آتے ہے۔ انہوں نے خود ہی بلایا الٰہی شاہ اِدھر آؤ۔ آپ اُن کے مرید ہو گئے۔ انہوں نے فیض عشق عطا کیا اور دربار شاہ کنتھ پر رہنے کا حکم فرمایا چنانچہ آپ ساری عمر اسی درگاہ کی مجاورت کرتے رہے۔

**مکانات کی تعمیر** | آپ اپنے چہرہ پر نقاب رکھتے تھے۔ مہاراجہ رنجیت سنگھ نے آپ کے رہنے کے واسطے ایک بیٹھک تیار کرا دی[1]۔ آپ نے وہاں چند حجرے۔ اور ۱۲۲۱ھ/۱۸۰۶ء میں ایک دو منزلہ چوبارہ تعمیر کیا۔ کتاب تاریخ لاہور کنہیا لعل میں بھی اس کا تذکرہ ہے۔

[2] "ایک چوبارہ اس احاطہ کے اندر الٰہی شاہ مجاور نے دو منزلہ بنوایا تھا جو اب تک موجود ہے۔"

**یاران طریقت** | آپ کے خواص اصحاب یہ تھے۔

۱۔ بابا بھیکھے شاہ باشندہ لاہوری رح
۲۔ بابا جواہر شاہ تیلی لاہوری رح
۳۔ بابا محمد بخش ارائیں۔ سوہر دروازہ لاہوری رح
۴۔ میاں اللہ بخش ارائیں۔ بھاٹی دروازہ لاہوری

**تاریخ وفات** | بابا الٰہی شاہ کی وفات اکیسویں[21] جیٹھ سمت کو ہوئی۔ مزار بیرون موچی دروازہ لاہور مقبرہ شاہ کنتھ کے اندر شرقی جانب ہے۔ میں کئی بار زیارت سے مشرف ہو چکا ہوں۔

---

[1] فیض محمد شاہی قلمی جلد اول ص ۲۱ [2] تاریخ لاہور ص ۳۳۰ شرافت

Marfat.com

# امام شاہ

## میاں امام شاہ رحمانی بھڑی والرح

خلف الرشید میاں نور شاہ صاحب۔ اپنے دادا میاں محمد زمان بھڑی والرح کے مرید تھے۔
آپ کا ذکر شریف التواریخ کی دوسری جلد۔ موسوم بہ طبقات النوشاہیہ کے پانچویں طبقہ میں مفصل لکھا جا چکا ہے۔ تکرار کی ضرورت نہیں۔ آپ کی سکونت بھڑی شاہ رحمان ضلع گوجرانوالہ میں تھی۔

**اولاد** | آپ کے دو بیٹے تھے۔

۱ ۔ میاں پیر بخش المعروف پیر شاہ صاحب رح

۲ ۔ میاں جمعیت شاہ مجذوب رح

**تاریخ وفات** | میاں امام شاہ کی وفات منگلوار۔ بائیسویں جمادی الآخرے ۱۲۶۵ھ ایک ہزار دو سو پینسٹھ ہجری مطابق پندرھویں مئی ۱۸۴۹ء ایک ہزار آٹھ سو انچاس عیسوی میں بعہد دلیپ سنگھ ولد رنجیت سنگھ حاکم لاہور ہوئی۔ سنہ ساتواں جلوسی تھا۔
اُس وقت لارڈ ڈلہوزی کی گورنری کا دوسرا سال تھا۔ مادہ تاریخ — ولی بیدار بخت ۱۲۶۵ھ

### شجرۂ فقرائے میاں امام شاہ بھڑوالہ

بابا بکر نگی شاہ۔ ینج ضلع لاہور
بابا عیسے شاہ ״ ״
بابا بوٹے شاہ۔ موکھ ضلع گوجرانوالہ
پیر مسمل شاہ گاڈی بیٹ — مرزا کمال الدین تابانی
پیر بارے شاہ
نواب المعروف بوہڑ شاہ
۱۳۸۴ھ تک وارث موجود ہے
غلام محمد تیلی وزیر
[illegible]

بابا عمر بخش۔ رتہ ڈھوتھرا — پیر عباس علی شاہ
بابا گھنا ماہی اسکیرا
پیر رنگ ھوتھر
بابا ملی بھرول
علم دین۔ ساتن حکیم رہتص شاہ کوٹ ضلع شیخوپورہ

بابا پیر شاہ
بابا لال شاہ

بابا [illegible]
بابا پیر بخش

Marfat.com

# شجرہ فقرائے میاں امام شاہ بھڑوالہ




Marfat.com

# ب

(۶)

## باقر

### میاں باقر قوال اجہریدی رح

یہ شخص روشن‌دین صاحب اجہریدی رح کا مرید راسخ الاعتقاد اور اُن کا قوال خاص تھا۔ جب مجلس میں قوالی کرتا تو سامعین کو سخت تاثیر ہوتی تھی۔ موضع اجہریدا۔ ضلع بہاولنگر میں سکونت تھی۔

#### شجرہ اولادِ میاں باقر قوال رح

- میاں باقر کے دو ۲ بیٹے تھے۔ نور محمد اور مسلم۔
- نور محمد کے تین بیٹے تھے۔ غلام اللہ ولد۔ بکھو اور رکھو صاحب اولاد۔
- بکھو کا ایک بیٹا احمد بخش نام تھا۔ جو بے اولاد فوت ہوا۔
- رکھو ولد نور محمد کا ایک بیٹا باقر نام تھا۔
- باقر کا ایک بیٹا حیدر بخش تھا۔ جو بے اولاد دنیا سے گذر گیا۔
- [illegible] ولد میاں باقر [illegible] بیٹے تھے۔ خدا بخش [illegible] [illegible] بے اولاد فوت ہو گئے۔

Marfat.com

( ۷ )

## بڈھے شاہ

### سید بڈھے شاہ فاضلشاہی لاہوری ؒ

آپ سادات بخاری سے تھے۔ شیخ کریم شاہ لاہوری ؒ سے خرقہ خلافت حاصل کیا۔ وہ مرید داتا فاضل شاہ قلندر لاہوری ؒ کے۔

آپ کا سلسلہ فقر دار شاد لاہور میں کافی تھا۔ صاحب خوارق و کرامات تھے۔

**اولاد** | آپ کا ایک بیٹا سید رمضان شاہ لاہوری ؒ تھا۔ جو آپ کا ہی مرید و خلیفہ تھا۔

**تاریخ وفات** | سید بڈھے شاہ کی وفات ۸ آٹھویں ماہ ذی الحجہ ۱۲۶۳ھ ایک ہزار دو سو ترسٹھ ہجری مطابق ستائیسویں نومبر ۱۸۴۷ء ایک ہزار آٹھ سو سینتالیس عیسوی میں بعہد دلیپ سنگھ ولد رنجیت سنگھ حاکم لاہور ہوئی۔ شہ پانچواں جلوسی تھا۔ اسوقت لارڈ ہارڈنگ کی گورنری کا چوتھا سال تھا۔

**مدفن** | آپ کا مزار بیرون بھاٹی دروازہ لاہور میں حضرت داتا گنج بخش ؒ سے شمالی طرف ہے۔ ۱۳۰۴ھ ایک ہزار تین سو چار ہجری مطابق ۱۸۸۶ء ایک ہزار آٹھ سو چھیاسی عیسوی میں آپ کے پوتے سید سردار شاہ ولد سید رمضان شاہ نے روضہ بنوایا جو تا حال موجود ہے۔

### مادۂ تاریخ

"مظہر حسن" ۱۲۶۳ھ

Marfat.com

(۸)

# بہادر شاہ

## بابا بہادر شاہ صاحب گوجر

آپ قوم گوجر گوت کسانہ سے موضع مکیانہ ضلع گجرات کے باشندہ تھے۔ والد کا نام میاں بگا تھا۔ وہ بھی درویش خیال تھے۔ سید حسین شاہ سناوری ایک مرتبہ مکیانہ میں آئے۔ آپ نے دہیں بیعت اختیار کی۔ انہوں نے آپ کو اپنے مرشد بابا ماہی شاہ صاحب جھنگی والہ کی خدمت میں بھیجا۔ اور خود اپنے وطن واپس چلے گئے۔ آپ کو جو کچھ عطا ہوا دادا مرشد صاحب سے حاصل ہوا۔ آپ نے اُن کی خدمت میں ایک گھوڑا اور پوشاک نذر کی۔ انہوں نے گوشہ عنایت خاں میں رہنے کا آپ کو ارشاد فرمایا۔ ۱؎

### کرامات

آپ صاحب خوارق وکرامات تھے۔

**ایک وقت میں متعدد مقامات پر ظہور** آپ ایک مرتبہ ملک وال اور گوشہ عنایت خاں میں ایک ہی وقت میں دو مقامات پر دیکھے گئے۔ ۲؎

**کنوئیں سے پانی برآمد ہونا** ایک شخص دادبخش نامی نے کنواں [illegible] ہاتھ نیچے تک کھود کرتے گئے مگر نہیں آتا تھا۔ آپ [illegible] پانی اوپر آگیا۔ ۳؎

**ایک مرید کو امداد کرنا** ایک مراثی [illegible]

۱؎ فیض محمد شاہی قلمی جلد ۱ صفحہ ۱۱۱ ۲؎ ایضاً جلد ۲ صفحہ ۹۶۹ ۳؎ ایضاً جلد ۲ صفحہ ۱۱۱ [illegible]

Marfat.com

موضع بھینسکے جیمہ کی ڈھاب میں وہ جبراً داخل ہو گیا۔ ہر چند نکالتا، مگر وہ بھینسا نہ نکلتا۔ اُس نے آپ کو یاد کیا کہ اگر میرا پیر بہادر شاہ سچا ہے۔ تو بھینسا نکال دیگا۔ چنانچہ اُسی وقت وہ بھینسا خود بخود نکل آیا۔ جب کوٹ عنایت خاں میں پہنچا تو آپ نے خود بخود فرمایا کہ تو بُڈھے فقیر کو ڈھاب میں ٹُبّی لگواتا ہے۔

**کپڑا کھانے سے بچانا** لدھا ولد مزادار ولد کریم بخش قوم ادجلہ ساکن ادجلہ خورد بیان کرتا ہے کہ میرا دادا کریم بخش بچپن میں اپنے کپڑے کھاتا تھا اور کہتا تھا کہ مجھے ایسی لذت آتی تھی جیسے ملائی کھانے سے۔ اور چھوڑتا نہیں تھا۔ میری دادی مسمات صاحبزادی نے دستار اور الائچہ شیخ بہادر شاہ صاحب رح کو نذرانہ دیا۔ انہوں نے دعا کی تو وہ کپڑے کھانا چھوڑ گیا۔ [۴]

**نقصان کرنے والے کا سزا پانا** ایکبار راجہ رنجیت سنگھ کا کوئی سپاہی آپ کے کھیت سے سبز چارہ بلا اجازت کاٹ کرلے گیا اور راجہ کے گھوڑوں کے آگے ڈال دیا۔ جن گھوڑوں نے کھایا وہ مر گئے۔ راجہ کو پتہ چلا تو بمعہ اپنی پھوپھی سیواں کے آپ کی خدمت میں آیا اور معافی لی۔ اور اٹھارہ گھماؤں زمین آپ کے بھتیجا میاں قادر بخش کو دے گیا [۵]

**مخالف کا سزا یاب ہونا** ایکبار راجہ رنجیت سنگھ کا کوئی کاردار آپ کی زمین سے مالیہ وصول کرنے آیا تو آپ نے کہا کہ اس میں غلہ فقیروں کے واسطے پیدا ہوتا ہے۔ اس کا کوئی مالیہ نہیں دیں گے۔ اُس نے کچھ گستاخانہ کلام کیا۔ امر الٰہی سے ہوا کا ایک ایسا گولا آیا جس سے وہ گھوڑے سے اُلٹ کر گر پڑا۔ آخر تائب ہوا اور سات گھماؤں زمین بھی آپ کے بھتیجا میاں قادر بخش کو دے گیا۔ [۶]

**ایک بیفرمان کو نہ سونے کی دُعا** ایک مرتبہ بارش میں آپ کے [illegible] کا چھت ٹپکنے لگا۔ آپ

---

[۴] فیض محمد شاہی قلمی جلد ۲ - ص۴۷۸ [۵] ایضاً جلد ۲ ص [illegible] [۶] ایضاً ص [illegible] مترادف۔

فرمایا۔ کہ کوئی شخص اوپر چڑھ کر قطرہ ٹپکنا بند کر دے۔ ایک خادم نے کوٹھے پر چڑھ کر سوراخ بند کر دیا۔ مسمی ڈیڈو زمیندار جاگتا تھا۔ مگر اُس نے عمداً ایسا نہیں کی۔ آپ نے فرمایا ڈیڈو۔ تم کبھی رات کو نہ سو سکو گے۔ چنانچہ تمام عمر وہ رات کو پھرتا رہتا تھا۔ ؎

**کنوئیں میں پانی نہ ملنا** | ایک مرتبہ آپ کا ایک درویش آپ کی گائیں چرانے گیا۔ ذیلداروں نے اس کو روک دیا۔ کہ یہاں ہم نے کنواں لگوانا ہے۔ تم گائیں لے جاؤ۔ آپ نے جب سنا تو فرمایا کہ وہاں سے اُن کو پانی نہیں ملے گا۔ چنانچہ جب اُنہوں نے کنواں کھدوایا تو نیچے سے پانی نہ آیا۔ ؎

**بیل کا مر جانا** | ایک روز آپ اور آپ کا بڑا بھائی اکٹھے ہل چلا رہے تھے۔ آپ نے کہا کہ ہمارے ڈیرہ پر چند درویش آئے ہیں۔ مجھ کو جانے کی اجازت دو۔ بھائی نے کہا کہ تھوڑا سا کام باقی ہے۔ زمین واہ کر جانا۔ آپ نے کہا کہ اگر ایک بیل مر جائے تو پھر تو تم اکیلے ہی ہل چلاؤ گے۔ چنانچہ اسی وقت ایک بیل مر گیا۔ اور آپ درویشوں کے پاس چلے گئے۔ ؎

**مزار سے دوبارہ ظہور** | آپ کی وفات سے چھ سال بعد میاں خدا بخش والد [illegible] کو خواب میں ملے اور کہا کہ یہاں [illegible] کی وجہ [illegible] آتی ہے [illegible] سے آپ کا تابوت نکال کر [illegible] دفن کیا گیا [illegible] تازہ تھا۔ ؎

آپ کی [illegible]

[illegible]

؎ [illegible]

**یارانِ طریقت** آپ کے خواص درویش یہ تھے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | شیخ شرف الدین بن ناصر الدین سلیمانی رح | ساہن پال شریف | ضلع گجرات |
| ۲ | میاں قادر بخش ولد اللہ دتہ گوجر - برادر زادہ | کوٹ عنایت خاں | گوجرانوالہ |
| ۳ | میاں خدا بخش ولد قادر بخش گوجر | ″ | ″ |
| ۴ | میاں دیوان علی ولد قادر بخش گوجر | ″ | ″ |
| ۵ | چوہدری نوح دین | گکھڑ والہ | ″ |
| ۶ | چوہدری حسن محمد گھمن | ماجرا کلاں | سیالکوٹ |
| ۷ | سائیں نتھو شاہ | ملکھانوالہ | ″ |
| ۸ | سائیں نظام دین نومسلم (سابقہ نام جونت سنگھ) | سلہو کے | ″ |
| ۹ | مہر فقیر بخش | بچیال | جموں |
| ۱۰ | سائیں جواہر شاہ | | |
| ۱۱ | سائیں مستان شاہ | | |
| ۱۲ | سائیں الف شاہ - اسکا ایک مرید مہر شاہ نامی تھا۔ | | |
| ۱۳ | سائیں دسندھی | | |
| ۱۴ | میاں کالا مراسی شاعر | | |

**مدحیہ اشعار** آپ کی تعریف میں میاں کالا مراسی نے ایک سیحرفی بنائی۔ جس کے دو اشعار نقل کئے جاتے ہیں۔

ن
زور نامیں اچھے ہو میںنوں اُٹھے بہر میں نام دھیاوناہاں
تیرے نام توں میں قربان جاواں منتھو کے سیس نواوناہاں
الیس غم نے مار بیمار کیتا تیںنوں کھول کے حال سناوناہاں
بہادر شاہ سائیں بیڑا بنے لائیں تیرے نت دیدار نوں چاہوناہاں

Marfat.com

سن سخی بہادر شاہ نام تیرا روشن جگ سارے مشہور سائیں
تیرا قد سوہنا سرو باغ اندر تیرے چہرے تے برسدا نور سائیں
عنایت خاں دا کوٹ مشہور ہویا جویں موسیٰ دے نال کوہ طور سائیں
بہادر شاہ سائیں بڑا بنے لائیں تیری عرض حضور منظور سائیں

**تاریخ وفات** | بابا بہادر شاہ صاحب رح کی وفات جمعرات ۔ چودھویں ۱۴ صفر ۱۲۸۳ھ ایک ہزار دو سو تراسی ہجری ۔ مطابق اٹھائیسویں ۲۸ جون ۱۸۶۶ء انگریزی آٹھ سو چھیاسٹھ عیسوی میں بعہد سلطنت ملکہ وکٹوریہ ہوئی ۔ ۱۸۶۶ء دسواں جلوسی تھا ۔
آپ کا مزار کوٹ عنایت خاں ضلع گوجرانوالہ میں گاؤں سے مغربی جانب ہے سالانہ عرس گیارہ ہاڑ کو ہوا کرتا ہے ۔ ؎

## مادہ تاریخ

" مکان بے نظیر "     ۱۲۸۳ھ

## شجرہ نسب متولیان خانقاہ بابا بہادر شاہ گوجر

- میاں سگا گوجر ساکن ملیانہ ضلع گجرات کے دو ۲ بیٹے تھے ۔ میاں اللہ دتہ اور بابا بہادر شاہ فقیر نوشاہی ۔ لاولد فوت ہوئے ۔
- میاں اللہ دتہ کے ایک فرزند میاں قادر بخش تھے ۔
- میاں قادر بخش کے دو بیٹے تھے ۔ میاں خدا بخش ۔ اور میاں دیوان علی ۔
- میاں خدا بخش متوفی ۲۹ صفر ۱۳۳۸ھ ۹ مگھر سمت ۱۹۷۶ مطابق ۲۳ نومبر ۱۹۱۹ء کے چار ۴ بیٹے تھے ۔ میاں غلام حسین ۔ میاں غلام محمد ۔ میاں فضل حسین لاولد ۔ مولوی وارث

---

؎ فیض محمد شاہی قلمی جلد ۲ دوم ص ۱۱۰۳ ۔ شرافت ۔

Marfat.com

میاں غلام حسین کے دو بیٹے محمد عالم اور محمد شفیع اسوقت ۱۳۵۲ھ میں موجود ہیں۔

محمد عالم کا ایک لڑکا محمد شریف موجود ہے۔

میاں غلام محمد متوفی ۳۰ محرم ۱۳۲۵ھ ۱۵ مارچ ۱۹۰۷ء ۲ چیت سمت ۱۹۶۴

کے دو بیٹے نواب اور فضل موجود ہیں۔

نواب کا ایک لڑکا اکبر موجود ہے۔

فضل ولد میاں غلام محمد کا ایک لڑکا شریف موجود ہے۔

مولوی مولا بخش ولد میاں خدا بخش ۷ صفر ۱۳۲۵ھ ۲۲ مارچ ۱۹۰۷ء ۱۰ چیت سمت ۱۹۶۴ کو لاولد فوت ہوئے۔

میاں دیوان علی ولد میاں قادر بخش کے تین بیٹے تھے۔ سردار - میراں بخش - اور شمس الدین لاولد۔

سردار کے چار بیٹے۔ نذیر احمد فضل احمد فیض احمد اور نور احمد موجود ہیں۔

میراں بخش ولد میاں دیوان علی کے دو بیٹے محمد اور حیات موجود ہیں۔

محمد کے دو لڑکے محمد یوسف اور محمد اشرف موجود ہیں۔

## انتباہ

یہ شجرہ شریف میرے والد صاحب اعلیٰ حضرت مولانا سید غلام مصطفیٰ صاحب نوشاہی قدس سرہ نے گیارھویں ستمبر ۱۹۳۳ء ایکہزار نوسو تینتیس عیسوی کو کوٹ عنایت خاں میں جا کر لکھا۔ اور اپنے بیاض فیض محمد شاہی جلد دوم میں لکھا۔ اُس کے صفحہ ۱۱۰۲ سے میں نے یہاں نقل کیا۔ جن کو موجود لکھا ہے۔ اُس سے یہ مراد ہے کہ وہ تاریخ اور سنہ مذکور کو موجود تھے۔

Marfat.com

# پ

(۹)

## پیر بخش

### شیخ پیر بخش برخوردار گی

آپ قوم جالب سے تھے۔ سید غلام رسول بن سید حافظ قائم الدین پاک پتنی رحمۃ اللہ علیہ کے متبنی اور مرید و خلیفہ و سجادہ نشین تھے۔ پاک پتن میں سکونت رکھتے۔ آپ کے والدین کے ہاں اولاد نہ ہوتی تھی۔ سید صاحب کی دعا سے آپ پیدا ہوئے۔ ایک سال کے تھے کہ والدین نے سید صاحب کے سپرد کر دیا۔ آپ نے انہیں کے زیر سایہ پرورش پائی۔ اُن کے مرید آپ کو کاندھوں پر اٹھائے پھرتے۔ جوان ہوئے تو مرشد صاحب نے آپ کو خلافت عطا فرمائی۔ [illegible] میں آپ کا فیض اور فقر عام ہے۔ آپ کے برکات سے بہت لوگ [illegible] پر آئے۔

**اولاد** | آپ کا ایک بیٹا میاں محمد بخش المعروف برخوردار نام تھا۔ [illegible]

**یاران طریقت** | آپ کے خواص درویش یہ تھے۔

۱ - میاں محمد بخش المعروف برخوردار [illegible] پاک پتن [illegible]

۲ - میاں غلام حسین [illegible]

۳ - میاں غلام رسول

**مدفن** | شیخ پیر بخش کا مزار پاک پتن [illegible] [illegible] [illegible] کی طرف ہے۔

Marfat.com

(۱۰)

# پیر بخش

## میاں پیر بخش ڈھولوی رح

آپ حافظ برہان الدین ڈھولوی بن حافظ محمد حسین قصوری رح کے بیٹے تھے۔ بیعت طریقت اپنے ماموں صاحب میاں الٰہی بخش شرقپوری رح سے تھی۔ علم و عمل تحریر و تقریر اور مقامات درویشی میں کامل تھے۔ حسین و جمیل بھی تھے۔ دنیاوی جاہ و جلال بھی حاصل تھا۔ غریبوں محتاجوں کی امداد کرتے۔ فقیروں، درویشوں سے محبت رکھتے۔ [۱]

ابتلاء | اپنے پیر صاحب کی کمال مہربانی آپ کے حال پر تھی۔ مگر آپ کی مجلس بابا ماہلے شاہ چشتی صابری رح سے ہو گئی۔ جو اپنے وقت میں کامل بزرگ تھے۔ اُنہوں نے وظائف چشتیہ تلقین کئے۔ آپ ان میں مشغول ہو گئے۔ ایک دن قوالوں نے حضرت نوشہ صاحب رح کی کافی شروع کی تو آپ نے کہدیا یہ چھوڑ دو اور خواجگان چشت کی کوئی بات سناؤ۔ یہ بات میاں الٰہی بخش صاحب تک پہنچ گئی کہ آپ کا مرید منحرف ہو گیا ہے۔ اُنہوں نے آپ کا فیض سلب کر لیا۔ آپ گھبرائے اور دن رات گریہ و زاری میں مصروف ہوئے۔ مگر کوئی فائدہ مترتب نہ ہوا۔ آخر ایکدفعہ میاں سلطان مست نوشہروی رح شرقپور آئے۔ تو اُن کی سفارش سے میاں الٰہی بخش رح نے آپ کا قصور معاف کیا۔ آپ اپنے پیر صاحب کے قدموں میں گر پڑے اور غلطی معاف کرائی اور دوبارہ نوشاہی فیضان حاصل کیا۔ [۲]

---

[۱] [۲] فیض مصطفائی المعروف گلزار نوشاہی ص ۱۲۵–۱۲۶ ترائف۔

Marfat.com

**شعر گوئی** | آپ کو شاعری کا ملکہ حاصل تھا۔ پنجابی زبان میں اشعار کہا کرتے۔ آپکے دوہڑے۔ کافیاں وغیرہ مولوی محمد حیات نتھیوری نے کتاب گلزار نوشاہی میں لکھے ہیں۔ چند اشعار اُن میں سے یہ ہیں۔

۱۔ ایک سیحرفی آپ نے حضرت سچیار صاحب نوشہروی اور سلطان مست صاحبؒ کی توصیف میں لکھی ہے۔ دو پہلے شعر یہ ہیں۔

الف آکھئے حمد صحیح کر کے کر کے صاف زبان نوں پاک میاں
بعد حمد درود رسول تائیں جیہدی شان نزول لولاک میاں
ابوبکر عمر عثمان علی ہو داں جوڑیاں دے قدماں دی خاک میاں
پیر بخش سچیار دی اوٹ تکے چھڈ سے خویش قبیلے تے ساک میاں

ب باجھ سچیار دے ہور نائیں کوئی آسرا اوٹ پناہ میںوں
تکیہ گاہ غریباں دا مست سائیں کیتا شرت گدا تھیں شاہ میںوں
دکھاں بست سچیار دا شوق دل تے کسے غیر دی لوڑ نہ چاہ میںوں
پیر بخش ہے مست دیاں ہودے کدی کرے جا کس نگاہ میںوں

۲۔ دوہڑہ

حال دے کو کو با رسانک نیناں دی جا دلبر سمل کیسی
آ دلداری میری خبر نہ لئی آ کر زخمی سار نہ لیتی
تیر برہوں دے تکن نہ دیندے سوئی جان جیں سر [illegible]
پیر بخش ورن محال تہاں نوں جنہاں [illegible]

۳۔ بیت

تھم تھم حال [illegible] دنیا [illegible]
باہوں پکڑ کھلووں میں نوں [illegible]

Marfat.com

اولاد | آپ کے ایک فرزند میاں شیر محمد نام تھے۔

تاریخ وفات | میاں پیر بخش رح کی وفات ۱۲۷۱ھ ایکہزار دوسو اکہتر ہجری مطابق ۱۸۵۵ء ایکہزار آٹھ سو پچپن عیسوی میں ہوئی۔

اُس وقت ہندوستان کا گورنر لارڈ ڈلہوزی تھا۔ اُس کی گورنری کا آٹھواں سال تھا۔

آپ کی قبر موضع ڈھول متصل قصبہ ترقیور ضلع شیخوپورہ میں ہے۔

مادۂ تاریخ

"حضور انور" ۱۲۷۱ھ

Marfat.com

(۱۱)

# پیر شاہ

## میاں پیر شاہ ٹھریالوی ؒ

آپ شیخ ہاشم شاہ ٹھریالوی [illegible] حاجی محمد شریف [illegible] کے فرزند اکبر اور مرید و خلیفہ تھے۔ آپ کا اصلی نام محمد شاہ عرف پیر شاہ تھا۔

**تاریخ ولادت** | آپ کی پیدائش یکم شعبان [illegible] ۱۱۹۶ھ [illegible] سو چھیانوے [illegible]

[illegible] ۲ ذی الحجہ ۱۲۱۱ھ کو آپ نے اپنے والد [illegible]

**تعلیم** | آپ نے ابتدا میں علم ادب، فقہ اور حدیث پڑھے [illegible] کے کلام کو ترتیب دیتے تھے [illegible] لوگ آپ سے علم ظاہری [illegible]

**اولاد** | آپ کے دو بیٹے تھے۔

۱۔ میاں [illegible] آپ کا جانشین تھا۔ ۲۔ میاں [illegible]

**تاریخ وفات** | میاں پیر شاہ کی وفات [illegible] ۱۲۶۳ھ [illegible]

[illegible] تھا [illegible]

مادہ تاریخ

"[illegible] اقبال" [illegible]

Marfat.com

# ت

(۱۲)

## تاج محمود

### شیخ تاج محمود روشن شاھی پاکپتنی رح

آپ قوم جوڑ مکیر سے تھے۔ پاکپتن شریف میں سکونت رکھتے تھے۔ حضرت سخی روشن دین اہرپیردی رح کے مرید و خلیفہ تھے۔ کافی لوگ آپ سے فیضیاب ہوئے۔

اولاد | آپ کی اولاد سے اسوقت ۱۳۸۰ھ ۶۱۹۶۰ میں امام دین نام پاکپتن میں موجود ہے معماری کرتا ہے۔

یاران طریقت | آپ کے خواص خلیفے یہ تھے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | بابا امام شاہ رح موچی | نرووڑ | ضلع لاہور |
| ۲ | بابا محمد شاہ رح راجپوت | بھڑانہ | " |
| ۳ | بابا گلاب شاہ رح کمہار | جامن | " |
| ۴ | بابا فتح شاہ رح | | |
| ۵ | میاں محمد بخش رح | | |

مدفن | شیخ تاج محمود رح کا مزار پاکپتن شریف ضلع ساہیوال میں ہے۔

رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# شجرۂ فقرائے شیخ تاج محمود رح

بابا امام شاہ رح سرد ڑ ۔ ضلع لاہور

بابا فوجے شاہ رح

بابا عبداللہ شاہ رح

بابا ہینے شاہ رح ارائیں ۔ ملامت پورہ

متوفی ۱۳۷۳ھ ۱۹۵۴ء

حافظ فضل الٰہی ۔ ارائیں ۔

یہ شخص ۔ شاہ عنایت ولی قادری شطاری لاہوری کی اولاد سے ہے ۔ سادھووں والا لباس ۔ یعنی جوگیہ رنگ کے پہنتا ہے ۔ داڑھی مونچھ کی صفائی رکھتا ہے ۔ دربار مادھو لال حسین قادری رح پر مقام باغبانپورہ لاہور رہتا ہے ۔ ۱۳۷۸ھ ۱۹۵۹ء میں بمقام شیخم مانگا ۔ ( ضلع شیخوپورہ ) میری اس سے ملاقات ہوئی تھی ۔ شرافت ۔

بابا محمد شاہ ۔ بھڑانہ ۔ لاہور

بابا مراد شاہ ۔ منہالہ خانخاناں لاہور

بابا امام شاہ ولد مراد شاہ منہالہ

بابا بادے شاہ باشندہ کوٹلی لاہور

بابا غلام شاہ باشندہ کوٹلی ۔ ملامت پورہ

بابا کرم شاہ ۔ بھڑانہ

بابا موجے شاہ ۔ سدھوواں ۔ امرتسر

بابا منگے شاہ سکنہ ۔ ماڑی گوبند سنگھ ۔ امرتسر

بابا دتے شاہ تیلی ۔ ڈھولن کلاں ۔ لاہور ۔ ۴ محرم ۱۳۳۱ھ

بابا دھیلے شاہ ولد دتے شاہ

بابا برکت علی ولد دھیلے شاہ

صوفی حاکم علی ولد بابا برکت علی

ساکن رائے کلاں ۔ متصل سوہل ڈاکخانہ للیانی تحصیل قصور ضلع لاہور ۱۳۹۱ھ میں موجود ہے

سائیں غلام علی ولد کرم شاہ ۔ بھڑانہ ۱۳۸۲ھ میں موجود

میاں فقیر محمد موچی ۔ سمن آباد ۔ لاہور

سائیں لبھو شاہ راجپوت ۔ منہالہ خانخاناں ۱۳۸۲ھ میں موجود

سردار ولد موچی ۔ سرد ڑ

# ث

(۱۳)

## ثابت شاہ

### شیخ ثابت شاہ روشن شاہی کرد ڑی رح۔

آپ کا نام محمد ثابت ، بقول ثابت دین المشہور ثابت شاہ تھا۔ والدہ کا نام بی بی فاطمہ رح تھا۔ موضع کرد ڑ یکا ضلع ملتان کے باشندہ تھے۔ بیعت و خلافت حضرت سخی روشن دین ابہروی رح سے رکھتے تھے۔ آپ کا سلسلہ حسب ذیل جاری ہے۔

**قادریہ فیض** سلسلہ نوشاہیہ قادریہ کے علاوہ آپ کو قادری خاندان سے ایک اور نسبت بھی حاصل تھی۔ چنانچہ ایک پرانی قلمی تحریر پر اس طرح شجرہ لکھا ہے۔

" مولوی علی محمد۔ ایشاں از محمد ثابت۔ ایشاں از حاجی محمد فاضل۔ ایشاں از حضرت علی محمد اکبر۔ ایشاں از حضرت سعد اللہ۔ ایشاں از حضرت محمد شاہ۔ ایشاں از حضرت سلطان شاہ۔ ایشاں از حضرت شیخ الشیوخ شیخ عبد الرشید ولی اللہ۔ ایشاں از حضرت سید السادات مولوی سید میر شریف۔ ایشاں از حضرت سید قطب الحق شمس الدین۔ ایشاں از حضرت محمد غوث گیلانی۔ ایشاں از حضرت کرم علی۔ ایشاں از حضرت سید مسعود۔ ایشاں از حضرت احمد دلی۔ ایشاں از حضرت سید صوفی۔ ایشاں از حضرت سید ابو نصر۔ ایشاں از حضرت سید عبد الوہاب۔ ایشاں از حضرت پیر دستگیر محیی الدین شیخ عبد القادر جیلانی قدس سرہ العزیز۔[1] "

---

[1] اس شجرہ میں سید محمد غوث گیلانی۔ اور سید کرم علی کے درمیان سید شمس الدین اور سید شاہ میر کے نام متروک ہیں نیز سید صوفی بلا واسطہ اپنے والد سید عبد الوہاب کے مرید تھے۔ سید ابو نصر کا نام زائد ہے ۱۲ شرافت

Marfat.com

نوٹ: اس شجرہ طریقت کو آپ کی اولاد کے بعض اشخاص شجرہ نسب سمجھتے ہیں۔ اور کم علمی کی وجہ سے اپنے آپ کو سید گیلانی کہلاتے ہیں۔ حالانکہ اس شجرہ میں بزرگوں کے اعزازی القاب مختلف ہیں، کسی کو مولوی، کسی کو حاجی، کسی کو شیخ، کسی کو سید، کسی کو میر لکھا ہے۔

مولوی غلام حسین ولد حسام الدین راجپوری رح کی کتاب سیرۃ الاولیا سے ظاہر ہوتا ہے کہ شیخ ثابت شاہ قوم کھوکھر سے تھے۔

## شیخ ثابت شاہ کی اولاد کا مختصر تذکرہ

شیخ ثابت شاہ کے ایک ہی فرزند مولوی علی محمد تھے۔ جو بھماہ ضلع لدھیانہ میں چلے گئے۔

مولوی علی محمد کے دو بیٹے تھے۔ مولوی خدا بخش۔ مولوی غلام قادر۔

مولوی خدا بخش کہیں چلے گئے۔ ان کی اولاد کا کوئی پتہ نہیں۔

مولوی غلام قادر بن علی محمد کے تین بیٹے تھے۔ مولوی غلام نبی۔ مولوی عبدالحکیم مولوی غلام حسین۔ موخر الذکر دونوں لاولد فوت ہوئے۔

مولوی غلام نبی کے دو بیٹے تھے۔ مولوی علی محمد لاولد۔ مولوی ولی محمد۔

مولوی ولی محمد متوفی ۲۶ محرم ۱۳۵۸ھ/ ۱۹۹۵ب۔ صاحب علم تھے۔ بمقام بھماہ مزارف ضلع لدھیانہ میں اپنے آباؤ اجداد کے سجادہ نشین تھے۔ موضع میانی ضلع لدھیانہ میں دفن ہیں۔ ان کے خورد [illegible] کا بیان ہے کہ مولوی صاحب [illegible]

[illegible] گھر آ کر ۱۳۳۲ [illegible]

[illegible]

[illegible] ۱۳۶۶ [illegible]

[illegible] اپنے آپ کو [illegible] ۱۳۸۶ [illegible]

Marfat.com

# شجرہ فقرائے شیخ ثابت شاہ کروڑی

مولوی علی محمد ولد ثابت شاہ ۔ بھما شریف ضلع لدھیانہ ۔

سائیں سبحان شاہ ۔ ریاست نابھہ ۔

سائیں مراد علی شاہ ۔ ریاست نابھہ ۔

مدفون سنگل ریاست پٹیالہ ۔

سائیں امیر علی شاہ ۔ ریاست نابھہ ۔

سائیں مہر علی شاہ ۔ ریاست نابھہ ۔

سائیں حسن شاہ لدھیانوی

سائیں بوٹے شاہ سلیم پوری

سائیں بہول شاہ بکالیوال

سائیں الف شاہ بکالیوال

مولوی نور المصطفٰے

ان کا ذکر اس کتاب کے ساتویں حصہ موسوم تذکرہ آثار مرکزی منابع الانوار کے صفحہ ۱۲ میں ہوگا ۔

مولوی خدا بخش فرزند اصغر مولوی علی محمد ۔

مولوی غلام قادر ۔ فرزند اکبر مولوی علی محمد بھما شریف

سائیں بوٹے شاہ ۔ رام غوث گڑھ تحصیل سمرالہ ضلع لدھیانہ

سائیں برکت علی شاہ ۔ رام غوث گڑھ ۔

سائیں رتے شاہ ولد غنی شاہ کھیڑہ تحصیل سمرالہ ۔

مولوی غلام نبی فرزند اکبر مولوی غلام قادر

مولوی غلام حسین فرزند اصغر مولوی غلام قادر

مولوی عبد الحکیم ۔ فرزند اوسط مولوی غلام قادر بھما شریف

سائیں در ے شاہ

دھنور ضلع لدھیانہ

سائیں لشکن شاہ ۔ راجپوت بیکاں شہر نابھہ

مولوی عبد الغنی ولد لشکن شاہ ۔ دھنور

سائیں عطا الٰہی ۔ رام غوث گڑھ ۔

مولوی عبد النبی ولد لشکن شاہ ۔

سائیں امام الدین ۔ رام غوث گڑھ

مدفون اٹالاں ضلع لدھیانہ

سائیں مراد علی شاہ المعروف مودود شاہ ولد لشکن شاہ بیرج کونکہ ۔

سائیں چراغ شاہ ولد مودود شاہ

بیرج کونکہ ۔ ضلع لدھیانہ ۔

سائیں نبک محمد اٹالاں

سائیں بہنے شاہ اٹالاں

Marfat.com

# شجرہ فقرائے شیخ ثابت شاہ کرڈی رح

مولوی علی محمد ولد ثابت شاہ رح

مولوی غلام قادر ولد علی محمد رح

مولوی عبدالحکیم ولد مولوی غلام قادر رح

مولوی علی محمد ولد غلام نبی بن غلام قادر پیماہ

مولوی ولی محمد ولد غلام نبی ۔ بھساہ شریف

بابا مست علی ۔

میاں ظہور حسین ۔ چاہ بہرا نوالہ چک ۵۸ ۔ گ ب ڈاک خانہ ماموں کانجن ضلع لائل پور ۔ یاچلیجھہ میں عرس کیا کرتا تھا ۔ میں بھی دو مرتبہ وہاں گیا تھا ۔ ادب در اعتقاد سے پیش آیا ۔ ۱۳۸۳ھ / ۱۹۶۳ء میں موجود ہے ۔

بابا جانی شاہ ۔ ساکن لمعہ خواص ضلع لدھیانہ ۱۳۸۳ھ میں بعمر ۵۰ سال شہر جھنگ میں موجود ہے ۔

بابا فقیر شاہ ۔ چک ۹۸ ۔ سٹیشن ڈبانوالہ ضلع لائل پور ۔ ۱۳۸۳ھ میں بعمر تقریباً ۷۰ سال موجود ۔

میاں قطب الدین ۔ چک ۲۹۲ ۔ ڈاکخانہ جانی والا ضلع لائل پور ۔

خلیفہ ... ماشی وال ... ضلع ... ۱۳۸۳ھ ...

سائیں لنگر شاہ ۔ نابھہ ۔

سائیں غنی شاہ زرگر ۔ گھیڑہ ضلع لدھیانہ

سائیں عطا محمد ساکن جھنگیاں زلف گڑھ ضلع لدھیانہ

سائیں عنایت شاہ پنیس تحصیل نواں شہر ضلع جالندھر

سائیں ... تھانا ...

... تحصیل ... بار ...

سائیں ... ملایار ...

... ضلع ... لائل پور

Marfat.com

# شجرہ فقرائے شیخ ثابت شاہ کرو ڑی ؒ

مولوی علی محمد۔

مولوی غلام قادر۔

مولوی عبد الحکیم۔

مولوی علی محمد۔

مولوی ولی محمد۔

خلیفہ عطا محمد سکھنہ خورص ضلع لدھیانہ
۱۳۸۳ھ میں بعمر پچپن ۵۵ سال
۱۹۶۳ء
شہر جھنگ میں موجود ہے۔

نگینہ مراسی سد ڈیٹری
ضلع لدھیانہ حال ساکن
غوثاب شریف

سائیں سخی محمد با نغدہ ساکن کلیر
تحصیل سمرالہ ضلع لدھیانہ ۱۳۸۳ھ
۱۹۶۳ء
میں حسن محلہ غلام محمد آباد شہر لائل پور میں موجود ہے۔

سائیں راج ولی ولد عطا محمد
شور کوٹ

حاجی سید جھلکے شاہ۔ ولد سید سمعیل شاہ
بخاری۔ ساکن سامانہ
ریاست پٹیالہ۔

محمد طفیل ولد عنایت اللہ شی
امرتسری حال موہنی روڈ لاہور
فقیر محمد جمیور۔ لاہور

علی محمد ولد عنایت اللہ رحیوٹ
حصاری۔ حال ساکن لائل پور
دلاور حسین۔ نابھوی حال لاہور

سید غلام سیدن شاہ ولد سید علی شاہ بخاری
ساکن بجوہہ ضلع جالندھر ۱۳۸۳ھ میں
۱۹۶۳ء
شاہ کوٹ ضلع شیخوپورہ میں موجود ہے۔
سید علی شاہ ولد غلام سیدن شاہ

مولوی عبد الغنی برج کوٹکہ
محمد رمضان ولد عطا محمد
(شہر جھنگ)
۱۳۸۳ھ میں بعمر ترسیٹھ ۶۳ سال شور کوٹ روڈ
۱۹۶۳ء
ضلع لائل پور میں مقام دھوبی گھاٹ رہتے ہیں۔

محمد حسین ولد رمضان ساکن جھنگ

محمد سمعیل ولد خیر دین ارائیں جالندھری
حال ساکن چک ۳۲۷ ضلع لائل پور۔

محمد شاہ خان ولد حفیظ خان پٹھان۔ ٹوہانہ
ضلع حصار۔ حال ساکن کروڑ پکا ضلع ملتان

Marfat.com

# ج

(۱۴)

## جانی شاہ

### سید جانی شاہ میراں کُنہامیؒ

آپ کا آبائی وطن شہر کُنہام ۔ ملک ہندوستان تھا۔ آپ نے بعمر ستر سال میاں سلطان محمد بن میاں محمد اکرم سجیاری نوشہرویؒ سے بیعت کی۔ اس وقت وہ تلونڈی چودھریاں ۔ ریاست کپورتھلہ میں گئے ہوئے تھے۔ بیعت کے بعد آپ اپنا فرزند مرشد صاحب کی نذر کر دیا۔

**سکونت** | میاں سلطان محمد صاحب، جب سفر سے واپسی پر موضع ... حیوان ... وات ... میں پہنچے تو آپ کو فرمایا تمہارا مقام ارشاد یہی ہے۔ چنانچہ آپ نے ... میں ڈیرہ لگا دیا۔ ناصے والی کھوہی پر جا کر عبادت کیا کرتے۔ اور ... غلام محمد ... چھاپہ والے کے مزار سے بھی رُوحانی استفاضہ کیا کرتے اور ہر سال نوشہرہ ... کے عُرس پر بھی حاضر ہوا کرتے۔

**شیخ کی محبت** | آپ کا بیٹا چھ سال تک میاں سلطان محمد صاحب ... نوشہرہ ... کی خدمت میں رہا۔ اور وہیں انتقال کر ... اطلاع پہنچائی۔ آپ نے سُنا تو فرمایا کہ ... مجھے اس کی وفات کا کوئی غم نہیں ...

[illegible]

[illegible]

Marfat.com

اندر چلیں، مگر آپ وہیں بیٹھے رہے جب بارش تھم گئی تو دیکھا گیا کہ آپ حاضرین مجلس سمیت بالکل خشک تھے۔ کوئی قطرہ آپ پر نہ پڑا۔

سلسلہ فقرائے سید جانی شاہ میراں رح

|

بابا بھاگے شاہ رح

|

بابا امیر شاہ رح

|

بابا عظیم شاہ رح

|

سائیں حسین شاہ حافظ آبادی رح

اِس کا ذکر کتاب ہذا تذکرۃ النوشاہیہ کے نویں حصہ موسوم بہ "فوائد الاذکار" میں لکھا جائے گا۔

انشاء اللہ تعالیٰ

Marfat.com

(۱۵)

# جمال شاہ

## شیخ جمال شاہ ستاب گڑھی رح

آپ شیخ ہاشم شاہ تھرپالوی رح بن شیخ حاجی محمد شریف ہگدیوی رح کے مرید و خلیفہ تھے۔ موضع ستاب گڑھ میں سکونت رکھتے۔ بوریا بانی کا کام کرتے۔ اس کی مزدوری سے اپنا خورد و نوش اور پیشوا کی خدمت کرتے۔

آپ کو میاں سلطان ملک بن سلطان محمد بخاری نوشہروی رح سے بھی فیض حاصل ہوا تھا اور صاحب کمال ہوئے۔

**مسجدیں تعمیر کرانا** آپ کو جو نذرانے آتے وہ نیک کاموں میں صرف فرما [illegible] چنانچہ موضع ستاب گڑھ میں ایک مسجد پختہ اور کنواں بنوا دیا۔ اسی طرح موضع حاجی میں بھی مسجد پختہ اور کنواں تعمیر کرائے۔ [1]

**اخلاق، ذکر و اشغال** آپ شہرت جاودانی سے [illegible] عشق الٰہی کے غلبہ میں ایسے محو و بے خود ہو جاتے [illegible] میں بیٹھتے تو آپ کے جسم مبارک سے نور کے شعلے [illegible] ہو جاتی ہے۔ آپ لباس سادہ رکھتے [illegible]

**یار طریقت** آپ کے مریدوں میں سے شیخ محمد جمیل ساکن [illegible]

**مدفن** شیخ جمال شاہ کی قبر موضع ستاب گڑھ [illegible] میں ہے۔

---

[1] [2] نونہال قادری ۱۲ شرافت۔

Marfat.com

( ۱۶ )

## جوایا

## میاں جوایا جوڑی والہ رح

اس کے والد کا نام جانی تھا۔ ولد نور بن شفیع بن قادر بن حمزہ بن لطیف بن متوالا[۱]۔ قوم مراسی۔ گوت پوسلہ تھی۔

یہ شخص امام شاہ وزیرآبادی رح کا مخلص مرید تھا۔ بھانڈوں کا پیشہ کیا کرتا۔ اس کو مرشد کی دعا تھی۔

**اولاد** اس کی اولاد۔ موضع جوڑی راواں ضلع گجرات میں آباد ہے۔ نقالی اور سرود خوانی کا پیشہ کرتے ہیں۔ آجکل ۱۳۸۴ھ/۱۹۶۴ء میں ان میں سے علیا نقالی میں اور غلام علی راگ میں۔ اور لال نسابی و شجرہ خوانی میں سب سے بہتر شمار ہوتے ہیں۔ مسمی لال کے والد کا نام فقیر بخش ولد کالو ولد فضل ولد میاں جوایا تھا۔ یہ میرے ساتھ عقیدت رکھتا ہے۔ اور بعض شجرہ ہائے نسب مجھ سے کر یاد کئے ہیں۔ اور بعض قوموں مثلاً وڑائچ۔ بھٹہ اور کھرل کے شجرے میں نے بھی اس سے لئے ہیں۔ یہ شخص صاحب علم بھی ہے۔ صرف نحو عربی بھی سبقاً پڑھا ہوا ہے۔

---

[۱] متوالا کی قبر موضع جبسر نڈ ضلع گجرات میں سید جیون شہید کے احاطہ میں ہے۔ (مرورث بال مرتب) شیر افضل

Marfat.com

# خ

(۱۷)

## خدا بخش

### حضرت سید خدا بخش برخورداری ساہنپالویؒ

آپ حضرت مولانا سید حافظ نور اللہ فرشتہ صفات متقی رسول نگر خلف الصدق مولانا سید حافظ محمد حیات ربانی برخورداری کے چھوٹے بیٹے تھے [illegible] خلافت شیخ [illegible] شیخ [illegible] الدین سلیمانی رسول نگری سے ملی تھی۔ آپ صاحب علم و ارشاد تھے۔ آپ کے مفصل حالات [illegible] کی دوسری جلد دوسوم بہ [illegible] میں لکھے [illegible] میں [illegible] میں صرف آپ کا ایک مکتوب [illegible] جو آپ نے اپنے [illegible] کی طرف لکھا تھا۔ وہ یہاں [illegible]

مکتوب

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

---

[illegible]

فراکی وصل بخبر داری بائیدگرفت »

اولاد | آپ کے دو ۲ بیٹے تھے ۔

۱ ۔ سید نور احمد صاحب رح

۲ ۔ سید قدم الدین صاحب رح

تاریخ وفات | سید خدا بخش صاحب رح کی وفات ۱۲۷۷ھ ایکہزار دوسو ستتر ہجری مطابق ۱۸۶۰ء ایکہزار آٹھ سو ساٹھ عیسوی میں ملکہ وکٹوریہ کے عہد حکومت میں ہوئی ۔ سنہ چار جلوسی تھا ۔

آپ کا مزار ساہن پال شریف ضلع گجرات میں گورستان نوشاہیہ میں ہے ۔

## مادۂ تاریخ

« خدا پرست باادب » ۱۲۷۷ھ

Marfat.com

# د

(۱۸)

## دارے شاہ

## بابا دارے شاہ جھنگی والہ؛

اپنے والد بابا منصور شاہ رح کے مرید تھے۔ صاحب عبادت و ریاضت تھے۔ آپ کے والد صاحب نے مقصود پور کے پاس جو کٹیا بنائی تھی۔ وہ مکان بعد میں آپ کے نام پر "جھنگی دارے شاہ" مشہور ہوا۔

کتاب سلیم التواریخ ص ۲۶۵ میں ہے۔

"۔ سائیں دارے شاہ۔ کمال بزرگ ہوئے ہیں۔ عبادت سے ھر وقت سروکار تھا۔ خلق اللہ کا رجوع عام تھا۔ لوگوں نے بہت سی اراضی معافی کے طور پر دی۔ اور مکان کا نام بھی جھنگی دارے شاہ مشہور ہوگیا۔ جو کہ اصلی رقبہ مقصود پور میں ہے جس کا رقبہ پچاس گھماؤں ہوگا۔ علاوہ اس کے بہت سے گاؤں میں تقریباً ایک سو پچاس گھماؤں اراضی معاف ہے۔ اور بہت سی زرخرید ہے۔"

اولاد آپ کے پانچ بیٹے تھے۔

۱ میاں میراں بخش حکیم رح

۲ میاں امیر شاہ حکیم رح

۳ میاں شاہ دین رح

۴ میاں ... شاہ رح

Marfat.com

۵ میاں شیر علی حکیم

تاریخ وفات | بابا دارے شاہ کا انتقال بقول صاحب سلیم التواریخ یکم اسوج سمت ۱۹۲۰ ایکہزار نو سو بیس بکرمی میں ہوا۔

تقویم ہجری و عیسوی کے مطابق منگلوار دو سری ربیع الآخر ۱۲۸۰ھ ایکہزار دو سو اسی ہجری۔ موافق سولہویں ستمبر ۱۸۶۳ء ایکہزار آٹھ سو تریسٹھ عیسوی تھا۔ ملکہ وکٹوریہ کی حکومت کا ساتواں سال تھا۔

مدفن | آپ کی قبر موضع جھنگی دارے شاہ۔ ریاست کپور تھلہ میں مشہور مقام ہے لوگ ان بزرگوں کا بڑا احترام کرتے ہیں۔ صاحب سلیم التواریخ نے لکھا ہے۔

"اس مکان میں پختہ مسجد ہے۔ اس کے قریب میاں منصور شاہ اور میاں دارے شاہ کے مزار ہیں۔ مکان میں آم۔ جامن وغیرہ ہر قسم کے درخت ہیں۔ اور اس میں مکانات سکونتی بھی ہیں جن میں ان بزرگوں کی اولاد آباد ہے۔ اور مسجد کے قریب ایک پختہ مسافر خانہ بھی ہے۔"

## مادۂ تاریخ

"شیریں سخن" ۱۲۸۰ھ

## مختصر شجرہ اولاد بابا دارے شاہ جھنگی والہ

- بابا دارے شاہ کے پانچ بیٹے تھے میاں میراں بخش۔ میاں امیر شاہ۔ میاں شاہ دین۔ میاں منصور شاہ۔ میاں شیر علی۔
- میاں میراں بخش طبیب تھے۔ ان کے تین بیٹے ہیں میاں حمید علی۔ میاں شاہ محمد میاں محمد علی۔

Marfat.com

- میاں امیر شاہ ولد بابا دارے شاہ طبیب اور زاہد عابد تھے۔ ان کے دو بیٹے ہیں۔ میاں رجب علی۔ میاں برکت اللہ۔
- میاں شاہ دین ولد بابا دارے شاہ کے تین بیٹے ہیں، میاں رحمت علی میاں سید محمد، میاں چراغ محمد۔
- میاں نتھو شاہ ولد بابا دارے شاہ کا ایک ہی بیٹا میاں قدرت اللہ ہے۔
- میاں شیر علی ولد بابا دارے شاہ نے مولوی غلام رسول سے حکمت کی تعلیم پائی طب میں خاصی دسترس تھی۔ سال تالیف سلیم التواریخ ۱۹۱۲ء میں موجود تھے۔ ان کے دو بیٹے ہیں۔ میاں سلطان احمد۔ اور میاں مہر علی۔
- میاں سلطان احمد کے متعلق سلیم التواریخ میں ہے کہ انہوں نے ایک رسالہ مجربات طب میں لکھا ہے۔ جو چھپ چکا ہے۔ اور تذکرۃ المشائخ میں ہے کہ میاں سلطان احمد روشن ضمیر اور قابل تعریف ہیں۔ اور ۱۳۵۳ھ میں موجود ہیں۔

## انتباہ

یہ شجرہ نسب صوفی اکبر علی کی کتاب سلیم التواریخ سے لکھا گیا ہے۔ جو ۱۹۱۲ء کی تالیف ہے۔

Marfat.com

( ۱۹ )

## دلیل شاہ

### بابا دلیل شاہ بادشاہ ٹبہ والے رح

آپ زمیندار قوم کاہلو سے تھے۔ آبائی وطن موضع گوڈھیالہ ضلع سیالکوٹ تھا لیکن آپ نے سکونت موضع ٹبہ میں رکھی۔

**شجرہ بیعت** | آپ مرید و خلیفہ میاں عبدالرحیم کے۔ وہ مرید میاں کرم قلی رح کے۔ وہ مرید میر شاہ سلطان بگا شیر لکھنوالی رح کے۔ وہ مرید حضرت بھیا صاحب رح کے [1]

**توحید کا غلبہ** | ابتدائے احوال میں آپ کاشتکاری کرتے تھے۔ ایک رات اندھیرے میں کنواں چلانے لگے۔ تو ایک بھینسا نظروں سے اوجھل ہو گیا۔ اپنے بھائی بلیل شاہ کو گاؤں کی طرف بھیجا کہ شاید بھاگ کر وہاں چلا گیا ہو۔ مگر اس کے بعد مکان کے اندر یعنی کوڑھو (ستھو) میں سے وہ بھینسا مل گیا۔ آپ نے بلند آواز سے اس کو بلایا، "بھائی بلیل شاہ واپس چلے آؤ۔ ہم جس کو باہر سے ڈھونڈتے تھے۔ وہ اندر سے مل گیا ہے" یہ آواز سن کر دونو بھائیوں کو وجد ہو گیا، اس وقت یہ مطلب ذہن میں آیا کہ جس ذات حق کو ہم باہر سے تلاش کرتے تھے۔ وہ اندر سے مل گیا ہے۔ وفی انفسکم افلا تبصرون۔ [2]

## کرامات

**مکان کو آگ لگ گئی** | ایکدن آپ نے اپنے مرید بابا چوغطے شاہ رح کو پیغام بھیجا کہ

---

[1] باغ اولیائے ہند حصہ اول صفحہ ۱۷ [2] فیض محمد شاہی قلمی جلد اول صفحہ ۲۳۲ شرافت۔

Marfat.com

جلدی آؤ۔ وہ کسی کام میں مصروف تھے۔ کہلا بھیجا کہ ابھی مجھے فرصت نہیں۔ آپ نے کہہ دیا کہ اس کے مکان کو تو آگ لگ گئی ہے۔ وہ باہر کیوں نہیں نکلتا۔ چنانچہ واقعی اسی وقت اُن کے مکان کو آگ لگ گئی۔ کتاب باغ اولیائے ہند میں ہے۔

حضرت غصے نال توجہ ایہ فرمان سنایا — کوٹھے اُس دے اگ لگی اوہ باہر کیوں نہیں آیا
امر ربا نا خادم سندا کوٹھا سڑے اُتھاؤں — نال بھیر خادم نال توجہ ڈِٹھا مرشد داؤں

**آم بڑے اور چھوٹے** | ایک مرتبہ آپ نے بمعہ بابا جو غلطے شاہ کے باغ میں کچھ آموں کے پودے لگائے۔ اور فرمایا اس باغ میں دو قسم کے آم ہوا کریں گے۔ کچھ بڑے اور کچھ چھوٹے۔ بڑے ہمارے۔ اور چھوٹے تمہارے ہوں گے۔
باغ اولیائے ہند صفحہ ۴۲ میں ہے

اک ہوون گے پا پختہ تے دُوجے پا کچیرا — وڈے مرشد چھوٹے خادم رہسی ایہ نکھیڑا
ہُن رج کنگ بلگناں اندر جا کر دیکھو بھائی — دو طرح دے انب مگر دے نے جھگڑا رہے نکائی

**اولاد** | آپ کے ایک ہی فرزند میاں لدھے شاہ نام تھے۔

**یاران طریقت** | آپ کے خواص درویش یہ تھے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱ | میاں لدھے شاہ فرزند | ٹبہ ضلع سیالکوٹ |
| ۲ | بابا جو غلطے شاہ رح | کنگ بلگن ،، |
| ۳ | بابا جمعہ شاہ رح | اچھرہ لاہور |
| ۴ | بابا حسن شاہ ارائیں | ٹبہ خزان شاہ امرتسر |
| ۵ | بابا رُلدو شاہ رح | |
| ۶ | بابا بہادر شاہ رح | |
| ۷ | سید بہار شاہ رح المعروف بہار پیا مشہدی ذکر | گوجرانوالہ |

Marfat.com

**مدفن** بابا دلیل شاہ صاحب کی قبر موضع پٹیہ ضلع سیالکوٹ میں ہے۔ یہ گاؤں ڈسکہ اور سمبڑیال کے درمیان واقع ہے۔ ہر سال چوتھی ربیع الاول کو عُرس ہوتا ہے اگرچہ صاحب باغ اولیائے ہند نے آپ کی وفات بارہویں صدی ہجری میں لکھی ہے۔ چنانچہ لکھتا ہے۔

ے

بارہویں صدی اندر رہے اُس نے ڈیرہ اٹھایا بابا — روضہ موضع پٹیہ اندر دیکھو بتیا آیا

مگر یہ صحیح نہیں۔ آپ کی وفات تیرہویں صدی ہجری کے پہلے رُبع میں ہونے کا امکان ہے۔

## شجرہ فقرائے بابا دلیل شاہ پٹیہ والے

بابا بہادر شاہ
بابا چنن شاہ

میاں رلدو شاہ ۲۰
میاں میراں بخش ولد رلدو شاہ
میاں احمد علی ولد میراں بخش
میاں علی اصغر ولد احمد علی سجادہ نشین ۱۳۸۰ھ میں موجود ہے۔ سرگودھا میں مسلم میڈیکل ہال کھولا۔

بابا خزان شاہ۔ پٹیہ خزان شاہ ضلع ازیر
بابا گلاب شاہ
بابا جھنڈے شاہ برادرزادہ و سجادہ نشین
بابا گلاب شاہ ولد جھنڈے شاہ۔
میاں جیون شاہ فرزند اصغر۔ میاں بدرالدین ولد گلاب شاہ ۱۳۸۰ھ میں ضعیف العمر موجود ہے ۱۲
میاں جانے شاہ ولد جیون شاہ ۱۳۸۰ھ میں علاقہ کالر میں موجود ہے ۱۲

میاں لدھے شاہ ولد دلیل شاہ
میاں امیر شاہ ولد لدھے شاہ
میاں میراں بخش ولد امیر شاہ ۱۰
ان کا ذکر اس کتاب کے آٹھویں حصہ شواہد الافکار میں آئے گا۔

میاں ولی شاہ سقہ ڈگھوٹوت تحصیل اخالہ ضلع ازیر
سالانہ عرس ۲۶ جیٹھ کو ہوتا ہے ۱۲
میاں رُوشن شاہ فرزند اکبر متوفی ۱۳۵۰ھ مدفون ڈگھوٹوت۔ سالانہ عُرس ۴ اسوج کو ہوتا ہے ۱۲۰
حکیم فیروزدین ارائیں مقبول پور چک ۳۴۸ جھنگ براج ضلع لائل پور۔ ۱۳۸۰ھ میں موجود ہے ۱۲
پیر محمد شریف ولد فیروزدین پیرصاحب ضلع ارائیں
سائیں فتح دین ولد نبی بخش بردالہ ساکن مقبول پور
میاں تاج الدین ارائیں مقبول پور کا جوتھا
سائیں بلندا قوال
ز میاں پیراں تحصیل فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ مستعد محمد یوسف بابا پور
سائیں محمد علی ولد فتح دین بردالہ۔ ذیقعدہ ۱۳۸۰ھ میں مجھے ملی ملاقات ضلع شیخوپورہ میں ملا۔
میاں خوشی محمد ولد اللہ داد ارائیں ساکن حبیب پور ڈاکخانہ سگووار ضلع سیالکوٹ ۲۶ جمادی الاول ۱۳۸۰ھ کو مجھے ملا۔

Marfat.com

## شجرۂ فقرائے بابا دیبل شاہ پٹھہ والہ

سید بہار شاہ ۔ نوکھر

سید جلال شاہ
ایمن کے

سید قطب شاہ بن بہار شاہ
بہادر شاہ بن قطب شاہ
شیر شاہ بن بہادر شاہ
نواب شاہ بن شیر شاہ
رسول شاہ بن نواب شاہ
مقبول شاہ بن رسول شاہ

بابا خیران شاہ ۔ پٹھہ خیران شاہ والہ

میاں وطاب شاہ ۔ ڈگھ توت والہ

میاں روشن شاہ ۔ ڈگھ توت والہ

میاں ساون شاہ ولد روشن شاہ سجادہ نشین متوفی ۱۳۶۶ھ
مدفون مقبول پور چک ۳۴۸ ج ب

بابا فقیر محمد نمبردار نو مسلم
سابق فقیر چند ۔ ساکن
سلھوکے ۔ ضلع سیالکوٹ

میاں دولت علی فرزند اکبر
میاں ساون شاہ مقبول پوری

میاں عاشق علی فرزند سوم
میاں ساون شاہ مقبول پوری

میاں صادق علی فرزند دوم
میاں ساون شاہ مقبول پوری
۱۳۸۰ھ سے میں سجادہ نشین ہے۔

میاں لیاقت علی فرزند چہارم
میاں ساون شاہ ،،
مقبول پوری

Marfat.com

(۴۰)

## دیدار بخش

## میاں دیدار بخش شرقپوری رح

آپ میاں معصوم شاہ ولد میاں ھرنی شاہ شرقپوری رح کے بڑے بیٹے تھے بیعت طریقت اپنے عم بزرگ میاں الٰھی بخش صاحب رح سے تھی۔ مقام درویشی آپ کو حاصل تھا۔ ھر دم اسم ھُو کا ورد تھا۔ عجز و انکساری آپ میں بہت تھی۔

**شعر خوانی** | آپ کبھی کبھی یہ شعر پڑھا کرتے تھے۔ ؎

مائیم پُرگناہ تو دریائے رحمتی      جائے کہ عفوِ تست چہ باشد گناہِ ما

**اولاد** | آپ کا ایک ھی بیٹا میاں مدد علی نام موجود ہے۔

**یارانِ طریقت** | آپ کے خواص احباب یہ تھے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | میاں برکت علی ولد میاں محمد بخش برادرزادہ | شرقپور | شیخوپورہ |
| ۲ | میاں اکبر علی ولد میاں محمد بخش " | " | " |
| ۳ | سائیں مہر شاہ بھٹی مجاور دربار شاہ مراد صاحب | " | " |
| ۴ | سائیں امیر | بھینی | " |
| ۵ | میاں امام الدین ڈوبہ | " | " |
| ۶ | سائیں شہاب الدین بیلی محلہ نمد مالاں کشمیری بازار لاہوری | کھمی | " |
| ۷ | سائیں عمر الدین پہلوان | | |

## واقعہ وفات

آپ جب مرض موت میں بیمار تھے ایکدن اپنی بھتیجی او خادمہ سائرہ بی بی سے پوچھا بیٹی آج کیا دن ھے؟ اور کیا وقت ھے؟ اُس نے بتایا آج جمعہ کا روز اور

Marfat.com

دوپہر کا وقت ہے۔ آپ نے کہا کہ یہ تو بخشش کا دن ہے۔ پھر کہا۔ بزرگوں سے سُنا ہے کہ جس میت پر بارش ہو اُس کو خدا تعالےٰ بخش دیتا ہے۔ پھر کہا بیٹی آج میری وفات کا دن ہے تجہیز و تکفین جلدی کرنا تاکہ جمعہ گذر نہ جائے۔ اس کے بعد چند بار کلمہ شریف کا تکرار کیا، اور جان بحق تسلیم کی۔ جب آپ کا جنازہ پڑھا گیا۔ تو اچانک بادل کا ایک قطعہ ظاہر ہوا۔ اور آپ پر بارش کے قطرات کرے۔ [1]

**تاریخ وفات** میاں دیوار بخش کی وفات بروز جمعہ تئیسویں ۲۳ ربیع الثانی ۱۳۲۷ھ ایکہزار تین سو ستائیس ھجری مطابق چودھویں ۱۴ مئی ۱۹۰۹ء ایکہزار نو سو نو عیسوی میں بعہد سلطنت البرٹ ایڈورڈ ہفتم ہوئی۔ سنہ ۹ نو جلوسی تھا۔

آپ کی قبر قصبہ شرقپور۔ ضلع شیخوپورہ میں چاہ شریفے والا پر ہے۔

مادۂ تاریخ

"والی شیریں سخن" ۱۳۲۷ھ

---

[1] گلزار نوشاہی فیض مصطفائی صفحہ ۱۴۱ شرافت۔

Marfat.com

ک

(۲۱)

## رام سنگھ

### رام سنگھ کوکہ لدھیانوی ثم پشاوری

حضرت مولانا حکیم پیر غلام قادر شاہ اثر انصاری قادری نوشاہی برقندازی جالندھری نے کتاب انوار القادریہ الملقب بہ ریاض النوشاھیہ میں لکھا ھے۔ کہ مسمی رام سنگھ کوکہ حضرت سید میر نواب صاحب برقندازی پوٹھوہاری رح کا مرید و فیض یافتہ تھا۔ اس نے ہندو فقیروں میں ایک نیا سلسلہ بنام کوکہ پنتھ جاری کیا۔

کوکہ پنتھ مصلحوں کی ایک جماعت تھی، کتاب "رنجیت سنگھ" میں لکھا ھے۔

"مصلحوں کی ایک جماعت پیدا ہو گئی جس کی بنا راولپنڈی کے ایک اداسی فقیر نے قائم کی۔ اس کا جانشین ضلع لدھیانہ کا ایک نجار رام سنگھ نامی بڑا صاحب اثر شخص ہو گیا۔ اور سب فدائی اس کے ساتھ ہو گئے۔ جو کوکہ کے نام سے موسوم کئے گئے۔ یہ لوگ خاص لباس باہمی شناخت کے لئے خاص الفاظ معین کرنے۔ اور سیاسی جماعت قائم کرنے کی وجہ سے دوسروں سے تمیز کئے جاتے تھے۔"[۱]

رائے بہادر ملشی گوپال داس نے تاریخ پشاور میں لکھا ہے۔

"کچھ تھوڑے لوگ نام دھاری پیروان بابا رام سنگھ بھی در شہرہ میں جو کوکہ کہا جاتا ہے"[۲]

---

[۱] رنجیت سنگھ صفحہ ۲۰۲ مصنفہ سر لیپل گرفن صاحب۔ [۲] تاریخ پشاور صفحہ ۱۲۶۔ اثر غفرلہ۔

Marfat.com

**دھرم سال کوکہ** یہ لاہور میں کوکہ پنتھ والوں کا دھرم سال ہے۔ اس کے متعلق رائے بہادر کنہیا لعل۔ تاریخ لاہور میں لکھتا ہے۔

"موتی بازار کی غربی گلی میں یہ مکان واقع ہے۔ مکان اگرچہ مختصر ہے مگر اجتماع کوکہ مذہب کے سکھوں کا وطن رہتا ہے۔ اور گرنتھ صاحب ہر وقت پڑھا جاتا ہے۔ بھائی مکھن سنگھ کوکہ اس دھرم سال کا مہتمم ہے۔ مکان قدیم نہیں ہے۔ پندرہ سال کا عرصہ ہوا ہے کہ یہ دھرم سال بنایا گیا اور کوکہ مذہب کے لوگ یہاں آکر عبادت کرنے لگے۔ اُس روز سے چار پانچ برس تک نہایت رونق رہی۔ جب کوکوں نے مالیر کوٹلہ میں فساد کیا اور سزایاب ہوئے اور رام سنگھ کوکہ گورو کوکوں کا مقید ہو کر رنگون بھیجا گیا تو اس دھرم سال کی رونق بھی جاتی رہی۔ مکان کا دروازہ شرق کی طرف ہے اور دروازہ کے اندر مختصر صحن ہے۔ اس میں چاہ چرخی دار ہے۔ اس صحن کے شمال کی طرف ایک بڑا دالان۔ پختہ عمارت چونہ گچ بنا ہوا ہے جس میں گرنتھ صاحب رکھا ہوا ہے اور معتقد لوگ اس کو پڑھتے ہیں۔ صحن سے غرب کی طرف ایک کوٹھڑی پختہ بنی ہوئی ہے جس کا دروازہ دالان کلاں کے اندر ہے۔ شام کے وقت شہر کے کوکے یہاں آکر جمع ہوتے اور عارفانہ گیت گاتے ہیں" [3]

**رنگون چلا جانا** رام سنگھ کوکہ کو ۱۲۷۲ھ ایکہزار دو سو بہتر ہجری مطابق ۱۸۵۶ء ایکہزار آٹھ سو چھپن عیسوی کو انگریزوں نے گرفتار کیا۔ اور رنگون لے گئے۔

رام سنگھ کی اہلیہ کا نام جیسند کور تھا۔ جو موضع بھینی کوکیاں تحصیل لدھیانہ میں رہتی تھی۔ اس کی کوئی اولاد نرینہ نہیں تھی۔ صرف ایک لڑکی تھی۔

---

[3] تاریخ لاہور صفحہ ۱۰۸ ۔ شرافت۔

Marfat.com

( ۲۲ )

## رحمان شاہ

### شیخ رحمان شاہ مجذوب لاہوری رحمۃ اللہ علیہ

آپ مرزا صدیق بیگ لاہوری رح کے مرید و خلیفہ تھے۔ پیر کی نظر توجہ سے مجذوب ہو گئے۔ لاہور کے گلی کوچوں میں مستانہ اطوار پھرا کرتے۔

**شہرت کا باعث** | حکیم احمد علی خاں لاہوری رح نے اسرار التصوف جلد دوم ص۵۲ میں لکھا ہے۔ "رحمٰن شاہ قوم کے نورباف تھے۔ اکثر اولیاء اللہ کو مکروہات زمانہ پیش آتے رہے ہیں۔ اور ان کو ایسی عورتیں ملی ہیں جو موجب تکلیف و اذیت و باعث پریشانی خاطر تھیں۔ سائیں رحمٰن شاہ بھی اسی عذاب میں گرفتار تھے۔ اُن کی بیوی اُنہیں ہمیشہ تہمت لگایا کرتی تھی کہ تم فلاں عورت کے ساتھ ناجائز تعلق رکھتے ہو۔ اُنہوں نے ایک روز تنگ آ کر آلۂ رجولیت کاٹ کر پھینک دیا۔ اور عورت کے عذاب سے یوں نجات پائی۔

شعر
زن بد در سرائے مرد نکو ہم دریں عالم ست دوزخ او

یہی فعل اُن کی شہرت کا باعث ہوا۔ اور اُن کی طرف رجوعات بکثرت ہونے لگی اور وہ اکثر اوقات شاہ عالمی دروازہ کے باہر رہا کرتے تھے اور جو نذر نیاز ان کے پاس آتی لوگ اٹھا کر لے جاتے۔ یہ حال دیکھ کر ایک عورت جس کا نام عالمے تھا اُن کو اپنے مکان میں لے گئی اور اُن کی بدولت آسودہ گذران کرنے لگی۔ یہ بقیہ عمر اُسی مکان میں جو دھائیں[۱] کنوؤں کے محلہ میں واقع ہے مقیم رہے اور آخر اسی میں مدفون ہوئے۔"

**یارِ طریقت** | آپ کے ایک درویش سید فضل شاہ مجذوب لاہوری رح مشہور گذرے ہیں۔

---

۱ صاحب تحقیقات چشتی نے آپ کی قبر کٹڑہ شالی کوہاں لاہور میں لکھی ہے۔ غالباً وہی محلہ دھائیں کنوئیں ہو گا۔ شرافت

Marfat.com

(۲۳)

# رحمت شاہ

## بابا رحمت شاہ روشن شاہی خیرپوری رح

آپ حضرت سخی روشن دین ابھرپیردی رح کے کامل درویشوں سے تھے۔ آپ کا سلسلہ فقر جاری ہے۔ آپ کا مزار خیرپور ٹامیوالی ریاست بہاولپور میں گاؤں سے ایک میل شمال کی طرف ہے۔

### شجرہ فقرائے بابا رحمت شاہ رح

بابا جندوڈا
مدفون نورپور۔ علاقہ جمال پور
تحصیل منچن آباد ضلع بہاولپور

بابا پیر شاہ رح
بابا یقین شاہ رح
بابا فتح شاہ رح
بابا بہادر شاہ رح
بابا خاکی شاہ رح
بابا لدھے شاہ رح

بابا قطب الدین رح
بابا جمال الدین رح

Marfat.com

(۲۴)

# رمضان شاہ

## بابا رمضان شاہ چاہلانوالہ رح

یہ مرید اپنے والد بابا وارث شاہ فقیر کا ۔ وہ مرید سید مٹھے شاہ کا، وہ مرید شیخ جیون شاہ چاہلانوالہ رح کا ۔

مجاور درگاہ جیون شاہ | اس کا والد بابا وارث شاہ کہیں سے چلتا پھرتا یہاں آ گیا ۔ شیخ جیون شاہ رح کے متولیوں نے اس کو درگاہ بابا صاحب رح کا مجاور بنا دیا ۔ اس دن سے اس دربار کی مجاورت کشتی اس کی اولاد میں چلی آتی ہے

بابا وارث شاہ پنجابی کا شاعر بھی تھا ۔ حضرت شیخ عبدالرحمن پاک بھڑوالہ رح کی صفت میں اس کا یہ دوھڑہ عموماً قوال لوگ مجالس سماع میں پڑھا کرتے ہیں ۔

ھ

بوھڑ جہاناں وچ دوہاں جہاناں دین دُنی دا شیرا
چوہوں کوٹاں وچ روشن ہویوں تیرا اُچ بھڑی دے ڈیرا
جے کوئی صدقوں ثابت کرسیوے تُرت کرینائیں پھیرا
میاں وارث کرے نظر مہر دی کوئی غم نہ رہ گیا میرا [1]

بابا رمضان شاہ بھی اپنے والد کی طرح موضع چاہل میں درگاہ شیخ جیون شاہ کا مجاور رہا ۔

---

[1] فیض محمد شاہی قلمی جلد دوم ۔ صفحہ ۹۲۲ شرافت ۔

Marfat.com

**اولاد** بابا رمضان شاہ کے تین بیٹے تھے۔

۱ بابا پیر شاہ رح

۲ بابا امیر شاہ رح

۳ بابا کرم شاہ رح

**یاران طریقت** اس کے خواص احباب یہ تھے۔

۱ بابا امیر شاہ۔ فرزند چاہل کلاں - گوجرانوالہ

۲ بابا پیراں دتہ جٹ 〃 〃

۳ بابا حاکم مراسی 〃 〃

**مدفن** بابا رمضان شاہ کی قبر موضع چاہل کلاں متصل قلعہ دیدار سنگھ۔ ضلع گوجرانوالہ میں۔ شیخ جیون شاہ رح کے روضہ کے متصل شرقی جانب ہے۔

## مختصر شجرہ اولاد بابا رمضان شاہ چاہلانوالہ رح

- بابا رمضان شاہ کے تین بیٹے تھے۔ پیر شاہ۔ امیر شاہ اور کرم شاہ۔
- پیر شاہ کے تین بیٹے ہوئے۔ محبوب شاہ لاولد۔ محمد دین ڈرانوالہ۔ اور حسین علی۔
- محمد دین۔ کانوں میں سونے کی بالیاں رکھتا ہے جن کو ڈر کہتے ہیں اس لیے اس کا نام سائیں ڈرانوالہ مشہور ہے۔ کنجریوں کا تماشہ اکثر اس کی مجلس میں ہوتا ہے۔ طریق ملامتی رکھتا ہے۔ ۱۳۸۰ھ میں موجود ہے۔ زیادہ تر موضع ڈسکہ ضلع سیالکوٹ میں سکونت رکھتا ہے۔ اس کا ایک بیٹا برکت علی نام ہے۔
- برکت علی کراچی چلا گیا ہے۔ وہاں کوئی ملازمت کر لی ہے۔ اس کے چار لڑکے ہیں۔ عاشق حسین۔ صادق حسین۔ شبیر حسین اور [illegible] حسین [illegible]

Marfat.com

- سائیں حسین علی ولد پیر شاہ - ایک مراسن عورت کا مرید ہے جس کا نام ملنگوں میں بوھڑ شاہ مشہور ہے ۔ یہ ۱۳۸۰ھ میں موجود ہے ۔
- امیر شاہ ولد بابا رمضان شاہ کا ایک لڑکا چراغ نامی تھا جو لاولد فوت ہوا۔ کرم شاہ ولد بابا رمضان شاہ کے ۳ تین بیٹے تھے۔ افضل دین ۔ خدا بخش ۔ اور ٹھڑو ۔ موخر الذکر دونو لاولد فوت ہوئے ۔
- افضل دین کا ایک لڑکا حیات اس وقت موجود ہے ۔

## شجرہ فقرائے بابا رمضان شاہ چاہلانوالہ

بابا امیر شاہ ولد رمضان شاہ ؒ

- لنگری مراسی ساکن چاہل
- حیات ماچھی ساکن چاہل
- سائیں صوبے شاہ ولد پیر شاہ
- سائیں محمد دین المعروف بابا ڈرانوالہ ولد پیر شاہ چاہلانوالہ
  - سائیں برکت علی ولد ڈرانوالہ
  - مولوی سردار ساکن چاہل
  - فقیر محمد نمبردار ساکن چاہل
  - ڈاکٹر فقیر محمد ۔ نور پور چاہلاں
  - ماسٹر عنایت علی نور پور چاہلاں
  - سادھو سائیں چھترپالہ چک ضلع شیخوپورہ
    - صادق حسین ولد برکت علی
- سائیں نور خلیفہ ساکن نور پور چاہلاں ضلع گوجرانوالہ یہ قوم باقندہ سے تھا پیر والد ماجد اعلیحضرت مولانا سید شاہ غلام مصطفی صاحب نوشاہی ؒ کا مرید تھا و معتقد تھا ۔ ان سے بھی فیضیاب ہوا بھری شاہ رحمان کے میلہ پر لنگر کی دال تقسیم کرنے پر مقرر ہوا کرتا تھا لاولد فوت ہوا ۔

Marfat.com

# س

(۲۵)

## سرفراز شاہ

### شیخ سرفراز شاہ برقندازی پٹیالوی رح

آپ حضرت سید جعفر شاہ مجذوب نوشاھی برقندازی پٹیالوی رح کے مرید خلیفہ اعظم وسجادہ نشین تھے۔ پٹیالہ (مقام ریاست) میں سکونت رکھتے تھے۔

**اپنے پیر کا روضہ تعمیر کرنا** | جب سید جعفر شاہ رح کا انتقال ہوا تو راجہ کرم سنگھ والی پٹیالہ نے اپنے خزانہ سے کافی روپیہ دیا۔ آپ نے اپنے اہتمام سے اُن کے مزار پر گنبد بنوایا اور مدت العمر اس دربار کے متوتی رہے۔

**بیماروں کا شفا پانا** | ایکبار شہر پٹیالہ میں ہیضہ کی وبا پھیل گئی۔ آپ نے اپنے خلیفہ بابا عبدالحکیم طبیب کو فرمایا کہ بلیلہ زرد کو دو دیگوں میں جوش دے کر دہ پانی بوتلوں میں بھرلو۔ اور ھر مریض کو تین خوراک پلاتے جاؤ۔ اللہ کریم شفا دے دیوے گا۔ چنانچہ اُنہوں نے یہی عمل شروع کیا تو اللہ تعالٰی نے سب بیماروں کو شفا بخش دی۔

**یاران طریقت** | آپ کے خواص درویش یہ تھے۔

۱ بابا ساون شاہ۔ ساکن راہوں شریف تحصیل نواں شہر۔ ضلع جالندھر

۲ بابا عبدالحکیم۔ طبیب شاھی ریاست پٹیالہ۔ ان کی قبر اپنے پیر کی چار دیواری میں

**مدفن** | شیخ سرفراز شاہ کا مزار شہر پٹیالہ میں ہے۔ چاردیواری بنی ہوئی ہے۔ لوہے کا پھاٹک ہے۔ اوپر نیم کا درخت سایہ کر رہا ہے۔

Marfat.com

( ۲۶ )

## سلطان و عظمت

### میاں سلطان و عظمت قوالان ابھیروی رح

یہ دونو بھائی۔ میاں باقر قوال ابھیروی کے چھوٹے بھائی۔ اور حضرت سخی روشن دین صاحب رح کے مرید اور قوال خاص تھے۔ بمقام ابھیرا۔ ضلع بہاول نگر میں سکونت رکھتے تھے۔

### شجرہ اولاد میاں سلطان و عظمت قوال ابھیروی

- میاں سلطان کے دو بیٹے تھے۔ صلابت اور حسن علی۔
- صلابت کے تین بیٹے تھے۔ رحمان۔ رحیم اور احمد یار۔
- رحمان کے دو بیٹے تھے۔ امام بخش اور پیر بخش۔
- امام بخش کے دو بیٹے تھے۔ محمد بخش اور مراد۔
- محمد بخش کے تین بیٹے ہوئے۔ سلطان۔ دریام اور غلام۔
- سلطان کے تین لڑکے ہیں۔ فضل حق۔ رحیم بخش اور مہر علی۔ تینوں ۱۳۸۰ھ میں موجود ہیں
- دریام ولد محمد بخش کا ایک لڑکا محمد شریف موجود ہے۔
- مراد ولد امام بخش کے دو لڑکے خادم علی اور عاشق علی موجود ہیں۔
- پیر بخش ولد رحمان کے چار بیٹے تھے۔ میراں بخش۔ اللہ یار لاولد۔ محمد یار اور رحیم دین
- میراں بخش کے دو بیٹے مولا بخش و الٰہی بخش موجود ہیں۔
- محمد یار ولد پیر بخش کا ایک بیٹا عبدالغفور موجود ہے۔

Marfat.com

- رحیم ولد صلابت کے ۳ تین بیٹے تھے۔ حسن، حسین اور رمضان۔
- حسن کے ۲ دو بیٹے تھے۔ عطا محمد اور امیر بخش۔
- عطا محمد کے ۲ دو بیٹے محمد علی اور سردار علی موجود ہیں۔
- محمد علی کے ۲ دو لڑکے محمد شفیع اور عبد الغنی موجود ہیں۔
- امیر بخش ولد حسن کا ایک لڑکا محمد شریف موجود ہے۔
- حسین ولد رحیم کے تین بیٹے۔ خان محمد۔ جان محمد اور سلطان محمد موجود ہیں۔
- رمضان ولد رحیم کا ایک بیٹا صدر دین نام موجود ہے۔
- احمد یار ولد صلابت کے ۲ دو بیٹے تھے۔ اللہ دتہ اور نور دین۔
- اللہ دتہ کے ۲ دو بیٹے بخت علی اور رمد علی موجود ہیں۔
- نور دین ولد احمد یار کا ایک بیٹا برکت علی موجود ہے۔
- حسن علی ولد میاں سلطان کا ایک بیٹا اللہ بخش نام تھا۔
- اللہ بخش کے ۳ تین بیٹے تھے۔ عظیم۔ کریم۔ اور ابراہیم۔
- عظیم کا ایک بیٹا اللہ بخش تھا۔
- اللہ بخش کا ایک لڑکا اللہ دتہ تھا جو بچپن میں فوت ہو گیا۔
- کریم ولد اللہ بخش ولد حسن علی کا ایک لڑکا محمد علی موجود ہے۔
- محمد علی کا ایک لڑکا شہادت علی المعروف برکت علی موجود ہے۔
- میاں عظمت قوال کے ۲ دو بیٹے تھے۔ عیسیٰ اور بابا ل۔ دونوں لاولد فوت ہوئے

Marfat.com

(٢٧)

# سلطان شاہ

## شیخ سلطان شاہ شیر گڑھی رح

آپ حضرت سخی روشن دین ابھر یری رح کے اکابر خلیفوں سے تھے بموضع تلمبہ ضلع ملتان کے رہنے والے تھے[ل]۔ پیر روشن ضمیر نے آپ کو خلافت دے کر طالبان ہدایت کی دستگیری کے لئے موضع شیر گڑھ میں بھیج دیا۔ آپ کو حضرت شیخ داؤد کرمانی قادری سے بھی روحانی فیض پہنچا۔

**اسم ذات کا نقش** | آپ چھاپہ گری کا پیشہ کرتے تھے یعنی کپڑوں پر بیل بوٹہ چھاپا کرتے۔ جب آپ پر جذب کی حالت طاری ہوتی تو بجائے نقش و نگار کے اسم اللہ چھپ جاتا۔

**یاران طریقت** | آپ کے خواص مریدین یہ تھے۔

١ بابا شدے شاہ رح انار کلی لاہور۔

٢ بابا محکم شاہ رح

٣ بابا عظمت شاہ رح

---

ل مفتی غلام سرور لاہوری رح کی کتاب مخزن پنجاب صفحہ ۲۳۸ میں لکھا ہے۔ شیر گڑھ دوابہ باری ضلع منٹگمری کے متعلق یہ قصبہ بڑا آباد مکان ہے شیخ داؤد کرمانی قادری رح کا روضہ یہاں بنا ہوا ہے جس کا ذکر علیحدہ تحریر ہوگا۔ اس قصبہ کی بنیاد پہلے سید شیر شاہ قادری نے جو شیخ داؤد کے بھائی تھے اور روضہ ان کا ملتان کی نواح میں ایک مشہور روضہ ہے رکھی۔ اور آباد کرا کے اپنے نام سے نام اس کا شیر گڑھ رکھا۔ ہندو مسلمان دیر ارادت یہاں بہت رہتے ہیں۔ آبادی بارونق و بازار پر تجارت ہے۔ ہر سویں روز شیخ داؤد رح کے مزار پر بڑا بھاری میلہ ہوتا ہے۔ مزار

Marfat.com

۴ بابا احمد یار درویش۔

۵ بابا درگاہی شاہ جٹ۔

۶ بابا سپاہی شاہ جٹ۔

**مدفن** | شیخ سلطان شاہ کی وفات تیرہویں[۱۳] ساون سمت ـــــ کو ہوئی۔ مزار شیر گڑھ ضلع ساہیوال میں ہے۔

## شجرہ فقرائے شیخ سلطان شاہ شیر گڑھی

**بابا عظمت شاہ**

بابا مستان شاہ ۔ ساکن لالے والہ بمتصل حجرہ منورہ شاہ مقیم ضلع ساہیوال۔

بابا ملک شاہ ولد مستان شاہ لالے والہ۔

بابا چراغ شاہ جٹ ۔ ساکن بٹر سوڈھیاں، علاقہ مالوہ ۔ حال [illegible] [illegible] ضلع لاہور نے سال ۱۳۷۵ھ ۱۹۵۵ء میں فوت ہوا۔

سائیں توکل [illegible] ۔ ساکن [illegible] ضلع لاہور ۱۳۷۶ھ ۱۹۵۶ء میں درگاہ حضرت شیخ عبدالرحمن [illegible] مقام حجری شریف مجاور و جاروب کش ہے۔

**بابا محکم شاہ**

بابا حکمت شاہ ۔ ماڑی ننگوڑن علاقہ کالرہ

بابا عالم شاہ کمہار ۔ ماڑی

سائیں گگھر شاہ عیسائی ۔ ماڑی

[سائیں مرجانا ۔ عرف سائیکے شاہ ۔ عیسائی ۔ [illegible] شاہ کوٹ ضلع شیخوپورہ [illegible] ۱۳۸۰ھ ۱۹۶۰ء میں [illegible]]

[سائیں [illegible]]

Marfat.com

(۲۸)

## سلطان شاہ

## میاں سلطان شاہ گاجر گولیہ ج

آپ میاں امام شاہ ولد میاں لال شاہ گاجر گولیہ کے فرزند اکبر اور سجادہ نشین تھے بیعت و خلافت اپنے حقیقی چچا میاں امیر شاہ ولد میاں لال شاہ رح سے تھی۔
وہ مرید اپنے والد میاں لال شاہ شہید بن شاہ غریب گاجر گولیہ کے تھے۔

**تاثیر زبان** | ایک روز آپ نے مجلس میں بیٹھے ہوئے کلمہ طیبہ بلند آواز سے پڑھا، ایک ہندو بھی وہاں حاضر تھا۔ اس کی زبان پر بھی کلمہ شریف جاری ہو گیا۔[1]

**طی زمان و زمین** | ایک مرتبہ آپ کنوئیں چلا کر کیارے میں پانی لگا کر دس میل کا فاصلہ رسول نگر میں جا کر سبجی کا بیج خرید کر لائے جب واپس آئے تو اسی کیارے میں پانی لگا تھا۔ بیس میل کا فاصلہ پاپیادہ طے کیا۔ ابھی وہی وقت تھا۔[2]

**اولاد** | آپ کے دو بیٹے تھے۔

۱ میاں مہر شاہ سجادہ نشین گاجر گولہ

۲ میاں رنگ شاہ رح "

**یاران طریقت** | آپ کے خواص مریدین یہ تھے

۱ سائیں یقین علی درویش نومسلم — گاجر گولہ ضلع گوجرانوالہ

۲ میاں ماھی کمہار — " "

---

[1] فیض محمد شاہی قلمی جلد اول ص ۶۲ [2] ایضاً ص ۶۲ ۔ شرافت۔

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| ۳ | میاں فیض احمد ولد حسن محمد تارڑ | گورھا بہ ضلع گجرات |
| ۴ | میاں غلام قادر ولد فیض احمد تارڑ | " " |
| ۵ | چودھری کرم دین " | " " |

**تاریخ وفات** | میاں سلطان ۱ کی وفات تیئیسویں (۲۳) رجب ۱۳۰۶ھ ایکہزار تین سو چھ ہجری مطابق پچیسویں (۲۵) مارچ ۱۸۸۹ء ایکہزار آٹھ سو نوانوے عیسوی موافق بارہویں (۱۲) جیٹھ سمت ۱۹۴۵ ایکہزار نو سو پینتالیس بکرمی کو بعہد سلطنت ملکہ وکٹوریہ ہوئی ۳۳ سنہ تینتیس جلوسی تھا۔

آپ کی قبر گاجرگولہ ضلع گوجرانوالہ میں حضرت شاہ عبدہ کے گورستان میں ہے۔

مادۂ تاریخ

"سلطان شاہ ذی علم" ۱۳۰۶ھ

Marfat.com

( ۲۹ )

# سلطان محمود

## میاں سلطان محمود اُبھریروی ؒ

آپ حضرت سخی روشن دین صاحب اُبھریروی رح کے چھوٹے بھائی اور مرید و خلیفہ تھے۔ اپنے بھائی صاحب کے بعد بمقام اُبھریرے ضلع بہاولنگر اُن کی درگاہ کے سجادہ نشین مقرر ہوئے۔ اب تک آپ کی اولاد متولی و سجادہ نشین چلی آتی ہے۔

## شجرۂ اولادِ میاں سلطان محمود اُبھریروی ؒ

- میاں سلطان محمود صاحب کے دو بیٹے تھے۔ میاں قطب الدین۔ میاں نور محمد
- میاں قطب الدین سجادہ نشین کے تین بیٹے تھے۔ میاں رکن الدین میاں مستقیم اور میاں موج الدین
- میاں رکن الدین سجادہ نشین کے دو بیٹے تھے۔ میاں جمال الدین۔ میاں احمد جو لاولد تھا
- میاں جمال الدین سجادہ نشین کے تین بیٹے تھے۔ میاں کرم الدین لاولد۔ میاں غلام قادر میاں بدر الدین۔
- میاں غلام قادر اس وقت ۱۹۵۶ء میں سجادہ نشین موجود ہیں۔ ان کے تین لڑکے میاں نیاز احمد۔ میاں فضل احمد اور میاں علی بہادر موجود ہیں۔
- میاں بدر الدین ولد میاں جمال الدین کا ایک لڑکا محمد نواز تھا جو بچپن میں فوت ہو گیا۔
- میاں مستقیم ولد میاں قطب الدین کا ایک بیٹا میاں شہاب الدین تھا۔
- میاں شہاب الدین کے دو لڑکے محمد عارف اور محمد غوث تھے۔ جو لاولد فوت ہوئے۔

Marfat.com

- میاں موج الدین ولد میاں قطب الدین کے دو بیٹے تھے۔ میاں فتح الدین اور میاں قمر الدین۔
- میاں فتح الدین کا ایک بیٹا نور جہان ہے۔
- میاں قمر الدین ولد میاں موج الدین کا ایک بیٹا میاں محمد حنیف موجود ہے۔
- میاں محمد حنیف کے پانچ لڑکے محمد عارف۔ محمد غوث۔ علی اکبر۔ علی انور اور غلام سرور موجود ہیں۔
- میاں نور محمد ولد میاں سلطان محمود کے ایک ہی فرزند میاں نبی بخش تھے۔
- میاں نبی بخش کے دو بیٹے تھے۔ میاں غلام حسین اور میاں غلام فرید لاولد۔
- میاں غلام حسن کے ایک فرزند میاں جان محمد موجود ہیں۔
- میاں جان محمد کا ایک لڑکا میاں محمد علی موجود ہے۔

## شجرہ فقرات میاں سلطان محمود ؒ

|

میاں قطب الدین بن سلطان محمود ؒ

|

میاں رکن الدین بن قطب الدین ؒ

|

میاں اللہ جوایا بن رکن الدین ؒ

|

سید محمود شاہ — مدفون سانده ۔ لاہور

ان کا سالانہ عرس بڑی دھوم دھام سے ہوتا ہے۔

Marfat.com

(۳۰)

# سلطانؒ ملک

## میاں سلطانؒ ملک سچیاری نوشہروی رح

آپ حضرت سلطان محمد ولد میاں محمد اکرم سچیاری نوشہروی کے فرزند سعادتمند تھے
آپ کے حالات شریف التواریخ کی دوسری جلد موسوم بہ طبقات النوشاھیہ کے چھٹے طبقہ سچیاریہ
میں گذر چکے ہیں اس لئے اعادہ کی ضرورت نہیں۔

**اولاد** | آپ کے چھ بیٹے تھے۔

۱ میاں سلطان محمود رح
۲ میاں سلطان مست رح
۳ میاں سلطان فضل رح
۴ میاں سلطان شیر رح
۵ میاں حسن محمد رح
۶ میاں حشمت علی رح

**تاریخ وفات** | سلطان ملک کی وفات ۱۲۶۷ھ ایکہزار دو سو سٹھ ہجری مطابق ۱۸۵۱ء
ایکہزار آٹھ سو اکاون عیسوی میں بعہد حکومت سراج الدین بہادر شاہ ظفر آخری تاجدار
دہلی ہوئی ۔ ۱۵ ۔ سنہ پندرہواں جلوسی تھا۔

اُسوقت ہندوستان کا گورنر لارڈ ڈلہوزی تھا ۔ اسکی گورنری کا چوتھا سال تھا قبر نوشہرہ
شریف ضلع گجرات میں ہے۔

مادۂ تاریخ

"سلطان خیابان جنت" ۱۲۶۷ھ

Marfat.com

## شجرہ فقرائے میاں سلطان ملک نوشہروی

- میاں فضل شاہ گجھ ڈگری ضلع سیالکوٹ
  - میاں وزیر شاہ
    - میاں عالم دین۔

- سلطان شیر ولد سلطان ملک نوشہروی
  - میاں فوجدار علی ولد سلطان شیر
    - بابا حضوری شاہ درویش
      - بابا دمونڈھی شاہ فقیر
        - حکیم عبدالمجید ابدالوی۔ یہ کوٹ مینلا ضلع گوجرانوالہ میں رہتے ہیں طبابت کرتے ہیں ۱۳۸۹ھ/۱۹۶۹ء میں موجود ہیں میرے احباب میں ہیں دعا، عملیات کی اجازت مجھ سے حاصل کی ہیں۔

Marfat.com

# ش

(۳۱)

## شرف الدین

### حافظ شرف الدین شاہجہان آبادیؒ

آپ کے والد کا نام میاں محکم الدین ولد شاہ بولا رہتاسی تھا۔ آبا و اجداد سے پیشہ خیاطت کرتے تھے۔ آپ کے دادا صاحب قلعہ رہتاس (ضلع جہلم) کے رہنے والے تھے۔ اور حضرت سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوان رح کے مرید تھے۔ آپ صاحب علم وفضل قرآن مجید کے حافظ، اور عاشقانِ نوشاہ عالیجاہ رح سے تھے۔ آپ شاہجہان آباد میں چلے گئے۔ وہاں آپ کے رشتہ دار میاں نصر اللہ وحسن وعبد الرزاق وخیر اللہ وغیرہ خیاطان تھے۔ اُن کے پاس سکونت اختیار کی۔ ایک مرتبہ سید محمد عظیم فرزند اصغر شاہ عصمت اللہ صاحب رح بمعہ سید نیک عالم صاحب رح دہلی تشریف لے گئے تھے۔ حافظ صاحب اُن کی زیارت وخدمت سے بھی مشرف ہوئے۔

**مکتوب شریف** | ایک مرتبہ آپ نے شاہجہان آباد سے ایک مکتوب حضرت سید فتح الدین کے نام ارسال کیا۔ جو حضرت سید محمد عظیم رح کے صاحبزادہ تھے۔ اس میں نہایت عجز و انکسار اور اپنے شوق کا اظہار کیا ہے۔ وہ مکتوب یہ ہے۔

"حقایق آگاہ معارف دستگاہ حضرت میاں فتح دین صاحب سلمہ ربہٗ

از کمترین حافظ شرف الدین پسر محکم دین نبیرہ میاں شاہ بولا خادم حضرت شاہ عصمت اللہ بعد از بندگی وقدمبوسی واضح رائے عالی باد۔ بندہ ہمراہ فیض اللہ خیاط ارادۂ این سمت کردہ بود لیکن از قدمبوسی محروم ماندہ۔ چراکہ میاں فیض اللہ تا عرس این جانب

Marfat.com

نمانده ازین حیث بنده لاچار شده باز قصد بطرف شاه جهان آباد کرده . دوری نیز
ارادهٔ قدمبوسی داشته بود . ازین موجب امیدوار است که جواب این عریضه بطرف
شاه جهان آباد بطرف خانه میان نصر الله و حسن و عبد الرزاق و خیر الله خیاط
بمحله پہاڑی متصل حویلی قربجانه نصر الله خیاط بنویسند . و غلام خانه زاد نبیره
شاه بو الا ساکن قصبهٔ رهتاس است و غلام ببر محمد مکم دین است و خادم جد شما است
باید که اول و آخر نگاه پرورش بهر امور بر فدوی دارند . و تفضلات و عنایات
بر فدوی نمایند . بعد که عنایت نامه شفقت آمود بطرف شاه جهان آباد مرحمت نمایند
دوری را خویشان دانند . دیگر آنکه یک دفعه حضرت خداوند میان محمد عظیم صاحب
و میان نیک عالم در شاه جهان آباد تشریف آورده بودند . و حضرت شاه عصمت الله
صاحب بر شاه بو لا شفقت و عنایت بسیار فرموده بودند . حالا این فدوی امیدوار
است که از شفقت و از عنایت خود فدوی را فراموش ندارند . و اشتیاق قدمبوسی
در حد نهایت بوده لیکن از باعث لاچاری راه همراه میان فیض الله رفته . از
شفقت خود فراموش نسازند . و جواب عریضه بطرف شاه جهان آباد ضرور عنایت نمایند
از طرف میان فیض الله و میان شمس صاحب بندگی .

(حافظ محمد شمس الدین) مُہر

(۳۲)

## شیخ احمد

### مولانا شیخ احمد فاروقی رسولنگری رح

آپ فاروقی النسب تھے۔ حضرت مولانا سید حافظ نور اللہ فرشتہ صفات برخورداری ساہنپالوی رح مفتی رسول نگر کے مرید و خلیفہ تھے۔ صاحب علم و فضل و زہد و تقویٰ تھے۔ علوم معقول و منقول میں بلند پایہ تھے۔ آپ کی سکونت رکھ چھہ میں تھی۔ جو دریائے چناب کے جنوبی کنارہ پر واقع ہے۔ اس علاقہ میں آپ کا فتوےٰ مقبول تھا۔

**نسب نامہ** | آپ کے والد صاحب کا نام میاں مشرف تھا خلف الرشید میاں مخدوم بن میاں معصوم بن میاں علم الدین بن میاں شاہ نوح بن میاں شاہ داد بن میاں فتح محمد بن میاں بازید بن میاں محمد فاروق رحمہم اللہ۔ [۱] ۱۵ رجب ۱۲۱۲ھ میں پیدا ہوئے۔ [۲]

**اولاد** | آپ کے ایک ہی فرزند مولانا غلام قادر شایق رسولنگری رح تھے۔

**تاریخ وفات** | مولانا شیخ احمد کی وفات ۱۲۴۳ھ ایکہزار دوسو تینتالیس ہجری مطابق ۱۸۲۷ء ایکہزار آٹھ سو ستائیس عیسوی میں بعہد سلطنت ابو النصر معین الدین محمد اکبر شاہ ثانی بن شاہ عالم ثانی بادشاہ دہلی ہوئی ۲۳ تیئیسواں جلوسی تھا۔ قبر رکھ چھہ ضلع گوجرانوالہ میں ہے۔ انگریزوں کی طرف سے اس وقت ہندوستان کا گورنر ولیم بینٹنک تھا۔ اس کی گورنری کا پہلا سال تھا۔

پنجاب کی حکومت پر رنجیت سنگھ کو اٹھائیسواں ۲۸ سال تھا۔

---

[۱] بیاض خاندان فاروقیہ قلمی۔ مملوکہ سید شرافت نوشاہی عفا اللہ عنہ۔ شرافت

[۲] تحریر مولوی غلام قادر شایق۔ شرافت

Marfat.com

## قطعۂ تاریخ

از مولانا غلام قادر شایق رسولنگری رہ

سے

لقد مات مولای شیخ احمد — فیا قلب لح انہ لائق

فقد کان مستکملا من حکم — ومن طعم کل الفنون ذائق

ومن کل نوع العلوم اکتسب — فمنہا الی علم دین شائق

بطرق المعالی بحسن الاداء — لخیل التقی قائد سائق

فان شئت تاریخ ذاک الرشید

فقل ۔ عالم فاضل فائق ۲ھ

۱۳۴۳ھ

### مادۂ تاریخ

"یا رغسم" ۱۳۴۳ھ

---

۲ھ [illegible] مولانا غلام قادر شایق [illegible] مولوی [illegible] شایق [illegible]
[illegible] عبارت [illegible] "یا [illegible] فائق [illegible]
[illegible] فافہم ۔

[illegible]

شیخ احمد [illegible]

# ع

(۳۳)

عبدالغفور

## میاں عبدالغفور جھنگی والرحؒ

آپ میاں شہاب الدین ولد بابا سپاہی شاہ جھنگی والرحؒ کے بڑے بیٹے تھے۔
بیعت وخلافت اپنے دادا صاحب سے بلاواسطہ پائی تھی۔ اپنے دادا صاحب کے
بعد سجادہ ہدایت پر بیٹھے۔ چونکہ آپ کے والد بزرگوار پہلے ہی فوت ہو چکے تھے۔
اس لئے جد امجد کے بعد سجادہ نشینی کا منصب آپ کو ملا۔

عبادت وریاضت | صاحب تذکرۃ المشائخ نے لکھا ہے۔

"آپ بڑے کامل اولیاء اللہ سے تھے۔ اور بڑے زاہد عابد پابند شرع تھے۔
اور گوشہ تنہائی میں رہتے تھے۔ اور شب و روز عبادت میں مصروف رہا کرتے تھے۔
اور صاحب کرامات وخرق عادات تھے۔ اور اکثر عالم جنات آپ کے تابع فرمان تھے۔
اور تعلیم روحانی اور قرآنی حاصل کرتے تھے۔ اور آپ پر مجمع رجوعات خلائق
بہت رہتا تھا۔ اور عالم ملکوت آپ پر مفتون وشیدا تھے۔ اور آپ پنجگانہ نماز کے علاوہ
دوامی تہجد خواں بھی تھے۔ آپ نے اپنے جملہ وظائف کو مجموعہ وظائف سپاہی شاہ میں درج کیا ہے"

اولاد | آپ کا ایک ہی بیٹا میاں شاہ چراغ نام تھا۔

یاران طریقت | آپ کے خواص درویش یہ تھے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | میاں شاہ چراغ فرزند | | جھنگی باھی شاہ۔ ہوشیار پور |
| ۲ | حاجی عطا محمد۔ برادر خورد | ″ | ″ |

Marfat.com

۳ بابا ببیر شاہ رح۔ ساکن جلال پور متصل میانی افغاناں ۔ ضلع ہوشیارپور

۴ سید حیدر شاہ رح ساکن ماکھہ ۔ تحصیل دسوہہ

مدح و توصیف | آپ کی توصیف میں سائیں امام شاہ سید پوری رح نے چند اشعار رسالہ مجموعہ کافیات میں لکھے ہیں۔ جو یہ ہیں

حضرت ماھی شاہ کا ، فضل کرم کر شاہ غفور
دُکھ وجود دل ہوون دُور فضل کرم کر شاہ غفور

شاہ سپاھی ہوا جو ، ان پہلا جانشین جہان
ہے سب اسرار کُل ظہور فضل کرم کر شاہ غفور

پیر میرا درگاھی شاہ ہے اوہ صاحب بے پرواہ
مے ذاتی میں ہے مخمور فضل کرم کر شاہ غفور

حضرت شاہ شہاب الدین پیر محمد بخش قدیم
صاحب حشم نماز غرور فضل کرم کر شاہ غفور

حاجی عطا محمد نام میں اس گھر کا سدا غلام
فضل کرم کر شاہ غفور

مدفن | میاں عبد الغفور صاحب رح کی قبر موضع جھنگی ماھی شاہ ضلع ہوشیارپور میں ہے

Marfat.com

(۳۴)

# عظمت

## شیخ عظمت بھورے والہ

آپ قوم حالیب بکاندراغ ضلع جہلم کے رہنے والے تھے۔ شوق آپ ہی دامنگیر ہوا تو سیر و سیاحت کرتے ہوئے موضع گورھایہ ضلع گجرات میں وارد ہوئے۔ جو دریائے چناب کے شمالی کنارہ پر قصبہ شادیوال کے قریب واقع ہے۔

موضع گورھایہ میں میاں بخت جمال نوشاھی رہتے تھے۔ اُن کے ساتھ بیعت کی۔ وہ مرید اپنے والد میاں شیر محمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے تھے۔ جن کا ذکر اس کتاب تذکرہ نوشاہیہ کے تیسرے حصہ موسوم بہ معارف الابرار میں لکھا جا چکا ہے۔

آپ چونکہ بھورا (سیاہ کمبل) اوڑھے رکھتے تھے۔ اس لئے سائیں بھورے والہ کے نام سے مشہور ہوئے۔

ملازمت | موضع قلعہ دار کے مہاجن نے میاں بخت جمال کو کہا کہ مجھے نوکر کی ضرورت ہے ایک درویش مجھے دے دو۔ انہوں نے سائیں بھورے والہ اُس کے سپرد کیا۔ بھینس کے چارہ ڈالنے کی خدمت آپ کے سپرد ہوئی۔ ایک دن مہاجن نے دیکھا کہ چارہ کی گٹھڑی آپ کے سر سے اونچی چلی جا رہی ہے۔ اُس روز سے وہ آپ کا مطیع ہو گیا اور آپ کو پیر صاحب کی خدمت میں بھیج دیا۔

دھارووالہ میں سکونت | میاں بخت جمال صاحب حج کی طرف روانہ ہوئے۔ تو آپ کو موضع دھارووالہ میں ایک جگہ پر بٹھا دیا اور فرمایا کہ تمہارا یہیں ٹھکانا ہے۔ چنانچہ آپ نے اسی جگہ قیام کیا۔

Marfat.com

# کرامات

**کشف کونی** | آپ رات دن یادِ الٰہی میں مشغول رہا کرتے تھے۔ موضع جھبورانوالی کا ایک زمیندار عصمت اللہ وڑائچ۔ لوگوں کا مال مویشی چراتا تھا۔ فرصت کے وقت آپ کے پاس آ بیٹھتا۔ ایکدن پانچ روپے آپ نے اُس سے اُدھار لئے۔ چند ماہ کے بعد ایک دن وہ مانگنے کے واسطے آیا۔ راستہ میں اُس کو ایک بٹوا پڑا ہوا ملا۔ جب کھولا تو اس میں پانچ روپے تھے۔ وہ لے لئے۔ اور آپ کے پاس آکر اپنے روپے طلب کئے۔ آپ نے کہا کہ روپے تو تم کو راستہ میں ہی دے دئیے گئے ہیں۔ اب دوبارہ مانگتے ہو۔ وہ آپ کا مرید ہو گیا۔

**نمبرداری ملنا** | مسمی عصمت اللہ کا معمول تھا۔ کہ مویشیوں کو جنگل میں چھوڑ کر آپ کی خدمت میں آکر بیٹھا رہتا۔ ایک روز مویشی آوارہ ہو گئے۔ شام کو گھر نہ آئے۔ لوگوں نے اُس کو مجبور کیا کہ ہمارے مویشی لاؤ۔ اُس نے سائیں صاحب کے آگے عرض کی۔ آپ نے فرمایا۔ سب مویشیوں کے نام لے کر بُلاتے جاؤ۔ چنانچہ بُلانے سے سب مویشی خود بخود جنگل سے چلے آئے۔ آپ نے اس کو کہا کہ اب کسی کے مویشی نہ چرانا۔ چنانچہ دوسرے روز وہ دائرہ میں بیٹھ رہا۔ بہتیرا لوگوں نے کہا۔ مگر اُس نے مویشی نہ ہانکے۔ اسی اثنا میں چند سپاہی آئے اور کہا کہ راجہ رنجیت سنگھ نمبردار کو بلاتا ہے۔ لوگوں نے از راہ تمسخر عصمت اللہ کی طرف اشارہ کیا کہ یہ نمبردار ہے۔ وہ اُس کو ساتھ لے کر راجہ کے سامنے لے گئے۔ راجہ صاحب نے اس کو گھوڑا۔ جوڑا۔ سونے کے کڑے۔ اور خلعت نمبرداری عطا کیا اور سات عدد کنوؤں کی زمین اُس کے نام لگا دی۔ چنانچہ آجتک نمبرداری اس کی اولاد میں چلی آتی ہے۔ چوہدری عنایت اللہ نام ایک شخص ذیلدار بھی ہوا ہے۔ چوہدری عصمت اللہ نے کچھ قطعہ زمین آپ کی خدمت میں بھی نذر کر دیا۔ جس میں سے سولہ بیگھہ زمین آستانہ مکان کے پاس موجود ہے۔

Marfat.com

**مٹی کے کھلونے چلنے لگے** | ایک دن آپ موضع جھیورانوالی میں گئے۔ آپ کا بچہ نکا نامی بھی ساتھ تھا۔ اُس نے چودھری عصمت اللہ کو کہا کہ مجھے بیلوں کی جوک بنا دے۔ اس نے جیساکہ بچے کھیلتے ہیں ایک گھاگ توڑ کر بیل بنا دیئے۔ نکا نے کہا کہ یہ چلتے نہیں۔ اُس وقت آپ نے کہا۔ ان کو چھڑی مارو۔ جب نکا نے چھڑی ماری تو وہ مٹی کے بیل قدرت الٰہی سے چلنے لگے۔ اس کرامت کو دیکھ کر بہت لوگ مرید ہو گئے۔

**اولاد** | آپ کا ایک ہی لڑکا میاں نکا نام تھا۔ جو بچپن میں فوت ہو گیا۔

**یاران طریقت** | آپ کے خواص مریدین یہ تھے۔

۱ میاں خدا بخش ٹوپی والے ساکن کوٹ جعفر۔ ضلع گوجرانوالہ۔ اس کا ایک مرید سائیں اللہ دتہ جعفر کوٹی ۱۳۴۶ھ / ۱۹۲۷ء میں موجود تھا۔

۲ چودھری عصمت اللہ ڈرائیور۔ ساکن جھیورانوالی۔ ضلع گجرات۔

۳ چودھری فضل الدین۔ ساکن جھیورانوالی۔ اس نے آپ کے مزار کے گرد پختہ چاردیواری بنوائی۔

**تبرکات** | آپ کا بھورا۔ کرتہ۔ چادر۔ دستارچہ۔ سائیں محمد شاہ متولی کے پاس ۱۳۴۶ھ / ۱۹۲۷ء میں موجود ہیں۔ اس کے دو بیٹے فضل حسین اور محمد شریف نام موجود ہیں۔

**مدفن** | سائیں بھورے والے کا مزار موضع دھاروالہ ضلع گجرات میں۔ گاؤں سے شرقی جانب۔ بارونق مکان ہے۔ میں نے ۱۳۴۶ھ / ۱۹۲۷ء میں دیکھا۔ کنواں جاری۔ درختان سایہ دار کافی ہیں۔ ہر سال ماہ ہاڑ کی چوتھی جمعرات کو میلہ ہوا کرتا ہے۔

Marfat.com

# غ

(۳۵)

## غازیخاں

### چودھری غازی خاں تارڑ ساہنپالوی رح

والد کا نام محمد یار ولد خان محمد بن محمد قلی بن چودھری ساہن پال قوم تارڑ تھا۔ آباؤاجداد سے سلسلۂ نوشاہیہ کے ارادتمندوں سے چلے آتے تھے۔

اس نے حضرت مولانا سید حافظ نور اللہ فرشتہ صفات برخورداری ساہنپالوی مفتی رسول نگر کی جناب والا میں بیعت وارادت حاصل کی۔

**عبادت وریاضت** | چودھری نہایت کریم النفس۔ زاہد اور اہل عبادت تھا۔ سر پر لمبے بال رکھے تھے۔ رات کو چھت سے باندھ کر یادِ الٰہی کیا کرتا۔ روزانہ صبح کو چہرہ پر نقاب ڈال کر درگاہِ عالیہ حضرت نوشاہِ عالیجاہ رح پر حاضر ہوتا۔ سب سے پہلے مزارِ پرانوار کے دیدار سے آنکھوں کو منور کرتا۔ اس کے بعد کسی دوسری چیز کی طرف دیکھتا۔ اپنی داڑھی سے مزار پر جھاڑو دیا کرتا تھا۔[1]

**دربارِ نوشاہِ عالیجاہ رح میں منظور ہونا** | ایک مرتبہ سائیں نام مزمی حضرت نوشاہ کے دربار شریف پر آیا۔ روزانہ روضۂ مبارک کے سامنے چوکی [illegible] آپ [illegible] مجلس میں آپ کے [illegible] میں سے ایک [illegible] نفس میں اسی طرح چند روز [illegible] میں [illegible]

---

[1] [illegible]

Marfat.com

آ گیا۔ حضرت نوشہ صاحب رح نے خواب میں اُس مراسی کو حکم دیا۔ کہ ہم تو ملجہ اولاد کے بھڑی کے میلہ پر جارہے ہیں۔ تو ہماری جا بجا غازی خاں کے آگے چوکی کیا کرنا۔ چنانچہ اُس نے ایسا ہی کیا۔ اِس نے اُس کے حق میں دعا کی تو ایک جنبی مراسی آیا۔ اُس نے اپنی دوشیزہ لڑکی۔ ایک بھینس اور جوڑا کپڑے دربار شریف پر نذرانہ کیا۔ وہ سب کچھ صاحبزادگان کی طرف سے سائنس مراسی کو عطا کیا گیا۔ اور وہ اپنے حسب مُدعا فائز المرام ہو کر رخصت ہوا۔ ؎ ۲

اولاد | اس کے ۲ دو بیٹے تھے۔

۱ چودھری نجابت خاں رح

۲ چودھری اللہ داد رح

تاریخ وفات | چودھری غازی خاں کی وفات ۱۲۳۵ھ ایکہزار دوسو پینتیس ہجری مطابق ۱۸۲۰ء ایکہزار آٹھ سو بیس عیسوی میں بعہد سلطنت ابوالنصر معین الدین محمد اکبر شاہ ثانی بن شاہ عالم ثانی بادشاہ دہلی ہوئی۔ ۱۵ھ پندرھواں جلوسی تھا۔

انگریزوں کی طرف سے اُسوقت ہندوستان کا گورنر مارکوئیس آف ہیسٹنگز تھا۔ اُسکی گورنری کا آٹھواں سال تھا۔

راجہ رنجیت سنگھ کو حکومت لاہور پر بیسواں ۲۰ سال تھا۔

مدفن | چودھری۔ گورستان نوشاہیہ میں دفن ہوا۔ ۲ دو سال کے بعد جب گاؤں ساہن پال شریف اور قبرستان دریا برد ہوا۔ تو اس کی نعش سلامت نکلی۔ پھر اسے دفن کیا گیا۔ اب اُس کی قبر موضع ساہنیانوالہ (ضلع گجرات) کے رقبہ میں چاہ پھرانوالہ کے متصل شرقی جانب ہے۔

مادۂ تاریخ

"پاکیزہ منظر" ۱۲۳۵ھ

---

؎ ۲ فیض محمد شاہی قلمی جلد اول۔ صفحہ ۱۴۸ شرافت۔

Marfat.com

## غلام حیدر

### میاں غلام حیدر لکھنوالی رح

آپ میاں دیدار بخش ولد میاں کرم علی لکھنوالی رح کے فرزند اور مرید و خلیفہ تھے۔
دیوان مست عمر نے قادری بوستان میں لکھا ہے ؎

دیدار بخش گھر نور پھوہارا جاری ہویا بھائی — اسم غلام حیدر دل بھاوے چشم بھرے رسنائی
اوہ ولی کمال کمالوں اعلیٰ رحمت سی جھک مارے — ٹھنڈک چشم محمد سرور نور عجب چمکارے
عجب کرامت عالی بھارے نظری عالی آئے — معلم کل خلائق تائیں بندہ آکھ سنائے
سینے جوش تو حیدر بانان سخن تائیراں بھریا — سیف سخن تلواراں وانگوں کھاراں دل ڈریا

**سفر حج** | آپ حرمین الشریفین زادہما اللہ شرفاً و تعظیماً کی زیارت و حج کی سعادت سے مشرف ہوئے
کتاب قادری بوستان میں تیاری حج کے متعلق لکھا ہے ؎

شاہ غلام حیدر صاحب نے کیتی حج تیاری — آن محبت داگاں چایاں لگی تاہنگ پیاری
الوداع ہو حضرت گھر نوں ہوئے سفر روانان — داغ جدایاں ھر دل آیا مست عمر دیوانان

**اولاد** | آپ کے چار بیٹے تھے۔

۱ میاں سکندر شاہ سلطان رح
۲ میاں میراں بخش رح یہ عرب شریف چلے گئے۔ مدینہ طیبہ میں سپرد خاک ہوئے
۳ میاں حسن محمد رح
۴ میاں نواب علی شاہ ساکن ... ضلع ... 

**مدفن** | آپ کا مزار قصبہ لکھنوال ضلع گجرات میں اپنے والد میاں دیدار بخش کے روضہ میں ہے

Marfat.com

(۳۷)

## غلام محمد

### خواجہ غلام محمد بہادر حسینیؒ

آپ کا اصلی نام غلام حسین تھا۔ مگر غلام محمد کے اسم شریف سے مشہور تھے۔ اپنے والد بزرگوار میاں غلام بدر صاحب رح کے مرید و خلیفہ تھے۔ وہ مرید میاں حسن محمد جھنگی والے کے تھے جن کا ذکر اس کتاب تذکرۃ النوشاہیہ کے تیسرے حصہ موسوم بہ معارف الابرار میں گزر چکا ہے

Marfat.com

# غلام محی الدین

## فقیر سید غلام محی الدین بخاری برقندازی لاہوریؒ

## المخاطب بہ نوشاہِ ثانی

آپ کا اصلی نام غلام جہانیاں مشہور نام غلام محی الدین شاہ بلقب نوشاہِ ثانی تھا۔ آپ سادات بخاری سے تھے۔

**نسب نامہ** | آپ کے والد صاحب کا نام سید غلام شاہ[1] تھا۔ ابن سید غلام رسول بن سید جعفر بن سید زاہد حسین بن سید اسمٰعیل بن سید مبارک بن سید احمد بن سید شجاع الملک بن سید پیر کمال جہانیاں بن سید حسین بن سید [illegible] بن سید زین العابدین بن سید قطب بن مخدوم سید کبیر بن سید اسمٰعیل قطب بن سید مسعود نیر ناصر الدین بن سید جلال الدین مخدوم جہانیاں بن مخدوم سید احمد کبیر بن مخدوم سید شیر شاہ جلال الدین سرخ بخاری اوچی قدس [illegible]

**خاندانی تحقیق** | آپ کے خاندان [illegible] کے [illegible] چنانچہ بعض ارباب تاریخ نے آپ کو شیخ انصاری لکھا ہے

---

[1] [illegible]

۱ ۔ مفتی علی الدین لاہوری رہ عبرت نامہ مجلد دوم میں لکھتے ہیں ۔

" حضرت شاہ غلام محی الدین انصاری کہ خوابگاہ ایشاں در بلدہ دار السلطنت لاہور ست "

۲ ۔ منشی گنیش داس بڈہیرہ قانونگوئے گجرات چار باغ پنجاب میں لکھا ہے ۔

" در لاہور خانہ غلام محی الدین شاہ فقیر بن عبد اللہ انصاری ست "

۳ ۔ حکیم حاجی محمد شاہ امرتسری نے کتاب ذرِ نجف میں آپ کو شیخ انصاری لکھا ہے ۔ اور آبائی وطن ہوشیارپور تحریر کیا ہے ، اور نسب نامہ اسطرح درج کیا ہے ۔

" فقیر غلام محی الدین لاہوری بن شیخ عبد اللہ بن حکیم محمد اسحاق بن خلیفہ نور محمد بن شیخ عبد المجید " اسی طرح نام بنام حضرت ابو ایوب انصاری رض صاحب رحل رسول اللہ صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم تک ملایا ہے ۔

مگر خاندان فقیر صاحبان کے قلمی بیاض ۔ اور دوسرے مخطوطات میں یہ لکھا ہے کہ سید غلام شاہ بخاری لاہوری رح کا انتقال جب ۱۱۶۶ھ ایکہزار ایک سو چھیاسٹھ ہجری میں ہوا ۔ اُس وقت آپ ماں کے پیٹ میں تھے ۔ آپ کی پیدائش چھ ماہ بعد ہوئی ۔ آپ کی تربیت اور نشوونما شیخ عبد اللہ بن حکیم محمد اسحاق انصاری رح نے اپنے ذمہ لی ۔ اس لئے آپ عوام الناس میں اُن کے بیٹے مشہور ہوئے ۔ آپ نے بھی کبھی انکار نہ کیا ۔

مگر جب آپ نے کتاب مثنوی وحدت نامہ فارسی میں لکھی ہے ۔ تو اس میں اپنا سید بخاری ہونا ظاہر کیا ہے ۔ متعدد جگہوں پر اپنا نام اس طرح لکھتے ہیں ۔

؎ نوشۂ ثانی بخاری النسب    کو غلام محی دیں دارد لقب

؎ نوشۂ ثانی بخاری النسب    دارد اندر خدمت مرداں ادب

؎ نوشۂ ثانی بخاری النسب    میکند مدح بزرگاں روز و شب

؎ نوشۂ ثانی بخاری نژاد    خاکپائے حضرت زین العباد

؎ نوشۂ ثانی بخاری خوش باصل    ذرۂ توحید واصل شد بوصل

Marfat.com

آپ یہ بھی تسلیم کرتے ہیں کہ شیخ عبداللہ میرے لُطفی باپ ہیں۔ مجھے پرورش کیا ہے۔ اُن کی بڑی تعریف کرتے ہیں اور اُن کو حافظ قائم الدین برخوردار نوشاہی ؒ کا مرید لکھتے ہیں۔ ؎

| | |
|---|---|
| ہمچناں شد مستفید بارگاہ | والدِ لطفی من عبداگر |
| آنکہ سلمانی و انصاری ست ہم | بر طریق مرشداں راسخ قدم |
| یار حافظ قائم الدیں بودہ است | کز مئے حُبّ علی بودست مست |
| از مشائخ ایں چنیں آمد سند | آں کسے داند کہ زیں آگہ بود |

اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ حکیم شیخ عبداللہ آپ کے اصلی والد نہ تھے۔ کیونکہ کوئی شخص اپنے حقیقی باپ کی ولدیت سے کبھی انکار نہیں کر سکتا۔ دراں حالیکہ آپ اُن کو لُطفی باپ بھی مانتے ہیں جس سے ظاہر ہے کہ وہ آپکے مُربّی و تربیت کنندہ تھے۔

رائے بہادر کنھیا لعل لاہوری نے تاریخ لاہور میں آپ کی سیادت نسبی اور حکیم عبداللہ کے متبنّٰی ہونے کی تصریح کی ہے۔ چنانچہ لکھا ہے۔

"حکیم خدا بخش کا دوسرا بھائی حکیم عبداللہ بھی صاحب اعزاز اور مشہور حکیم تھا۔ اس نے اپنی زندگی میں غلام محی الدین نام ایک سیّد زادہ کو جو غلام شاہ کا بیٹا تھا متبنّٰی کیا یعنی بیٹا بنایا۔ غلام محی الدین کو فقر کے ساتھ کمال محبت تھی اور خاندانِ نوشاہیہ قادریہ میں اس کی بیعت تھی۔ فقیر کا لفظ اس نے اپنے نام کے ساتھ ایسا منسوب کیا کہ اب تک اس کی اولاد باوجود امیری کے فقیر کہلاتے ہیں۔" ؎۳

---

؎۳ تاریخ لاہور صفحہ ۶۰ نثر افت۔

Marfat.com

**تاریخ ولادت** | فقیر سید غلام محی الدین کی پیدائش ۱۱۶۶ھ / ۱۷۵۳ء میں بمقام لاہور ہوئی۔ جیسا کہ آپ کے خاندانی مخطوطات سے ثابت ہے۔ مادہ تاریخ "سرخوش" ہے۔ اور صاحب درِ کف نے جو ۱۱۹۹ھ / ۱۷۸۵ء آپ کی تاریخ ولادت لکھی ہے۔ صحیح نہیں۔ کیونکہ اس تاریخ سے آٹھ سال پہلے ۱۱۹۱ھ / ۱۷۷۷ء میں آپ کے فرزند اکبر بھی پیدا ہو چکے تھے۔

**تعلیم** | آپ ظاہری علم میں متبحر فاضل ہوئے۔ علوم معقول و منقول میں کمال پایا۔ علم طب میں اپنے اقران سے فائق ہوئے۔ عربی اور فارسی زبانوں میں پوری مہارت حاصل تھی۔

**بیعت و خلافت** | آپ نے ظاہری بیعت حضرت مرزا شاہ امانت نوشاہی برخورداری رح ساکن منگلال ریاست جموں و کشمیر سے کی۔ انہیں سے خلافت پائی۔ کتاب تشریف الفقرا میں آپ نے اسکی تصریح کی ہے۔ پھر میاں جام ماچھی سلطان سندھی رح سے بھی فیض کامل پایا۔ روحانی فیض آپ کو سخی حیات المیر زندہ پیر سے بھی حاصل ہوا تھا۔

کتاب "مجمل تاریخ خاندان فقر صاحبان" قلمی میں آپ کے حالات میں لکھا ہے۔

"از جناب سید جمال اللہ ولی حیات المیر زندہ پیر در باطن۔ و از حضرت میرزا امانت شاہ صاحب نوشاہی قادری در ظاہر خرقہ طریقت پوشیدہ ہزارہا خاص و عام را مشرف بہ بیعت فرمودند"

**شجرہ بیعت** | آپ کے کسی مرید نے یہ شجرہ بیعت خاندان قادری نوشاہی نظم کیا ہے جو درج کیا جاتا ہے۔

شہنشاہ شاہان خداوند پاک — کہ بخشید نور امانت بخاک
زبان و ضمیر و قلم را چہ حد — کہ وصفش تواند یکے را ز صد
ہزار زبان نیست کہ گویند بیان — کہ سرش محیط است ناقش عیان
ز دو حرف کن دو جہاں راست کرد — برائے محمد ہمہ خاص کرد
بیک دم کند آنچہ خواہد رواست — کہ سلطانی جاودانش سزاست

Marfat.com

محمد نبی را سزاوار کرد — به کونین مقبول مختار کرد

حیات النبی کرد روز ازل — ز نامش همے میگریزد زحل

چو خورشید توحید خود بر نبی — ز هر سو ندا شد حیات النبی

بامر خداوند دنیا و دین — ز لاهوت آمد بروئے زمین

بدنیا بیان کرد دین بحق — قمر را ز اعجاز خود کرد شق

بلطف و بمهر و بخلق و بجنگ — دلے خلق عالم گرفته بچنگ

باطراف عالم علم برفراشت — باصحاب اربع خلافت گذاشت

زهے چار یاران عالی نهاد — مددگار اسلام شمشیر جهاد

بهر چار نعمت نبی بے شمار — به بخشاند از آن پروردگار

نخستین ابوبکر صدیق پاک — دوم جا عمر شیر بیخوف و باک

سیوم شاه عثمان امیر و غنی — که در روئے نبود صفت با دنی

چهارم علی شاه دلدل سوار — امیر عرب شاه صاحب ذوالفقار

مرید علی شاه لشکر شکن — امام الهدی سے خواجه بصری حسن

حسن بصری آن معدن لطف و جود — حبیب عجم [illegible]

خلافت رسید از حبیب عجم — بداؤد طائی [illegible]

ز داؤد طائی بوقت سعید — خلافت [illegible]

ز معروف کرخی شده دین پناه — [illegible]

ز سری سقطی شه نامور — بحضرت جنید [illegible]

ابوبکر شبلی ز حضرت جنید — [illegible]

ز شبلی شده عبد واحد عزیز — [illegible]

ابوالفرح طرطوسی آن شه سعید — [illegible]

Marfat.com

ز بوالفرج طرطوس شد بوالحسن
به تخت خلافت شد انجمن

شد از بوالحسن شاه دین بوسعید
کز و تاج بر شاه جیلاں رسید

زهے پیر پیران شهنشاه دین
زهے صاحب تاج و تخت و نگین

زهے غوث اعظم حبیب خدا
زهے محی دین خواجه دوسرا

کز بخشید آں سید پاک زاد
بسید عبدوهاب جام مراد

پس از عبدوهاب بونصر شاه
وزو سید صوفی شه دین پناه

وزو سید احمد شه نامور
وزو سید مسعود والا گهر

ازو شاه علی بود زو شاه میر
وزو شاه محمد شه بے نظیر

ازو شاه مبارک شه نامدار
وزو شاه معروف عالی تبار

ازو حضرت شاه سلیمان شدند
که در دین و دنیا آبادان شدند

ز حضرت سلیمان نوشه گنج بخش
بمیدان جهانید رخشنده رخش

زهے گنج بخش اختر برج دین
بر اوج علا چوں سپهر برین

زهے مرد راه هدے گنج بخش
زهے مرشد اتقیا گنج بخش

زهے حاجی معوری معنوی
خلافت ده دینی و دنیوی

زهے شاه نوشه ولی خدا
به اسم محمد شده مقتدا

پس از شاه نوشه بمسند نشست
چو پیر محمد زهے شیر مست

ز مرشد مخاطب به سچیار شد
بدرگاه غفار مختار شد

ز سچیار آں شهسوار علا
بحافظ رسید آیت اهتدا

چو حافظ که بر دین حق قائم ست
بذکر خداوند خود دائم ست

ز حافظ رسید ست جام طهور
بظاهر ولی شاه عبدالغفور

پس آنکه چو صبح سعادت دمید
بشاه امانت امانت رسید

Marfat.com

نہادند تاج خلافت بسر | نمودند بر ہمسران کرّ و فر
زہے مرشد بندہ کمترین | غلام شہنشاہِ دین محی دین
زہے زبدہ و قدوہ سالکاں | زہے عارفِ حق شہِ عارفاں
الٰہی بفقر شہِ انبیا | بفخر رسل احمدِ مجتبیٰ
بدرویش خود امن و ایماں بہ بخش | فروغ دل و راحتِ جاں بہ بخش

**لاہور میں قبولیت و بلندی اقبال** | آپ کو لاہور میں بڑی قبولیت حاصل ہوئی۔ ہر دو طبقہ یعنی امرا و فقرا میں آپ کا شمار ہوتا تھا۔ حکومتِ خالصہ کی طرف سے آپ کو ناظم الملک کا عہدہ سپرد ہوا اور نواب کے خطاب سے سرفراز ہوئے۔ تمام امرا اور سلاطین خالصہ آپ کا احترام کرتے تھے۔

**نوشاہی سلسلہ کی ترویج** | آپ علم طب میں بھی مسیحائے دوراں تھے۔ لاہور میں اکثر لوگ آپ کے مسیحا دم سے ظاہری و باطنی امراض سے شفایاب ہوئے۔ آپ کی معرفت سلسلہ نوشاہیہ کو کافی فروغ حاصل ہوا۔ مجمل تاریخ خاندان فقیر صاحباں میں ہے "ہزارہا خاص و عام را مشرف بہ بیعت فرمودند" یعنی ہزاروں لوگوں کو مرید کیا۔ آپ کو اپنے وقت میں نوشاہِ ثانی کہا جاتا تھا۔

آپ کے چہرہ کی تصویر دستی بنی ہوئی آجکل عجائب گاہ لاہور میں موجود ہے اُس پر بھی آپ کو نوشاہِ ثانی لکھا ہوا ہے۔

**خاندان فقیر صاحباں** | آپ باوجود رئیس وقت اور شاہی عہدہ دار ہونے کے اپنے لئے فقیر صاحب کا لقب پسند کرتے تھے۔ چنانچہ آپ کی اولاد بنام فقیر صاحباں آج تک لاہور وغیرہ شہروں میں مشہور ہے۔ اس خاندان کے لوگ عہد حکومت خالصہ اور عہدِ سلطنت برطانیہ معزز عہدوں پر فائز رہے۔ اور اب بھی پاکستانی عہد میں بڑے بڑے رئیس و امیر آدمی موجود ہیں۔

Marfat.com

## کرامات

آپ اہل کشف و کرامات مستجاب الدعوات تھے۔

مہاراجہ رنجیت سنگھ کے حق میں حاکم ہونے کی پیشگوئی | رنجیت سنگھ ولد مہاں سنگھ کا بچپن کا زمانہ تھا کہ ایک مرتبہ آپ نے اس کو دیکھا تو فرمایا کہ عنقریب بادشاہ ہو جائے گا۔ چنانچہ لالہ سوہن لعل سوری نے عمدۃ التواریخ دفتر دوم میں آپ کی پیشگوئی اس طرح بیان کی ہے۔

| | |
|---|---|
| در بر زبان آوردند کہ در اندک زمان این عالی نژاد صاحب تخت و اورنگ خواہد شد و قلع بنیان مخالفان و جمیع اساس معاندان خواہد ساخت و تمام ممالک محروسہ در قبضہ و تصرف خواہد آورد و بادشاہ ولایت پنجاب و کشمیر و ملتان وغیرہ الطرف خواہد شد۔[۲] | فرمایا۔ کہ یہ عالی نژاد [رنجیت سنگھ] تھوڑے ہی عرصہ میں صاحب تاج و تخت ہو جائے گا۔ مخالفوں اور دشمنوں کا قلع قمع کر کے تمام ممالک محروسہ پر قبضہ کرے گا۔ اور ملک پنجاب۔ کشمیر اور ملتان وغیرہ علاقوں کا بادشاہ ہو جائے گا۔ |

چنانچہ ایسا ہی وقوع میں آیا۔

## تصنیفات

آپ صاحب تصنیف عالیہ تھے۔ فارسی میں اشعار بھی لکھتے متعدد تصانیف آپ کی یادگار باقی ہیں۔

(۱)

مثنوی وحدت نامہ | یہ مثنوی آپ نے مناقب اہل بیت اور منقبت حضرت سلمان فارسی رضی

---

[۲] عمدۃ التواریخ۔ دفتر دوم صفحہ ۳۱۔ شرافت۔

Marfat.com

اور علم تصوف میں نظم کی ہے۔ اس کا آغاز اس طرح پر کیا ہے۔

ے

حمد گویم آن حمید پاک را  کو کرامت داد مشت خاک را
آدم و حوا ازاں پیدا نمود  تا بطون اندر ظہور آرد شہود
شاہد معنی ز صورت جلوہ داد  مصطفٰے آن بادشاہ دین وداد
از ظہور و از بطون ظاہرہ  ظاہر آمد نور انجم باہرہ
مصطفٰے نور العلےٰ نجم الھدیٰ  مصطفٰے شمس الضحیٰ بدر الدجیٰ
او ز حق وحق ز او کردہ ظہور  نور ہمہ از مہر او روشن ز نور
میشود ظاہر ز باطن خاستہ  باطن از ظاہر بود آراستہ
ظاہر و باطن دو نام یک خداست  کثرت از وحدت بود این ست راست
راست خواہی مصطفٰے داند خدا  پاک مید انند خدا را مصطفٰے
آنکہ آمد قاب قوسین نشاں  بلک او ادنیٰ فرد داند بدان
آنکہ او حق را بعینہ دیدہ است  جام وحدت ز علی نوشیدہ ست شہ

نوشہ تخلص والے اشعار | آپ اپنا تخلص نوشہ ثانی۔ نوشہ۔ نوشاہ استعمال کرتے تھے۔ چنانچہ مثنوی وحدت نامہ سے آپ کے تخلص والے اشعار یہاں لکھے جاتے ہیں۔

ے نوشہ ثانی خوش از لطف خدا  یافت راہ مصطفٰے و مرتضٰے
ے نوشہ ثانی خوش از لطف نبی  شد محبت مر لقائے حید ر علی
ے نوشہ ثانی وحدت انتظام  این چنین گفت ست یا ان والسلام

---

شہ - مثنوی قلمی مجموعہ مخطوطات پروفیسر سراج الدین آذر پنجاب یونیورسٹی لائبریری لاہور میں موجود ہے نمبر ۲۹۴ ہے۔ اس کی ایک نقل پیر غلام [illegible] کے پاس بھی موجود ہے [illegible]

Marfat.com

- نوشه از لطف خدا و مصطفیٰ   وز عنایات علی مرتضیٰ

وحدتی شد وحدتی شد وحدتی   وحدت و اطلاق کردش جنتی

- نوشه مسلمانیم روحانیم   کرده مسلمان عارف حقانیم

- نوشه از مسلمان بسرِ حق رسید   بود مرشد زان نمود آں را رشید

- نوشه از مسلمان چنیں آموخت ست   در شب یلدا چراغ افروخت ست

- نوشه از دانائی مسلمان خیر   با خدا پیوسته بگسسته ز غیر

- نوشه از فیض تو مے نازد بتو   تو سلیمانی و چوں مور ست او

- نوشه و مسلمان ز یک نور آمده   آنکه ناظر بود منظور آمده

- نوشه از سلک محبان کرده   از گدایان بُد ز شاہان کرده

- نوشه از طور و طریق کاملاں   یافته سرّ ضمیر این و آں

- نوشه از خدمت بمخدومی رسید   خدمت مرشد نمود آں را رشید

- نوشه از تعلیم اخلاق جہاں   یافت سرّ حال و قال این و آں

- نوشه از تبلیغ مرشد علم یافت   وز علوم لغو طی رُو بتافت

- نوشه از احباب وے اے نونہال   چوں ز اولاد علی شاه شہال

- نوشہا! الحمد گو شکرانه کن   از کجائی وز کجا داری سخن

- نوشہا! بس کن بسے گفتی بسے   نکته بس گر ہمے فہمد کسے

- نوشہا! پاکیزگی در کار کن   خویش را با نیک و پاکاں یار کن

- نوشہا! ذکر مبارک یاد دار   از مبارک شاه شاهِ نیکدار

- باز کن نوشه ز مسلمان ذکر خیر   تا چساں بود ست شاه عرش سیر

- گفت نوشه آنچه حق حال بود   مقتدی را قال مے باید شنود

- گفت نوشه تو ز انہا کن خود   جز سوئے مرشد مبیں سوئے دگر

Marfat.com

- گفتۂ نوشہ اگر داری بیاد — ہیچ در دنیا و دیں حسرت مباد
- گفتۂ نوشہ بخاطر یاد دار — خاطر خود را ہمیشہ شاد دار
- مرشد نوشہ بخاری اصل — از رہ وحدت رسانیدہ بوصل
- از غلام محی دیں نوشاہ شد — چوں غلامی کرد و آنگہ شاہ شد
- گفتۂ نوشاہ سلمانی شنو — جز براہ حق رہ دیگر مرو
- مرشد نوشاہ سلمان علی ست — خواجۂ دوراں و مولائے علی ست

**شجرہ ہائے طریقت نوشاہیہ** | فقیر سید غلام محی الدین نے مثنوی وحدت نامہ میں خاندان نوشاہی کے شجرہ ہائے طریقت چار جگہ پر بیان کئے ہیں۔ تین نزولی ہیں اور ایک صعودی۔ وہ یہاں درج کئے جاتے ہیں۔

اول - بواسطہ حضرت سلمان فارسی رض حضرت نوشہ گنج بخش رح تک۔

ے

صاحب سجادہ شاہ رسل — پیشوائے اولیاء ہادی کل
مرشد سلمان منا اہل بیت — طالب وحدت بقول اہل بیت
زو محمد بن ابی بکر آمدست — زو محمد قاسم آمد حق پرست
زو محمد صادق القول آمدہ — زو محمد کاظم ہادی رہ
زو علی موسے رضا پیر جہاں — کاسہ لیس این جہاں معروف داں
مستفی معروف از دو خانداں — آنچناں کردہ کہ ناید در جہاں
لیک چیزے گفت باید بیش و کم — تا نویسندہ کند آں را رقم
آنچہ دیر آید درست آید بلے — آنچہ دیر آید ز دور آید ہمے
ساعت مسعود کاں موعود بود — چوں بہنگام سعادت زو نمود
ہژدہم جائے وے از فرماں حے — شانزدہ عجب ولادت کردہ طے

Marfat.com

بر مبارک شاہ آں مستی رسید  مست مستاں گشت معروف رشید
آمد از معروف بر معروف باز  وحدت حق از رہ راز و نیاز
زو سلیماں شاہ شد مست الست  وز سلیماں شاہ نوشہ گشت مست
مستیِ نوشاہ شد در زمرہ عام  بوئے وحدت چوں رسید اندر مشام
نوشہ ثانی بخاری فقیر  مور ریزہ خوار از خوانِ فقیر
بہرہ بر داشت تا شد بہرہ ور  طعمہ بگرفت از آں ما حضر
کاں ز الوانِ طعامِ جنتی ست  ذلہ خوانِ نبی ست و علی ست
اَلصَّلوٰۃُ وَالسَّلَامْ لاتعد  از ازل بر روحِ پاکاں تا ابد
از خدا و از ملائک وز انام  دائما باد از زبانِ خاص و عام

دہم بواسطہ حضرت خواجہ حسن بصری رح اپنے نام تک۔

ص

تاجِ فقر آورد حق از بارگاہ  تا کند بر سر شہِ فقرا پناہ
او علی را خواند کو بودش ولی  مثلِ ہارون از پسِ موسیٰ نبی
زو ائمہ یافت تا مہدی امام  تاجِ فقرِ سیدِ خیر الانام
خادمان و طالباں ہم یافتند  خاندانہا خانوادہ ہا شدند
بر حسن بصری علی بخشش نمود  کو گدائے بابِ اہلِ بیت بود
زو حبیب عجمی و داؤد ے ازاں  ہر یکے شد تاجور در خانداں
یافت پس معروف و سری پس جنید  شبلی و پس عبد واحد ابن زید[6]
بو الفرح پس بو الحسن پس بو سعید  محی دین و عبد وہاب رشید

---

[6] فقیر سید غلام محی الدین کو یہاں سہو ہوا ہے۔ یہ عبد الواحد بن زید نہیں تھے۔ بلکہ عبد الواحد بن عبد العزیز یمنی تمیمی تھے ۱۲ شرافت۔

Marfat.com

پس ابوالنصر و دگر صوفی صاف — احمد و مسعود وحدت اتصاف
پس علی و پس امیر تاجدار — پس محمد پس مبارک شہریار
باز معروف و سلیمان تاجور — باز حاجی نوشہ والا گہر
باز سچیار و ازو حافظ لقب — باز ازو عبدالغفور حق طلب
زو امانت شاہ مقبول خدا — زو غلام محی دین شاہ و گدا
باد رضوان خدائے تاج بخش — سالکان پاک را منہاج بخش
بر روان این ہمہ مردان راہ — علم آموزان توحید اله

سوم ۔ بواسطہ حضرت سید مبارک حقانی رہ اپنے نام تک ۔

ــــہ

تاج فقر آمد ز درگاہ خدا — اولاً بر مصطفےٰ پس مرتضےٰ
مرتضےٰ دادہ محبان را بشر — زو مبارک شاہ ہم شد مفتخر
پس بمعروف و سلیمان آمدہ — پس بہ نوشہ گنج بخشش آمدہ
پس بہ سچیار و بحافظ در رسید — در زمان نیک و ہنگام سعید
پس ازان عبدالغفور پاک زاد — تاج فقر احمدی بر سر نہاد
زو امانت شاہ شاہ دین پناہ — تاج بر سر کرد از امر اله
زو غلام محی دین نوشاہ شد — تاج در دلشی گرفت و شاہ شد
نوشہ ثانی گرفتش تاج فقر — در ہمہ صاحب وقاران یافت وقر
فقر را احیا رسید از محی دین — از چنان محیی شود احیائے دین

نوشہ از تائید شاہ اولیا
یافت تاج فقر با عز و علا

Marfat.com

چہارم - بواسطہ حضرت حافظ قایم الدین، حضرت سید شاہ مبارک حقانی رح تک ۔

۵

| | |
|---|---|
| قایم الدین بود با سچیار یار | در طریقت در شریعت استوار |
| مرشد سچیار نوشہ گنج بخش | نفس را کو کرد زیر زین چو رخش |
| مرشد نوشہ سلیمان شاہ بود | دیو سرکش کرد پیش او سجود |
| مرشد ہادی سلیمان شاہ را | بود معروف جہان نجم الہدے |
| مرشد او سید عالی مقام | قادری بودہ مبارک شاہ نام |
| قدرت قادر دروکردہ ظہور | مظہر انوار حق دایم حضور |
| مصدر اسرار شاہ انبیا | رونق افزائے تبار مرتضے |
| آنکہ از وے آمدہ احیائے دیں | وانکہ جائے اوست فردوس بریں |
| جد پاکش شاہ خلدآرامگاہ | گمرہاں را ہادی راہ اللہ |
| راہ آں راہے کہ سالک میرود | در سلوک راہ واصل میشود |
| در وصل حق میکند کو واصل ست | واصل حق را حقیقت حاصل ست |

( ۲ )

تشریف الفقرا ۵ - یہ رسالہ فارسی زبان میں ہے ۔ اس میں قوم سراھی کے حالات ۔ سہروردی بزرگوں کا مختصر تعارف ۔ حضرت نوشہ گنج بخش رح کا سندھ تشریف لے جانا ۔ میاں ماچھی رح کو اپنے فیض سے مستفیض فرمانا ۔ میاں نصیر محمد سندھی رح سے مراسلت کرنا ۔ فقیر صاحب کا خود میاں ماچھی رح سے فیضیاب ہونا ۔ کلمہ توحید کے فضائل ۔ مرشد طریقت کا اتباع حاکم وقت کی اطاعت ۔ اور احکام شریعت کی پابندی کا ذکر ہے ۔ اگرچہ یہ رسالہ حجم میں

۵ یہ رسالہ قلمی - اندرون بھاٹی دروازہ لاہور ۔ فقیر سید مغیث الدین بخاری کے کتبخانہ میں موجود ہے ۔ میں نے اس کی نقل کر لی تھی اور اس کو مرتب کرکے اس کا نام تشریف الفقرا مقرر کیا ۔ تشریف

Marfat.com

مختصر ہے۔ مگر افادیت کے لحاظ سے ضخیم کتابوں کا ہم پایہ ہے۔ پنجاب اور سندھ کے مشائخ کے روحانی ارتباط کا بہترین مرقع ہے۔

( ۳ )

**مکول نوشاہی** آپ کے قلمی بیاض میں یہ چند متفرق مضامین تھے۔ ایس میں فقیر صاحب کی خلافت و اجازت کا شجرہ۔ حضرت شیخ سلیمان قادری کی عمر مبارک۔ حضرت نوشہ گنج بخش کی درگاہ الٰہی میں حضوری۔ حضرت نوشہ صاحب کی خدمت میں لال اڈیرا کا فیضیاب ہوکر سندھ جانا۔ حضرت نوشاہ عالیجاہ کا اثر دلیس سیر کرنا۔ حضرت نوشہ پیر کے چند ملفوظات۔ حضرت سچیار صاحب کی خدمت میں میراسیوں کا آنا۔ اور اُن کا شجرہ نسب پڑھنا۔ وغیرہ۔ ان کو جمع کر کے بنام مکول نوشاہی میں نے مرتب کر دیا ہے۔

## مکتوب شریف

آپ کو سید میراں محمدی بن سید محمود بن سید محمدی سید خان قدس سرہم سے خوب عقیدت تھی۔ ایکبار خواب میں مل کر انہوں نے آپ کے سر پر ہاتھ رکھا فرمایا کہ تم ہم میں سے ہو اور اپنے بیٹے کے سپرد کیا۔ چنانچہ آپ نے یہ مکتوب ان کے بیٹے سید [illegible] میراں کے نام بھیجا

" السلام [illegible] زیب [illegible] زین [illegible] مستغنی الالقاب [illegible] میراں صاحب [illegible] سید [illegible] میراں صاحب [illegible]۔

[illegible] نوشہ [illegible] نوشاہی معروف غلام محی الدین [illegible]

[illegible] شرافت۔

جام ناجھی سلطان لتی نوشاھی از مدت العمر رابطۂ اعتقاد وانقیاد بدرگاہِ عرش اشتباہ بندگی حضرت سید السادات رفیع الدرجات مہدی زمان مرشدِ دوران سید میران مہدی بن سید محمود بن سید محمدی شہید خان نور اللہ مرقدہٗ وعظم اللہ قدرہٗ بجاذبۂ صادقۂ حضورِ پر نور بدل وجان نقشِ خاطر داشت. تا کہ شدہ شدہ تصویرِ مبارکِ آں برگزیدۂ درگاہ از عزیزے بدستم آمد وآفتابِ عشقِ آں مہدیٔ ہادی علانیہ بر افقِ ظاہر وباطن طلوع یافت. بریں وجہ ضمیرِ فقیر روشن واشکارا یافت۔ وبداں قربِ زمانی واتفاقِ حسنہ زیارتِ فیض بشارتِ آنجناب بر رؤیائے صادقہ میسر شد۔ آنگاہ دیدم کہ دستِ حق پرستِ خود بسرم نہادہ فرمودند۔ اے تو مددِ انصاری توازمائی۔ وظہورِ ما از تو عنقریب خواہد شد. کارے کہ اصحابِ رسول میکردند از تو بوقوع خواہند آمد۔ وبدانچہ مامور بودند فقیر را ارشاد فرمودند. چوں بیدار شدم دانستم کہ توجہ جنابِ مہدوی درحقِ ایں فقیر بحکمِ الٰہی مبذول گردید۔ دوگانہ شکرانہ بجا آوردم وہزاراں شکر۔ الحال ہم اکثر اوقات بجمالِ جہان آرائے خود ایں طالبِ دولتِ دیدار را بمشاہدہ انوارِ لقائے نورانی مشرف میفرمایند۔ ونیز فرمودہ اند کہ ما بدولت فرزندِ ارجمندِ خود سید عزیز میراں کہ خلیفۂ حق ماست ممد ومعاونِ حال وقالِ تو مقرر کردہ ایم۔ خاطر جمعدار وخود تہیہ امرے کن کہ ترا بداں مامور ساختہ ایم۔ لہذا انیاز نامۂ خود باسمِ سامی ونامِ گرامی بندگی ایشاں تحریر آوردہ مرسلِ خدمتِ فیض درجت نمودہ ام۔ امید کہ بر طبقِ لیسر حضورِ عالی دستگرفتہ نوشتہ را بکار بردہ بارسالِ جواب باصواب سرفراز وممتاز فرمایند۔ آنچہ وجہ نذرانہ حضور نمودہ بود بعد وصولِ جواب بہجت ارسال خواہد یافت. زیادہ چہ عرض نماید الٰہی آفتابِ عالمتابِ امامت وکرامت علی الدوام تاباں ودرخشاں باد بحقِ المہدی وآلہ الامجاد۔ ”

## معترفینِ کمالات

آپ کے فضائل و کمالات میں معاصرین اور بعد والے مورخین نے بہت کچھ لکھا ہے چند ایک اقوال لکھے جاتے ہیں۔

۱ - لالہ سوہن لعل سوری کتاب عمدۃ التواریخ دفتر دوم میں آپ کا اسم گرامی ان القابات کے ساتھ لکھتا ہے۔

"ذاتِ مستغنی الصفات حضرت شاہ صاحب وحید الزمان۔ یگانۂ دوران۔ بدیعِ قوانینِ مجاہدہ۔ مخترعِ براہینِ مکاشفہ۔ موجد اطوارِ سبحانی۔ ذاکرِ تذکارِ محامدِ صمدانی۔ مریدِ راسخ حضرتِ جیلانی۔ نوشاہِ ثانی۔ کشافِ معضلاتِ فروع و اصول۔ کاشفِ مشکلاتِ معقول و منقول۔ سالکِ مسالکِ فصاحت۔ صاعدِ مصاعدِ قابلیت۔ صیرفیِ کنوزِ عرفان۔ معیارِ خزائنِ ایقان۔ غواصِ بحرِ تحقیق۔ شناورِ لجۂ تدقیق۔ ارسطاطالیسِ اعصار۔ بقراطِ روزگار۔ حضرت غلام محی الدین صاحب باتفاقِ حسنہ درانجا تشریف شریف میداشتند۔" [9]

۲ - پیر غلام دستگیر نامی لاہوری نے تاریخ جلیلہ میں لکھا ہے۔ کہ "پیر مراد شاہ صاحب لاہور سے اپنے بھائی قلندر شاہ اور فرح بخش کی طرف جو مریدوں کے گاؤں ردیو ملک میں مقیم تھے بسنہ ۱۲۱۰ (ایکہزار دوسو دس ہجری) میں لکھتے ہیں۔"

؎

افتخارِ دوستانِ بے ریا | آں غلام شاہ محی الدین ما
عارف باللہ حکیم حاذقے | دوستے در دوستی ہا صادقے۔
ہمسرش نبود کسے در ہمسراں | مثل و ثانی نیست اندر جہاں
میرساند ہم سلام و ہم دعا | میکند بہر تو ہر صبح و مسا [10]

---

[9] عمدۃ التواریخ دفتر دوم ص ۳۱ [10] تاریخ جلیلہ مطبوعہ بار دوم ۱۳۸۰ھ ۱۹۶۰ء مرزا عالم پرنٹنگ پریس لاہور ص شرافت۔

۳۔ مفتی علی الدین بن خیر الدین لاہوری ۲ عبرت نامہ مجلد دوم میں لکھتے ہیں۔

"قدوة العارفین و زبدة المحققین حضرت شاہ غلام محیی الدین انصاری کہ خوابگاہِ ایشاں در بلدۂ دار السلطنت لاہور ست۔ و از عین برکات ایشاں صدہا فیضیاب شدہ اند۔ نسبتِ ایشاں درجہ بدرجہ بحضرت سلمان فارسی رض کہ در لقبِ شان بزبانِ قدسی ترجمان حضرت سرورِ کائنات خلاصۂ موجودات فرمودند کہ السلمان منی در وقتِ صدورِ خطاب رحمت مآب کلام حضرت فاطمة الزہراء و حسنین رضی اللہ عنہم ۔ حضرت سلمان نیز محل اشارت و خطاب فرمودند۔ در ۱۲۴۶ھ / ۱۸۳۰ء اولاد و احفاد حضرتِ موصوف سجادہ نشین موجود ست۔" [11]

۴۔ منشی گنیش داس بڈہیرہ قانونگوئے گجرات چار باغ پنجاب میں لکھتا ہے۔

"متصل چاہ بیجہ تنور یعنی کھاری کھوہی در لاہور خانہ غلام محیی الدین شاہ فقیر بن عبد اللہ انصاری ست کہ با وصفِ تبسیل داری از قیود تعلقات رستگاری داشت۔" [12]

**اولاد** آپ کے تین فرزند ارجمند تھے۔

۱۔ حکیم فقیر سید عزیز الدین رضا ۔ مشیر و مدار المہام و طبیب خاص مہاراجہ رنجیت سنگھ۔

۲۔ فقیر سید امام الدین اظہر ۔ افسر قلعہ جات قلمرو و وزیر اعظم مہاراجہ رنجیت سنگھ۔

۳۔ فقیر سید نور الدین تنور ۔ معتمد خاص و گورنر سیالکوٹ و جالندھر۔

**شاگردانِ رشید** آپ کے شاگرد تو بہت ہوں گے لیکن کسی کا نام معلوم نہیں ہو سکا۔ منجملہ اُن کے لالہ سوہن لعل سوری وکیل دربارِ مہاراجگان پنجاب آپ کے شیدائیوں اور فیضیابوں میں سے تھا۔ اُس نے اپنی کتاب عمدة التواریخ دفتر دوم ص ۱۳ پر لکھا ہے۔

"راقم ایں تاریخ اکثر بخدمتِ سراسر افادت فائز شدہ با استفادۂ علم صحبت مے پرداخت۔ لہذا تحریر ایں قدر در ایں جائے ضروری دانستہ بتعلیم فصاحت رقم آوردہ شد۔"

---

[11] عبرت نامہ مجلد دوم ص ۔ [12] چار باغ پنجاب قلمی ورق ۱۳۰۔ موجودہ پنجاب یونیورسٹی لائبریری لاہور ۔ [13] شرافت

Marfat.com

**یاران طریقت** | کتب تاریخ سے ثابت ہوتا ہے کہ ہزاروں لوگ آپ کے حلقۂ بیعت میں داخل ہوئے مگر افسوس کہ تفصیل نہیں پائی گئی۔ آپ کے ایک درویش فقیر بابر شاہ پشاوری کا پتہ چل سکا ہے جو عالم اور خوشنویس تھا۔ اور دوسرا فقیر اکرالدین لاہوری ہے

**تاریخ وفات** | فقیر سید غلام محی الدین بخاری کی وفات بعمر چھیتر سال قمری اتوار کے دن چودھویں[۱۴] جمادی الاولی ۱۲۴۱ھ ایکہزار دو سو اکتالیس ہجری مطابق پچیسویں[۲۵] دسمبر ۱۸۲۵ء ایکہزار آٹھ سو پچیس عیسوی موافق گیارھویں[۱۱] پوہ سمت ۱۸۸۲ ایکہزار آٹھ سو بیاسی بکرمی میں بعہد سلطنت ابو النصر معین الدین محمد اکبر شاہ ثانی بن شاہ عالم ثانی بادشاہ دہلی ہوئی۔

اُسوقت انگریزوں کی طرف سے ہندوستان کا گورنر لارڈ ایمہرسٹ تھا۔ اسکی گورنری کا تیسرا[۳] سال تھا۔ اور حکومت پنجاب پر راجہ رنجیت سنگھ کو چھبیسواں[۲۶] سال تھا۔

**مدفن** | آپ کی قبر۔ بازار حکیماں اندرون بھاٹی دروازہ نزد "فقیر خانہ" لاہور میں ہے۔ ایک محل شریف میں آپ کی اور آپ کے فرزندوں کی قبریں ہیں۔ میں ۱۳۸۱ھ میں زیارت سے مشرف ہوا قبر کے سرھانے یہ کتبہ سنگ مرمر پر کندہ نصب ہے۔

نقل کتبہ سطر بسطر

بسم اللہ الرحمن الرحیم — لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیہم ولا ھم یحزنون

دربار دُربار

حضرت فقیر سید غلام محی الدین شاہ صاحب

بخاری قادری نوشاھی الملقب بہ نوشاہ ثانی نور اللہ مرقدہٗ

مادۂ تاریخ

"رضی اللہ عنھم"

۱۲ ۴۱

Marfat.com

(۳۹)

## غلام مصطفیٰ

## میاں غلام مصطفیٰ شرقپوری رح

آپ میاں الٰہی بخش ولد میاں ہرنی شاہ شرقپوری رح کے بڑے بیٹے اور مرید خلیفہ و سجادہ نشین تھے۔

تاریخ ولادت | ایک ذیقعد احتشام پر جو سمت ۱۹۲۸ ایکہزار نو سو اٹھائیس بکرمی مطابق ۱۸۷۱ء ایکہزار آٹھ سو اکہتر عیسوی کا مکتوبہ ہے۔ آپ کی عمر چھیالیس ۴۶ سال لکھی ہے۔ جس سے آپ کی پیدائش ۱۲۴۱ھ ایکہزار دو سو اکتالیس ہجری مطابق ۱۸۲۵ء ایکہزار آٹھ سو پچیس عیسوی ثابت ہوتی ہے۔

معمولات | آپ اکثر اوقات یاد الٰہی میں مشغول رہتے تھے۔ درود مستغاث۔ درود ذکر تاج قصیدہ غوثیہ اور لوح نامہ روزانہ بلا ناغہ پڑھا کرتے۔ اہل سخاوت و کرامت تھے۔

### کرامات

دریا کو دور ہٹانا | ایک مرتبہ دریائے راوی زمین کو گراتا ہوا موضع ڈھانہ کے قریب آگیا۔ وہاں کے لوگوں نے آپ کے پاس آکر عرض کیا کہ ہمارا مال اسباب غرق ہونے والا ہے۔ آپ نے قصیدہ غوثیہ کا یہ شعر لکھ دیا۔

ﮪ

وَلَوْ اَلْقَیْتُ سِرِّیْ فِیْ بِحَارٍ — لَصَارَ الْکُلُّ غَوْرًا فِی الزَّوَالِ

اور فرمایا اس کو پاک کوزہ میں معہ خوشبو دار پھولوں کے بند کر کے دریا کے کنارہ پر دفن کردو۔ انہوں نے ایسا ہی کیا۔ اسی رات کو دریا دور ہٹ گیا۔

Marfat.com

**غائبانہ امداد کرنا** آپ کے پوتے حکیم حاجی مولوی صوفی میاں نیک محمد صاحب بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں موضع راجہ جنگ ضلع لاہور میں گیا ہوا تھا۔ رات کو رفع حاجت کے واسطے باہر نکلا تو کارخانہ کے ملازموں نے مجھے چور سمجھ کر پکڑ لیا اور مجھے زدوکوب کا ارادہ کیا۔ اُس وقت میں نے آپ کو پکارا "یا بابا حاجی المدد" میرا یہ کہنا ہی تھا کہ وُہ اُسی وقت بیہوش ہو کر گر پڑے اور میں اُن سے بچ گیا۔

**آپ کے کمال کا اعتراف** حضرت میاں شیر محمد نقشبندی مجددی شرقپوری م ۱۳۴۷ھ اکثر آپ کی مجلس میں حاضر ہو کر مستفیض ہوا کرتے۔ اگرچہ خود وہ سماع سے محترز رہتے تھے مگر آپ کی مجلس میں انہوں نے سماع بھی سنا اور وجد بھی کیا اور وہ فرمایا کرتے تھے کہ "میں نے میاں غلام مصطفےٰ صاحب کو خواب میں دیکھا ہے کہ سفید گھوڑے پر سوار ہیں اور سر سے لے کر پاؤں تک نور ہیں"۔

**اولاد** آپ کے اکلوتے فرزند میاں روشن دین صاحب تھے۔

**یارانِ طریقت** آپ کے خواص مرید یہ تھے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | میاں روشن دین فرزند | شرقپور شریف | ضلع شیخوپورہ |
| ۲ | حکیم حاجی مولوی صوفی میاں نیک محمد ولد رشید دین۔ نبیرہ | " | " |
| ۳ | میاں غلام محمد ولد کرم الٰہی۔ برادر زادہ | " | " |
| ۴ | میاں محمد الدین ترکھان | " | " |
| ۵ | میاں دل محمد ولد شیر محمد | ڈھول | |
| ۶ | میاں بلاول دھوبی | نواں کوٹ | لاہور |
| ۷ | سید مدد علی شاہ ؒ | | |
| ۸ | سائیں کالو | | |

**تاریخ وفات** میاں غلام مصطفےٰ صاحب کی وفات شب پنجشنبہ پچیسویں ۲۵ رمضان المبارک

Marfat.com

۱۳۲۳ سنہ ایکہزار تین سو تیئیس ہجری مطابق ۲۳ تیئیسویں نومبر ۱۹۰۵ سنہ ایکہزار نوسو پانچ عیسوی موافق ۹ نوویں مگھر سمت ۱۹۶۲ ایکہزار نوسو باسٹھ بکرمی میں بعہد سلطنت البرٹ ایڈورڈ ہفتم بادشاہ ہند ہوئی ۶ سنہ چھ جلوسی تھا۔

آپ کی قبر قصبہ شرقپور شریف ضلع شیخوپورہ میں چاہ شرینہ والہ پر ہے۔

مادۂ تاریخ

"رحمتِ خداوندی" ۱۳۲۳ھ

Marfat.com

# ف

(۴۰)

فضل الدینؒ

## فقیر فضل الدین برقندازی گوندلانوالیہؒ

آپ آباؤ اجداد سے قصبہ گوندلانوالہ [1] ضلع گوجرانوالہ میں سکونت رکھتے تھے۔ ایک پرانے وثیقہ پر آپ کی قوم علما بپشہ فقری لکھا ہے۔ آپ کے خاندان کے متعلق مختلف روایات ہیں۔

---

[1] مفتی غلام سرور لاہوری نے مخزن پنجاب میں اس قصبہ کی آبادی کے متعلق صفحہ پر لکھا ہے۔

"موضع گوندلانوالہ پہلے پہل اس گاؤں کو زمینداران قوم گوندل نے آباد کیا۔ اور گوندلانوالہ نام رکھا۔ عہد آبادی اپنی سے یہ کبھی ویران نہیں ہوا۔ زمانہ غارت گری سکھاں میں مسمات راجکوراں زوجہ گوجر سنگھ بھنگی کسی قدر فوج لے کر اس قصبہ پر حملہ آور ہوئی۔ مگر زمینداران قوم ورائچ نے مقابلہ پر کمر باندھی۔ اور اس کو قصبہ میں داخل نہ ہونے دیا دو ماہ تک آپس میں کشمکش رہی۔ آخر وہ بے حصول مرام واپس چلی گئی۔ اب ملکیت اس کی بقبضہ زمینداران قوم ورائچ ہے۔ ظروف کانسی وبرنجی اس قصبہ میں اچھے بنتے ہیں۔ اور چھ دکان ظروف سازوں کے جاری ہیں عمارت قصبہ کی خام ہے۔ پانسو پچاس گھر۔ اور پچاس دکانیں موجود ہیں۔ ان میں سے دس گھر پختہ باقی سب کچے ہیں۔ ایک تالاب۔ اور ایک شوالہ پختہ تعمیر کرایا ہوا مصر دیوان چند کا یہاں ہے۔ اور مصر دیوان چند [illegible] کے وقت امیر کبیر وافسر فوج تھا۔ وہ اس قصبہ کا رہنے والا تھا۔ اس کے وقت [illegible] آخر وہ لاولد مر گیا۔ اور خاندان اس کا جاتا رہا۔ [illegible] ہیں۔ اور پانسو پچاس گھر۔ اور پچاس دکانیں [illegible] کے بعد زمینداران [illegible] آسودہ حال ہیں۔" [illegible]

آپ کے خاندان کے منتسبین آجکل بعض تو گیلانی سادات ہونے کا دعوےٰ کرتے ہیں اور بعض فاروقی النسب کہلاتے ہیں۔ اور ایک گھر میں سے یہ شجرہ نسب ملا ہے۔

" فقیر فضل الدین بن شیخ محمد ناصر بن شیخ محمد شاکر بن شیخ عصمت اللہ بن شیخ منصور بن حضرت شیخ طاہر بندگی لاہوری رح "

مگر اس پر بھی کوئی اعتماد نہیں۔ نہ اس کا کوئی مستند حوالہ ملا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ شیخ طاہر بندگی رح کی تولیت کی مناسبت سے یہ سلسلہ نسب ملایا گیا ہے۔

آپ اپنے زمانہ میں شیخ طاہر بندگی لاہوری رح کی خانقاہ کے متولی رہے۔

**بیعت و خلافت** | آپ کی بیعت طریقت حضرت مرزا شاہ امانت نوشاہی برقندازی رح سے تھی۔ جو منگلاں۔ ریاست جموں و کشمیر میں رہتے تھے۔ سلوک قادری پورا کر کے خلافت پائی۔

**وزارت کشمیر** | آپ بڑے صاحب علم و فضل۔ روشن دماغ۔ زیرک و دانشمند تھے۔ راجہ گلاب سنگھ والی کشمیر نے آپ کو اپنی وزارت کے لئے منتخب کیا۔ آپ تمام وزراء و امراء سے زیادہ مدبّر اور لائق تھے۔ باوجود اس عہدہ جلیلہ کے اپنے آپ کو فقیر صاحب کہلاتے۔ اور جوگیہ رنگ و صندلی رنگ لباس پہنتے۔ مولوی احمد یار قادری نوشاہی مراڑوی رح کتاب شاہ نامہ المعروف شاہیجی نامہ میں آپ کا تذکرہ اس طرح کیا ہے۔

ع

| | |
|---|---|
| سیوم صاحب دولت و ملک و دیں | عزیزے ز ارباب حکمت گزیں |
| زامر خدا آمر و ناهی ست | کہ پیر فقیران نوشاہی[۲] ست |
| خرد خوردہ سوگند بر نام او | معلم سبق خوان احکام او |
| خداوند پناہ کہن سال است | فضل دین ازگونہ لاانوال است |

---

[۲] فقیران نوشاہی سے مراد عزیز الدین، امام الدین اور نور الدین ہیں جو آپ کے نواسے اور مرید تھے ۱۲ شرافت

Marfat.com

فرشتہ ؤ تسے صندلیں جابہ است — عطارد دبیرے خرد نامہ است
بفقر و سلوک و عمل منتہی — شناسندہ دانش و آگہی
مشیر مہاراجہ صاحب مدام — میئے راز خم از صراحی بجام
زراز دل راجہ آگاہ اوست — کہ در مختیاری ہوا خواہ اوست
بقانون آئین خود ماہر ست — بشاہنشہ اسرار او ظاہر ست
بہنگام یک بستن شہریار — کند حاصل مملکت را شمار

**تعمیر درگاہ شیخ طاہر بندگی رح** آپ نے اپنے عہد میں حضرت شیخ طاہر بندگی لاہوری رح کی خانقاہ جو شکستہ ہو چکی تھی۔ از سر نو بنوائی۔ چار دیواری۔ مسافر خانہ اور مسجد بھی درست کروائی۔ عرس بھی کرائے تحقیقات چشتی میں ہے "نقد فضل بن بھی عرس کے واسطے کچھ دیا تھا"[۵۳]

**جاگیر ملنا** مہاراجہ رنجیت سنگھ نے اپنے ابتدائی دور حکومت میں آپ کو مصارف درگاہ کے واسطے گیارہ چاہات مختلف دیہات میں بتفصیل ذیل بطور جاگیر معاف اور واگذار رکھے۔

۱ موضع گوندلانوالہ میں دو کنوئیں۔

اول چاہ یکہ جس پر ۳۵ گھماؤں زمین۔

دوم چاہ تونگا نوالہ جس پر ۲۰ گھماؤں زمین

۲ موضع لوٹلی میں۔ دو کنوئیں۔

۳ موضع قیام پور میں۔ دو کنوئیں

۴ موضع غالب کے میں ایک کنواں۔

۵ موضع سیال پرگنہ سیالکوٹ میں۔ ایک کنواں۔

۶ موضع نوکھر میں۔ ایک کنواں۔

۷ موضع لوبیانوالہ میں۔ ایک کنواں غیر آباد

۸ موضع درویش کے میں۔ ایک کنواں۔

[۵۳] تحقیقات چشتی صفحہ ۱۹ تراوت

Marfat.com

اس زمین کی سالانہ آمدن آٹھ مانی غلہ اور چالیس[۴۰] روپیہ نقد آپ کو حاصل ہوتی تھی۔ آپ پینتیس[۳۵] برس تک اس جاگیر پر قابض رہے۔

**ایک دستاویز کی نقل** | ایک پورانی دستاویز میں آپ کے بیٹے فقیر چراغ الدین کے بیانات ڈپٹی کلکٹر مہتمم بندوبست کے اجلاس میں بطور سوال وجواب درج ہیں۔ اس میں اس جاگیر کی تفصیل اور اس کے مصارف وغیرہ درج ہیں۔ وہ پوری یہاں نقل کی جاتی ہے۔

۴۸۶

”

چوں باجلاس منشی شیو سہائے صاحب قائم مقام ڈپٹی کلکٹر مہتمم بندوبست ضلاع

۱۔ سوال۔ حسب ضابطہ۔ جواب۔ نام میرا فقیر چراغ الدین برادر مختار کار فقیر غلام حسن ولد فقیر فضل دین مرحوم قوم علماء عمر ۳۵ برس پیشہ فقیری ساکن موضع کوندلانوالہ پرگنہ وزیرآباد۔

۲۔ سوال۔ کسقدر اراضی معافی موسومہ فقیر غلام حسن کی موضع کوندلانوالہ میں ہے؟ جواب۔ حسب تشریح ذیل۔

| تعداد اراضی | مدت معافی | وجہ معافی | نام واھب | نام موہوب بحصہ و زمانہ قبضہ |
|---|---|---|---|---|
| ۵۵ گھماں<br>معہ دو دھینہ<br>چاہ پکہ نوشگانوالہ<br>۳۵ گھماں عنہ ۲۰ گھماں | ۳۵ برس | مصارف خانقاہ<br>میانی صاحب<br>واقعہ لاہور | مہاراجہ رنجیت سنگھ | مدت قبضہ<br>فقیر فضل دین مرحوم ۳۵ برس<br>فقیر غلام حسن بیٹا ان کا ۱۱ برس |

| حال حصہ معافیدار بر حاصل | حال کاشتکار | شرح تقسیم حصہ بعد خرچ خانقاہ بحصہ برابر۔ | |
|---|---|---|---|
| تقرر شخصہ<br>ربیع غلہ خریف<br>ثلثے مالی ثلث | اسامیان دیہ | فقیر غلام حسن | بی بی امیر بی بی دختر کلاں فقیر فضل دین کہ تارک بیٹھی ہوئی ہے۔<br>بعمر ۴۰ برس۔ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| غلام حسین و نصر دین | فقیر غلام محی الدین برادر زادہ |
| پسران فقیر فضل دین | و داماد فقیر فضل دین |
| غلام حسین - نصر دین | بعمر للعہ ۴۰ برس |
| بعمر ۱۳ برس عمر برس | |

محمد بخش و پیر بخش برادر زادگان فقیر فضل دین۔

| | |
|---|---|
| محمد بخش | پیر بخش |
| بعمر ۲۵ برس | بعمر ۲۲ برس |

۳۔ سوال۔ سوائے اس اراضی معافی کے اور کوئی اراضی بنام فقیر غلام حسین کے معاف ہے؟ جواب۔ ہے۔

کوٹلی قیام پور غالب کے نوکھر موضع سیال پرگنہ سیالکوٹ لوہیانوالہ

دو دہنہ دو دہنہ بکدہنہ بکدہنہ بکدہنہ بکدہنہ غیر آباد

درویش کے۔

یک دہنہ۔ زمینداران از روئے شرارت کے کچھ نہیں دیتے۔

۴۔ سوال۔ پیداوار اس اراضی کا کسقدر ہوتا ہے۔ اور کس صرف میں آتا ہے؟

جواب۔ آٹھ مانی غلہ اور چالیس روپیہ الطریق متوسط کے آتا ہے۔ اور خرچ میلہ و چراغ بتی خانقاہ مرشداں اپنے کے یعنی جناب شیخ طاہر بندگی ماہ بماہ میانی صاحب کے ہوتا ہے۔ اور جو کچھ منجملہ پیداوار کے باقی رہتا ہے موجب حصہ تفریق بالا کے خرچ عیال اطفال کے آتا ہے۔

Marfat.com

۵۔ سوال۔ یہ خانقاہ بعمارت پختہ یا خام۔ اور کہاں واقع ہے۔ آیا آبادی کے بیچ یا فاصلہ پر یا کسی سڑک یا گھاٹ یا رستہ پر یا درمیان زمین معافی۔ اگر درمیان زمین معافی ہے تو کوئی اس میں کھوہ یا درخت واقع ہے۔؟

جواب۔ یہ خانقاہ بعمارت پختہ سفید رنگ آبادی بلاہو سے بفاصلہ ۲ کوس طرف جنوب کے۔ اور کوٹھی صاحبان صدر پورہ سے طرف کنارہ غرب ودکھن کے یککوس۔ اور کتنے درخت کیکر و بیری و انار و بن وغیرہ بلاتعداد اور ایک کھوہ آب نوشی والا۔ اور ایک مسجد و مسافرخانہ بعمارت پختہ اندر چار دیواری خانقاہ کے واقع ہے۔ اور شاہراہ موضع کوٹ نواں متصل اس کے طرف غرب کے جاتا ہے۔ اور قبراں بہت بزرگاں کیال و خانقاہ فقیر فضل دین کی اس میں ہے۔

۶۔ سوال۔ یہ خانقاہ و قبر قبل از معافی تھی۔ یا بعد یا بوقت معافی۔؟

جواب یہی خانقاہ قبل از معافی تھی مگر شکستہ تھی۔ قبلہ گاہی معافی دار کے یعنی فقیر فضل دین نے از سر نو چار دیواری بنوائی۔ خانقاہ و مسافرخانہ و مسجد بھی درست کرایا۔ اور معافی مہاراجہ رنجیت سنگھ نے پیچھے سے بخشی۔ " سه

---

سه یہ اصلی دستاویز صوفی محمد فاضل پٹواری کے گھر میں بمقام گوندلانوالہ متصل گوجرانوالہ موجود ہے۔ ۱۲۔ شرافت۔

**حلیہ ولباس** | آپ گندمی رنگ دراز قد تھے۔ لمبا کرتہ جوگیہ رنگ پہنتے۔ ہاتھوں میں سونے کے کڑے۔ اور کانوں میں حلقے ہوتے۔ خوشنویس بھی تھے۔ آپ کے ہاتھ کی لکھی ہوئی ایک حمائل شریف۔ گوندلانوالہ میں صوفی محمد فاضل صاحب کے گھر موجود ہے۔

**اولاد** | آپ کے چار بیٹے تھے۔

۱ فقیر غلام حسن صاحب رح

۲ فقیر چراغ دین صاحب رح

۳ فقیر غلام حسین صاحب رح

۴ فقیر نصر دین صاحب رح

— دو بیٹیاں تھیں۔

۱ امر بی بی۔ متولدہ ۱۱۹۹ھ / ۱۷۸۵ء۔ یہ تارکہ مجردہ رہیں۔

۲ دوسری بیٹی کا نکاح فقیر سید غلام محی الدین بخاری نوشاہ ثانی قادری نوشاہی برقندازی لاہوری رح سے کیا۔

**ورثاء فقیر صاحب** | چونکہ آپ کی اولاد کچھ عرصہ کے بعد ختم ہوگئی۔ اس لئے آپکے بھائی فقیر لطف کریم کی اولاد آپ کی وارث ہوئی۔ اور آپ کی جائداد و زمین پر قابض ہوئی۔

**یاران طریقت** | آپ کے خواص خلیفے یہ تھے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۱ | فقیر غلام حسن | فرزند | گوندلانوالہ ضلع گوجرانوالہ | |
| ۲ | فقیر چراغدین | " | " | |
| ۳ | فقیر غلام حسین | " | " | |
| ۴ | فقیر سید عزیز الدین رضا بخاری رح | نواسہ | بھاٹی دروازہ | لاہور |
| ۵ | فقیر سید امام الدین اظہر بخاری رح | " | " | " |
| ۶ | فقیر سید نور الدین منور بخاری رح | " الملقب خلیفہ | " | |

Marfat.com

**زمانہ حیات** | فقیر فضل الدین صاحب سال تصنیف شاہنامہ مولوی احمد یار مرالوی رح ۱۲۵۵ھ ایکہزار دو سو پچپن ہجری مطابق ۱۸۳۹ء ایکہزار آٹھ سو انتالیس عیسوی موافق سمت ۱۸۹۷ ایکہزار آٹھ سو ستانوے بکرمی میں بقید حیات تھے۔

آپ کا مزار لاہور۔ گورستان میانی صاحب میں شیخ طاہر بندگی رح کے جوار میں ہے۔

## شجرہ ورثائے فقیر فضل الدین برخورداری گوندلانوالیہ

- فقیر فضل الدین کے بھائی فقیر لطف کریم کے دو بیٹے تھے۔ محمد بخش اور پیر بخش۔
- فقیر پیر بخش کے ایک فرزند مولوی محمد عالم تھے۔
- مولوی محمد عالم کے ایک فرزند صوفی محمد فاضل صاحب ہیں۔
- صوفی محمد فاضل صاحب گوندلانوالہ ضلع گوجرانوالہ میں سکونت رکھتے ہیں۔ منشی فاضل تک تعلیم ہے۔ انتمال اراضیات کے تحصیلدار رہ چکے ہیں۔ خاندان نوشاہی میں شیخ محمد حسن ولد شیخ احمد مجذوب سلیمانی ساکن گھنگوال ضلع سرگودھا کے مرید ہیں۔ شاعری کا خاصہ مذاق رکھتے ہیں۔ ۱۳۷۷ھ ۱۹۵۷ء میں موجود ہیں۔ یہ اشعار انہیں کے ہیں۔ ؎

ثنا بشر کے لئے ہے بشر ثنا کے لئے ۔۔۔ تمام حمد سزاوار ہے خدا کے لئے

وہ رنگ لائی ہے رحمت تری سر محشر ۔۔۔ کہ بے خطا بھی ترسنے لگے خطا کے لئے

جناب صوفی صاحب کے چار لڑکے ہیں۔ محمد فضل طور۔ سلیم اختر۔ انور حسن کیفی۔ اور منور حسن شاد۔ چاروں اسوقت موجود ہیں۔ سلمہم اللہ تعالیٰ

- صوفی محمد فضل طور۔ یہ ادیب فاضل۔ منشی فاضل۔ بی۔ اے ہیں۔ بڑے ذہین فطین۔ ذکی الطبع بہترین شاعر ہیں۔ فارسی۔ اردو اور پنجابی میں اچھی نظمیں کہتے ہیں۔ ان کی میرے ساتھ خط و کتابت رہی جو میں نے بنام کتاب المسطور بین النثر اتہ دالطور الملقب بہ لمحات جمیقہ مرتب کر دی ہے۔ ان کی دو نظمیں جو میرے متعلق لکھی ہیں ملاحظہ ہوں۔ (طور ۱۹۸۳ء میں مؤلف سے پہلے وفات پا گئے ہیں۔ عارف)

Marfat.com

## فارسی کلام ظفر

مست از خمارِ بادۂ عرفاں ہزارہا — در کیفِ چشمِ مستِ تو حیراں ہزارہا
اے بو ظفر خریدہ صد دل بیک ادا — در یک نگاہ بردہ ایماں ہزارہا
از ذوقِ وصل و شوقِ تمنائے معرفت — نغمہ سرا بصحنِ گلستاں ہزارہا
ہمپایۂ ملائک اعلےٰ گدائے تست — طوافِ بارگاہِ تو سلطاں ہزارہا
سروِ روانِ گلبنِ نوشاہِ گنج بخش — آلِ نبی علی ۔ بتو قرباں ہزارہا
از صدمۂ فراقِ تو صد دل کباب شد — از جلوۂ تو موسیِ عمراں ہزارہا
بہرہ ور از خوانِ تو جن و ملک بشر — دُرّاج و سار و کبک و تدرواں ہزارہا
از دستِ جودِ گوشۂ دامانِ مصطفےٰ — رستند ظفر از غمِ دوراں ہزارہا

## اردو کلام ظفر

شریف احمد شرافت پر شرافت ناز کرتی ہے — اخوت ناز کرتی ہے محبت ناز کرتی ہے
گل گلزارِ عباسی نہالِ شاخِ نوشاہی — حقیقت ہے کہ اس گل پر نزاکت ناز کرتی ہے
سخاوت دستگیری غمگساری زیرِ دامن ہیں — کہ اس جانِ مروت پر مروت ناز کرتی ہے
یدُ اللہ فوقَ ایدیہم کا راز آں میں کھولا — کہ اس شمعِ ہدایت پر ولایت ناز کرتی ہے
مرے ہادی مرے مولا مرے مرشد مرے مالک — ترا در ہے وہ در جس پر سیادت ناز کرتی ہے
ترا دیدار دیدارِ رسولِ مکی و مدنی — تری شیریں بیانی پر حلاوت ناز کرتی ہے
تری درگاہِ عالی مرتبت پر سید عالی — شیوخت ناز کرتی ہے امامت ناز کرتی ہے

ترا دل ہے کہ جس دل میں ہزاروں حشر پنہاں ہیں — ترا سر ہے کہ جس سر پر عبودت ناز کرتی ہے
ادھر تجھ پر مورخ اور محدث ناز ہیں کرتے — ادھر تجھ پر حقیقت اور طریقت ناز کرتی ہے
کبھی پر اور کبھی پیرا ہے شعر اقلیمِ عرفانی — ذکاوت ناز کرتی ہے شریعت ناز کرتی ہے
مرے آقا پہ ہے مولا کا تجھ پر ظفر سایہ ہے — جبھی تجھ پر فصاحت اور بلاغت ناز کرتی ہے

Marfat.com

( ۱۱ )

## فقیر اللہ

### مولانا شاہ فقیر اللہ برقندازی کلانوری رح

آپ کا آبائی وطن کلانور تھا۔ جو ضلع گورداسپور میں ڈیرہ بابا نانک کے قریب ہے۔ آپ کی ولادت اور نشوو نما وہیں ہوئی۔ آپ وہاں کے معززوں سے تھے تعلیم ظاہری و باطنی بحد کمال پائی۔ فاضل متبحر ہوئے۔ عربی۔ فارسی۔ اردو۔ پنجابی۔ ہندی اور بھاشا وغیرہ زبانوں میں خاصی مہارت رکھتے تھے۔

آپ کی بیعت طریقت حضرت مرزا شاہ امانت نوشاہی برقندازی رح ساکن منگلاں ریاست جموں کشمیر سے تھی۔ خلافت و اجازت پائی۔

**مکیریاں کی سکونت** آپ نے اپنے پیر روشن ضمیر کے حکم سے موضع مکیریاں[1] ضلع ہوشیارپور کو اپنی سکونت سے نوازا۔ مدت العمر وہیں رہے۔ آپ پر مقام توحید وجودی منکشف تھا۔ جیساکہ آپ کے کلام سے ظاہر ہے۔

---

[1] مفتی غلام سرور لاہوری رح نے کتاب مخزن پنجاب ص ۱۹۴ میں قصبہ مکیریاں کی آبادی کا ذکر اس طرح کیا ہے۔

"مکیریاں۔ جالندھر دوآب کے علاقہ میں یہ ایک قصبہ دریائے بیاس کے بائیں کنارے بفاصلہ آٹھ میل۔ اور لاہور سے شمال مشرق کی طرف بیانوے ۹۲ میل آباد ہے۔ عمارت اس کی تمام کمال پختہ و بازار کشادہ و بارونق ہے۔ پہلے زمانہ میں اصلی مالک اس کے علوی قریشی تھے جن کی نسب امام محمد بن حنفیہ کے ذریعہ سے مرتضی علی علیہ السلام کو جا ملتی تھی۔ ان قریشیوں کے بزرگ اول سلطان محمود غزنوی رح کے ساتھ ہندوستان میں آئے۔ اور کسی اتفاق سے ( باقی بر صفحہ ۱۰۹ )

Marfat.com

**طبی معالجہ** | آپ علم طب میں بے نظیر تھے۔ حاجی نور محمد صاحب قانونگوئے پنشنر قوم اعوان ساکن جمال پور متصل لدھیانہ بیان کرتے تھے کہ ہم نے اپنے بزرگوں سے سُنا ہے کہ آپ ایک دن باغ میں بیٹھے تھے کہ چند ہندو کھترانیاں پاس سے گذریں۔ جو اشنان (غسل) کرنے جا رہی تھیں۔ آپ نے ایک نوجوان عورت کو دیکھ کر فرمایا کہ یہ ایک گھنٹہ تک مر جائے گی چنانچہ ایسا ہی

---

(بقیہ حاشیہ صفحہ [illegible]) اس گاؤں میں رہ گئے۔ اُس وقت یہ گاؤں بہت چھوٹا تھا۔ پھر جب عملداری آدینہ بیگ خاں کی جالندھر دوآب میں ہوئی تو یہاں کے قزلباشوں نے اس کی نوکری اختیار کی۔ اور مرتبہ پایا کہ صاحب فوج و علم و نقارہ ہو گئے۔ اُس وقت اس قصبہ کی آبادی نے بھی ترقی پکڑی۔ بڑی عالی شان عمارتیں تعمیر ہوئیں مدت تک وہ قزلباش آدینہ بیگ خاں کے مرنے کے بعد بھی اس قصبہ اور اس کے گرد و نواح کے علاقہ پر حاکم بااختیار رہے۔ جب سکھوں نے زور پکڑا تو بہ سبب عداوت مذہبی اور ہونے گاؤکشی کے سب سکھ اُن کے دشمن ہو گئے اور انہوں نے سکھوں سے بڑے بڑے محاربے کئے اور علاقہ اپنا مدت تک اپنے قبضہ میں رکھا۔ آخر جے سنگھ کھنیہ جو گھنیوں کی مثل کا سردار تھا بڑی فوج لے کر اُن پر آ پڑا اور کُل علاقہ قزلباشوں سے چھین لیا اور اپنی ریاست میں ملا لیا۔ جب وہ مر گیا تو اس کے بیٹے گوربخش سنگھ کی عورت مسمات سدا کنور۔ رنجیت سنگھ والی لاہور کی ساس اُس ریاست کی مالک ہوئی۔ اُس نے بھی اپنے خسر کے بعد اسی قصبہ میں بود و باش شروع کی اور مدت تک حکمرانی کرتی رہی۔ آخر ۱۲۳۶ ہجری (۱۸۲۱ء) میں رنجیت سنگھ اس کے داماد نے کل علاقہ اُس کا چھین کر اُس کو قید کر لیا۔ جے سنگھ کھنیہ کی حکومت [illegible] آدھ کوس شہر سے باہر چھوٹا سا قلعہ زمینداران قوم اعوان کا [illegible] گرا کر جے سنگھ نے بڑا قلعہ بنوایا اور نام اس کا اٹل گڑھ رکھا [illegible] بڑی عالیشان حویلی اس میں بنوائی [illegible] سکھوں [illegible] سنگھ اس [illegible] جاگیر [illegible] میں ۱۲ [illegible] شرافت۔

Marfat.com

ہوا کہ وہ گھاٹ پر پہنچتے ہی اچانک گر پڑی اور مر گئی۔ جب اُس کی نعش جلانے کے واسطے ہندو لے چلے تو آپ نے فرمایا کہ اس کو میرے پاس لاؤ۔ آپ نے اُس کے پاؤں کی کسی رگ کا فصد کیا۔ جب خون نکلا تو وہ اُٹھ کر بیٹھ گئی۔ آپ نے فرمایا اس کے پیٹ میں بچہ تھا۔ اُس کے پنجہ میں فلاں رگ آگئی جس سے یہ بےحس وحرکت ہو گئی۔ اب فصد کرنے سے خون کا دورہ ٹھیک ہو گیا ہے

**ایک بیمار کا قدرتی علاج** حاجی نور محمد جالپوری اپنے بزرگوں کے سلسلہ اسناد سے بیان کرتے تھے کہ آپ کے پاس ایک کمزور حالت کا مریض لایا گیا۔ آپ نے دیکھ کر فرمایا کہ اس بیمار کے واسطے ایک سال کے عرصہ میں دوائی تیار ہو سکتی ہے۔ لیکن اس کی حالت نازک ہے۔ یہ اتنا عرصہ جان بر نہیں ہو سکے گا۔ آخر مایوس ہو کر اُس کو اُٹھا کر واپس لے چلے۔ رستہ میں مولیوں کا کھیت آیا۔ بیمار نے وہاں اُتر کر رفع حاجت کی اور خیال کیا کہ میں نے مر تو جانا ہی ہے ایک مولی تو کھاؤں۔ چنانچہ وہاں سے اُکھاڑ کر ایک مولی کھائی۔ اُسی وقت اُس کے مرض میں تخفیف معلوم ہوئی۔ اُس نے چند مولیاں وہاں سے لے لیں اور ان کے کھانے سے بالکل صحت پا گیا۔

ایک روز وہ آپ کے پاس آیا۔ آپ اُس کو دیکھ کر متعجب ہوئے اور فرمایا کہ تیرا علاج اس طرح ہو سکتا تھا کہ فلاں قسم کا ایک سانپ مار کر زمین میں دفن کیا جائے اور اُس پر مولی لگائی جائے اور وہ مولی جب تیار ہو جائے تو تم کھاؤ۔ اُس نے بیان کیا کہ میں نے مولی ہی کھائی ہے۔ فرمایا اُس جگہ کو کھودو۔ ضرور اس کے نیچے سانپ دفن ہوگا۔ چنانچہ واقعی اُس کے نیچے سے سانپ کا بوسیدہ پنجر نکلا۔ آپ نے فرمایا۔ قدرت نے خود اس کا علاج کیا۔ [۲]

## شاہ فقیر اللہ مورخین کی نظر میں

**حافظ محمود شیرانی صاحب رح کتاب پنجاب میں اردو صفحہ ۳۹۶ میں لکھتے ہیں۔**

"فقیر اللہ خانوادہ نوشاہیہ سے بیعت ہیں۔ اور شاہ امانت کے مرید ہیں۔ حاجی نوشہ

---

[۲] حاجی نور محمد جالپوری نے یہ واقعہ بڑے اہتمام سے نقل کیا تھا۔ مگر بظاہر قرین عقل نہیں۔ واللہ اعلم۔ شرافت

Marfat.com

متوفی ۱۱۰۳ھ۔ اس سلسلہ کے بانی ہیں۔ شاہ امانت کا حاجی نوشہ سے یہ واسطہ ہے کہ شاہ امانت حضرت عبدالغفور کے مرید ہیں۔ جو محمد حافظ سے بیعت رکھتے ہیں۔ اور محمد حافظ محمد ہادی سے ارادت رکھتے ہیں۔ جو بانی سلسلہ حاجی نوشہ کے مرید ہیں" [۴]

## تصنیف

آپ نے شیخ غلام قادر شاہ[۵] شالوی رہ کی کتاب رمز العشق دیکھی تو آپ کو شوق پیدا ہوا کہ ہم بھی اپنے سلسلہ قادریہ نوشاہیہ کے اشغال و اذکار میں کوئی تصنیف کریں۔ چنانچہ اپنے پیشوا مرزا شاہ امانت صاحب رہ سے اجازت طلب کی۔ انہوں نے فرمایا کہ یہ علم سینہ ہے نہ کہ علم سفینہ۔ نا اہل لوگ پڑھ کر عمل تو کر نہیں سکیں گے۔ اور ہنسی کریں گے۔ آپ نے عرض کیا کہ میں ایسی زبان استعمال کروں گا جس کو عام لوگ نہیں سمجھ سکیں گے، طلبہ اہل اللہ ہی سمجھیں گے۔ چنانچہ انہوں نے اجازت دی تو آپ نے ۱۲۰۴ھ ایک ہزار دو سو چار ہجری مطابق ۱۷۹۰ء ایک ہزار سات سو نوے عیسوی میں کتاب سرّ مکنون بزبان اردو بھاشا نظم کی۔ بڑی خوبی سے اذکار و اشغال کو ترتیب دیا ہے۔

---

[۳] حضرت حاجی نوشہ گنج بخش رہ کا صحیح سال وفات ۱۰۶۴ھ ہے ۱۲ [۴] شیرانی صاحب چونکہ سلسلہ نوشاہیہ کے حالات سے پورے واقف نہ تھے۔ اس لئے صحیح نام نہیں لکھ سکے۔ جن کا نام محمد حافظ لکھا ہے۔ ان کا صحیح نام حافظ قایم الدین محمد ہے۔ اور جن کا نام محمد ہادی لکھا ہے۔ ان کا نام برمحمد ابوالفیض بھیار ہے۔ سرّ مکنون کے شجرہ فی التوحید میں لکھا ہے۔

کہیں ہے برمحمد ہادی　　سب کا داتا کل کی شادی

کہیں محمد حافظ قایم　　فضل کرم ہے جس کا دایم

[۵] شیخ غلام قادر شاہ متوفی ۵ ربیع الثانی ۱۱۷۶ھ مطابق ۲۴ اکتوبر ۱۷۶۲ء۔ یہ شیخ ابوالفتح محمد فاضل الدین قادری شالوی متوفی ۷ ذی الحجہ ۱۱۵۱ھ ۱۸ مارچ ۱۷۳۹ء کے جانشین تھے اور خلف

Marfat.com

شیرانی صاحب رح اس کتاب کے متعلق لکھتے ہیں۔

"فقیر اللہ، مثنوی دُرِّ مکنون کے مصنف ہیں جو رمز العشق کی طرز میں تصوف پر لکھی گئی ہے۔ اس میں ایک ہزار سے زائد ابیات ہیں۔ اور بحر بھی قریب قریب وہی ہے۔ بیرخیوں کے طور پر اس میں دوہرے لائے گئے ہیں۔ اس کی تاریخ تصنیف ۱۲۰۴ھ [چراغ] کے اعداد سے برآمد ہوتی ہے"

یہ کتاب اس طرح شروع ہوتی ہے۔ ؎

| | |
|---|---|
| آنند سنا تیرے گن گا واں | ہردم تیرا نام دھیاواں |
| آنند بھی سنگور میں پایا | اُچیا جاپ جس مجھے بتایا |
| گُپت گنوانے کیا پسارا | سوہنگ اوہنگ آئے پکارا |
| اُچپا جاپ جپا وے سوئے | جس کا ہردا نرمل ہوئے |
| سوہنگ ھوانا کو جان | سری شغل کا بھید پچھان |
| ھوا اللہ ہے اچپا جاپ | جپ سے کٹیں کوٹاں پاپ |
| باہر سو اور بھیتر ہنگ | اُچپا جاپ سوہنگ اوہنگ |
| ھوانا جپ جس نے کیا | سومن ھوا اللہ ہو رہا |
| ھوانا جب سالک کہے | دُوئیت دوار ایکنک ہو رہے |
| آپے ہر جے آپے توں | انا انا ہو بولیں لوں |
| ہر ہر رنگی ہے بے چون | جس بیچونی میں بے جون |

---

؎۲ کتاب کا نام سرِّ مکنون ہے۔ شیرانی صاحب رح نے غلطی سے دُرِّ مکنون لکھ دیا ہے۔ خاتمہ میں شاہ فقیر اللہ صاحب رح خود لکھتے ہیں۔ ؎

| | |
|---|---|
| سرِّ مکنون کو کیا تمام | شاہ جیلاں کا لے کر نام ۱۲ شرافت |

Marfat.com

ھو جاپ ہے پادے سُکھ — بن ھو اور سبھی ہے دُکھ
ھو جاپ ہے جو تُھے پد کا — سادھو پاوے بھید اس جد کا
شاہ امانت بھید بتایا — تو ہیں انحد ناد بجایا

**سرِ مکنون کے چند خطی نسخے** | اس کتاب کے متعدد خطی نسخے بعض حضرات کے پاس موجود ہیں، جو نسخے میں نے خود دیکھے وہ یہ ہیں،

۱ حاجی نور محمد قانونگوئے پنشنر کے پاس بمقام جال پور متصل لدھیانہ ۔ خوشخط ۔
۲ سید محمد شریف بن سید محمد عالم برخورداری کے پاس ۔ بمقام ساہن پال شریف ۔ بخطِ نسخ
۳ سید شریف احمد شرافت نوشاہی برخورداری کے کتبخانہ میں بمقام ساہن پال شریف ۔ بخطِ خود
۴ سید وزیر محمد بن سید فضل عالم ہاشمی کے پاس ۔ بمقام رنمل ۔ متصل ساہن پال شریف ۔ ناقص الآخر
۵ صاحبزادہ محمد امین بن میاں محمد فاضل بھیاری کے پاس بمقام نوشہرہ شریف ۔ ضلع گجرات
۶ حکیم میر غلام قادر شاہ اثر بر قندازی کے کتبخانہ میں ۔ بمقام بستی شیخ درویش ۔ جالندھر ۔
۷ پیر نوازش علی چشتی صابری کے کتبخانہ میں بمقام مسجد محراب والی ۔ گڑھی شاہو ۔ لاہور ۔
۸ سائیں نواب علی شاہ کے پاس ۔ بمقام رانپور ۔ ضلع سیالکوٹ ۔
۹ ذخیرہ مخطوطات شیرانی ۔ پنجاب یونیورسٹی لائبریری لاہور میں مکتوبہ ۵ راہنگ سمت ۱۹۰۳ بکرمی بخطِ مولوی کرم الٰہی ولد عبداللہ ساکن گاجر گولہ ۔ ضلع گوجرانوالہ ۔ نمبر کتاب ۱۴۰۸
۱۰ پنجاب یونیورسٹی لائبریری لاہور میں ۔ اس نسخہ پر غلطی سے اس کا نام مثنوی میرزا شاہ امانت درج ہے مگر یہ سرِ مکنون ہے ۔
۱۱ ایک نسخہ مطبوعہ میری نظر سے گزرا ہے ۔ جو طابع و ناشر نے غلطی سے میراں [illegible] صابری کی تصنیف قرار دے کر چھپوا دیا ہے علاوہ ازیں [illegible]

**پہلے نسخہ کا ترقیمہ** | حاجی نور محمد صاحب اعوان جالپوری کے پاس جو قلمی نسخہ ہے یہ حضرت شاہ فقیر اللہ کے زمانہ حیات کا لکھا ہوا ہے ۔ کسی کاتب نے آپ کے قیام کا مے شاہ [illegible]

Marfat.com

کے واسطے یہ تحریر کیا۔ اُس پر سے دستخط نقل کیا جاتا ہے۔

" قد فرغت من تحریر ھذا النسخۃ متبرکہ المسمی بہ سرّ مکنون من تصنیف زبدۃ الواصلین قدوۃ العارفین خلاصۃ المتوکلین اسوۃ العاشقین ھادی المضلین نائب رسول رب العالمین مقبول اھل اللہ حضرت صاحب میاں فقیر اللہ شاہ ادام اللہ برکاتہ وانفاسہ علی الطالبین یوم الجمعۃ۔ تحریر بتاریخ نہم شہر شعبان المعظم ۱۲۵۷ھ[1] ہجری باخاطر داشت میاں گامے شاہ جمالپوری تحریر یافت فقط ۵

من نوشتم صرف کردم روزگار — من نمانم این بماند یادگار

خدایا بہ بخشا این ھر مکہ را — نویسندہ خوانندہ دارندہ را "

**اولاد** آپ کا اکلوتا بیٹا میاں محمد بخش نام تھا۔ جو لاولد فوت ہوا۔

**یارانِ طریقت** آپ کے خورص درویش یہ تھے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱ | میاں گامے شاہ ولد غوث محمد اعوان | جمال پور اعواناں متصل لُدھیانہ |
| ۲ | میاں عظمت اللہ اعوان ۔ [شیخ کا جانماز تبرکاً ان کے پاس تھا] | " |
| ۳ | شاہ فاضل صاحب رح [ان کی چار دیواری افسکاف اب موجود ہے] | " |
| ۴ | میاں حاجی شاہ صاحب رح — نور نگ برادہ | " |
| ۵ | سید اکبر صاحب رح | |

**زمانہ حیات** شاہ فقیر اللہ صاحب رح سال تحریر نسخہ اولیٰ سرّ مکنون ۱۲۵۷ھ ایکہزار دو سو ستاون ہجری ۱۸۴۱ء ایکہزار آٹھ سو اکتالیس عیسوی میں زندہ موجود تھے۔ کیونکہ الفاظ ادام اللہ برکاتہ وانفاسہ علی الطالبین سے اُس وقت آپ کا حیات بابرکات ہونا مفہوم ہوتا ہے۔

آپ کا مزار اطہر قصبہ بکریاں ضلع ہوشیارپور، مشرقی پنجاب میں ہے۔

---

[1] مطابق ۲۲ ستمبر ۱۸۴۱ء۔ شرافت۔

Marfat.com

شجرۂ فقرات شاہ فقیر اللہ برقندازی رح

سید اکبر رح

میاں محمد غوث رح

میاں کرم الٰہی جالندھری رح

میاں پیر بخش جالندھری رح

سائیں نتھے شاہ مسلم شیخ - مدفون برخوردار متصل ننکانہ صاحب ضلع شیخو پورہ

سید محمد شاہ۔

میاں حاجی شاہ - تونگر زادہ دار رح

میاں گلاب شاہ رح

میاں مردان شاہ رح

یہ ۱۳۸۵ھ / ۱۹۶۵ء میں مجھے موضع خونی بھٹیاں متصل ننکانہ صاحب میں ملا تھا۔ ۱۲ شرافت۔

Marfat.com

(۴۲)

# فیض بخش

## چودھری حافظ فیض بخش تارڑ اگرویئہ

یہ چودھری دریام خاں کا بیٹا تھا۔ ابن محمد امین بن وہاب بن چودھری محب علی تارڑ موضع اگرویہ مضافات صاحب پال شریف کا باشندہ تھا۔

تعلیم حصول طریقت | اس نے میاں حاجی احمد صاحب مخدوم رح سے قرآن مجید اور دری کتابیں پڑھیں۔ اس کا طریقہ تھا کہ روزانہ بوھڑ کے ایک پتے پر سبق لکھوا لیتا۔ اور باہر مال چرانے جاتا تو وہیں سبق یاد کر لیتا۔ اور پتا دریائے چناب میں ڈال دیتا۔ تاکہ بے ادبی نہ ہو۔ اسی طرح قرآن مجید حفظ کر لیا۔

بعد تعلیم ظاہری کے حضرت مولانا سید حافظ نور اللہ صاحب نوشاھی برخورداری ساہنپالوی کی بیعت ہو کر طریق تصوف حاصل کیا۔

عبادت | رات کے وقت روزانہ دریا پر جا کر عبادت کیا کرتا اور سحر کے وقت سب کنوؤں پر دورہ کرتا اور ہر ایک کارندہ کو بیدار کرتا اور نماز کی تاکید کرتا۔

شعر گوئی | یہ شعر گوئی کا مذاق رکھتا تھا۔ پنجابی اشعار کہا کرتا۔ چند سیحرفیاں بنائیں۔ لیکن سب ناپید ہیں۔ یہ اشعار اس کے ہیں ؎

مائے نی اک سودی لدھا جیہڑا ھرنوں رزق پوچاوے
اگلا لیفا منگدا ناہیں اُلٹا روز پوچاوے

. . . . . . . . . . .

میاں فیضا اوس سودی ہو ندیاں خلقت کیوں غم کھاوے

ے

ح حسن دا ناں کرنا ناں ڈر جبار قہار رول
اوس جیسے مانک پھر دے کیتے جنہاں قیمت گئی بازار رول
شیطاں دیکھ غرور جو کیتا دھک سٹیا دربار رول
میاں فیضا ڈر قادر کولوں مت پیادیاں کرے سوار رول

ے

س۔ سُنیں توں روز ہمیشہ اج چل گیا فلاناں
ویویں اک دن توں سُنیسیں سمجھ نادان اجاناں
کل نفس ذائقۃ الموت سچا حکم ربانا ں
میاں فیضا ایتھے نال کوئی رہسی سب کسے چل جاناں

ے

ع۔ عرض کراں دستگیر اگے ساری عمر گذری بوٹا لاندیاں دی
کھوہ گیڑ یاسی نال شوق دے میں ول سُکگئی پانی پاندیاں دی
بنت پیر فقیر میں ہوں تھکی نہیں پئی پوری پیریں جاندیاں دی
فیض بخش کرے ویلا کرن دا ای عمر گذر گئی وقت وہاندیاں دی

باغو طوائف کے متعلق | لاہور کی مشہور مغنیہ طوائف باغو نام رنگ محل میں رہتی تھی۔ اس نے ...کیا

میاں فیض بخش نے اس کے متعلق کہا۔

ے

باغو پری رنگ محل وچ لاہور نو شہلا ناں
دند جواہر تے سبز پیشانی پلکاں تیر کماناں
لالی دیکھ لباں دی لالی گُل لالہ لرزاناں
فیضا کالک حسن دی واہندی لی کرے تعریف سیاناں

Marfat.com

اولاد | چودھری حافظ فیض بخش رح کے چار بیٹے تھے۔

۱ چودھری موج دین رح

۲ چودھری عظیم رح

۳ چودھری سعید رح

۴ چودھری محسن رح

اس کی اولاد کی تفصیل تذکرۃ النوشاھیہ کے پہلے حصہ موسوم بہ تحائف الاطہار میں اس کے مورث اعلیٰ چودھری محب علی ثانی رح اگردیہ رح کی اولاد کے ضمن میں لکھی جا چکی ہے۔ تکرار کی ضرورت نہیں۔

Marfat.com

# ک

(۴۳)

## کالا

### سائیں کالا برقندازی بڑھکی والے

آپ کے آباؤ اجداد پشاور شہر میں سکونت رکھتے تھے [illegible] آپ کے والد نامدار خان اور آپ کے جد امجد دونو بزرگوار سید میر بالا [illegible] قادری کابلی [illegible] کے مرید تھے۔ آپ کی والدہ بی بی جمیل بانو ترکی النسل تھیں [illegible] جنگ میں ایرانیوں کے ہاتھ آئیں۔ اس وقت ان کی عمر پانچ سال تھی [illegible] بخارا میں لا کر ان کو فروخت کیا جس تاجر نے خریدا وہ [illegible] تھا اس نے [illegible] پیر صاحب کی خدمت میں [illegible] پیر صاحب کی خدمت میں رہیں [illegible] میں پانی گرم کر کے وضو [illegible] میاں نامدار خان پشاوری [illegible] نکاح کر دیا [illegible] خاتون تھیں۔ ایک وقت تھا [illegible] اپنے شوہر کی سیاست [illegible]

جب نامدار خان [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

Marfat.com

**ولادت** | میاں نامدار خاں نے بیول میں آکر ایک اور شادی کر لی۔ جس سے کئی لڑکے پیدا ہوئے۔ اور بی بی جمیل بانو سے صرف ایک لڑکا سائیں کالا متولد ہوئے۔ جب والد کا انتقال ہوا۔ تو آپ بمعہ والدہ صاحبہ کے بیول سے چل کر بڑھکی بدھال مضافات راولپنڈی میں چلے گئے۔ اور تمام پدری جائداد اپنے سوتیلے بھائیوں کو دے گئے۔

**واقعہ بیعت** | آپ ابتدائے بچپن سے ہی فقر دوست تھے۔ جب سن تمیز کو پہنچے تو والدہ ماجدہ سے پوچھا کہ میں کونسا کام اختیار کروں جس سے دو نو جہان کی سعادت نصیب ہو۔ مائی صاحبہ نے فرمایا۔ یاد الٰہی کرو۔ آپ نے پوچھا یہ کام سوائے پیشوا کے مشکل ہے۔ مجھے کوئی ایسا بزرگ بتاؤ جس سے راہ ہدایت پاؤں۔ مائی صاحبہ نے فرمایا۔ قصور سے چالیس میل آگے ایک بزرگ پیر بنا شاہ صاحب رح رہتے ہیں۔ اُن کے پاس جاؤ۔ آپ چل پڑے۔ مائی صاحبہ نے کچھ نقدی اور ساگ کی ہدیہ کے واسطے دی۔ جب آپ منزلیں طے کرتے ہوئے قریب پہنچے تو خیال آیا کہ اگر فقیر صاحب نے مجھ کو پہچان لیا تو میں نذرانہ دوں گا ورنہ نہیں۔ جب آپ اُن کی خدمت میں پہنچے۔ تو پیر بنا شاہ صاحب رح نے خود بخود فرمایا۔

" سائیں کالیا۔ بڑھکی والیا! مائی جمیل بانو راضی ہے؟ "

آپ نے دوبارہ سلام بجا لائے اور نذرانہ پیش کیا۔ پیر صاحب نے ایک ہفتہ آپ کو پاس رکھا اور فرمایا کہ تمہارا فیض میرے پاس نہیں ہے۔ تم کو ادھر ادھر سے ہی راہ ملے گا۔ جاؤ اپنی والدہ سے ہی پوچھ لینا۔ آپ پیدل چلتے ہوئے واپس آ گئے۔ پاؤں میں آبلے پڑ گئے۔ والدہ صاحبہ نے فرمایا بیٹا! میں نے تم کو آزمایا۔ تم امتحان میں کامیاب نکلے۔ تمہارا فیض باوا خیر محمد نقشبندی برخورداری رح کے پاس ہے۔ آپ والدہ صاحبہ کے حکم سے موضع موہڑہ بھٹیاں پہنچ کر اُن کی خدمت میں حاضر ہوئے اور بیعت کی۔ رات دن خدمت شیخ میں رہ کر یاد الٰہی کرنے لگے۔ جلد ہی کامل ولی ہو کر خلافت سے مشرف ہوئے۔

**قصیدہ غوثیہ کا وظیفہ** | آپ بالکل اُمّی تھے۔ لکھ پڑھ نہیں سکتے تھے۔ صرف قصیدہ غوثیہ

Marfat.com

کہ پہلے شعر کا ورد تھا۔ اسی کے برکات سے متمتع تھے۔ عشقِ غوثیہ میں ہر وقت سرشار رہتے۔

**درگاہِ نوشاہ عالیجاہ رح کی زیارت** | ایک مرتبہ آپ درویشوں سمیت ساہن پال شریف میں حضرت شیخ الاسلام شاہ حاجی محمد نوشہ گنج بخش رح کی درگاہِ اطہر پر حاضر ہوئے۔ اور زیارت صاحبزادگان اور فیوض روحانی سے مالا مال ہوئے۔ حضرت سید حافظ الٰہی بخش برخوردار سجادہ نشین کی صحبت سے بھی مستفیض ہوئے۔

**سخاوت و مہمان نوازی** | آپ حد درجہ کے سخی تھے۔ جو چیز ہاتھ لگتی خدا کے راہ میں خیرات کر دیتے۔ سائلین کو کبھی خالی نہ چلاتے۔ اجل غلہ وغیرہ دوسرے لوگوں کے گھر [illegible] رکھتے تاکہ جب مہمان آئیں تو اُن کی خدمت ہو سکے۔

ایک بار ایک مسافر درویش صورت آپ کے پاس رہا۔ رات کو اُس کو [illegible] شروع ہو گئے۔ آپ نے اُس کی خدمت کی۔ [illegible] اپنے ہاتھوں سے صاف [illegible] تین روز [illegible] ٹوکرا ولیہ [illegible] جانے کا ارادہ ظاہر کیا۔ آپ نے [illegible] ٹوکرا اٹھا لیا [illegible] خدمت کرنے چلے گئے۔ ایک جگہ بیٹھ کر اُس نے [illegible] اُس کو اٹھایا تو وہ سونا [illegible] گیا [illegible] کہنے لگا [illegible] آپ نے فرمایا کہ میں نے تمہاری خدمت [illegible] لیکن [illegible] اور واپس چلے آئے۔

[illegible] | [illegible]

[illegible]

**[illegible]** | [illegible]

[illegible] حضرت نوشاہ [illegible]

Marfat.com

کی جماعت تھی۔ وہاں پر آپ کے ارادتمند فقیر یہ حجام نے عرض کی کہ یا قبلہ میرے لئے درگاہ عالیہ پر دعا فرماویں کہ حق تعالیٰ مجھے اولاد سے بہرہ ور فرمائے۔ آپ مزار اطہر کی طرف دیر تک متوجہ رہے۔ جب سر اُٹھایا تو فرمایا۔ کیا تم نے کچھ سنا ہے؟ سب نے عرض کیا کہ ہم نے کچھ نہیں سنا۔ آپ نے فرمایا کہ حضرت نوشہ صاحب رح نے بشارت دی ہے کہ فقیر یہ حجام کے گھر چار لڑکے اور تین لڑکیاں ہوں گی۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے ایسا ہی ظہور میں آیا۔

**باز کا دام میں آنا** | ایک مرتبہ آپ موضع پنڈ کروال تحصیل کہوٹہ میں تشریف فرما تھے۔ وہاں کا رئیس اعظم رائے فتح دین مجلس میں حاضر تھا۔ اور اُس کے پیشوا پیر میر کالے والے بھی وہاں موجود تھے۔ اُس کو باز کے شکار کا شوق تھا۔ عرض کیا۔ یا حضرت میں نے کوٹھی[1] لگائی ہے۔ دعا کریں کہ باز شکار میں آجائے۔ آپ نے فرمایا رائے صاحب! تم کوئی عاقبت کے واسطے دعا کراؤ۔ اُس نے کہا مجھے اِس وقت شکار کی ضرورت ہے۔ آپ نے فرمایا کہ میں تو مسکین درویش ہوں۔ شاہ صاحب سے دعا کراؤ۔ شاہ صاحب نے کہا ایک مہینہ کو باز کوٹھی لگے گا۔ آپ کو جوش آگیا اور فرمایا۔ رائے صاحب! اگر آج رات باز کوٹھی لگ گیا تو سمجھ لینا کہ فقیر کا اثر ڈھکی والے رح نے دیا ہے۔ اور اگر مہینہ کو آیا تو سمجھ لینا کہ شاہ صاحب نے دیا ہے۔ اور اگر مہینہ گزر جانے کے بعد آیا۔ تو یہ تمہاری قسمت آپ یہ بات کہہ کر وہاں سے دُکھیاہ تشریف۔ حضرت میر کلاں پیر صاحب رح کے دربار پر چلے گئے اور سلام کر کے شام کو گھر میں واپس آگئے۔ والدہ صاحبہ نے از راہ کشف واقعہ سے باخبر ہو کر فرمایا۔ بیٹا! درویش کا کام جلدی کرنا نہیں۔ تم نے اسقدر جلدی کیوں کہدیا۔ خیر اللہ بہتر کرے گا۔ آپ اُسی وقت وہاں سے چل کر چھ کوس کے فاصلہ پر موضع شکھو میں ترکھانوں کے گھر چلے گئے۔ آدھی رات کا وقت تھا کہ کسی نے دروازہ کھٹکھٹایا۔ جب دیکھا تو ایک

---

[1] کوٹھی لگانا۔ پنجاب میں باز کے شکار کے واسطے دام لگانے کو کہتے ہیں ۱۲ شرافت

Marfat.com

مرد بزرگ دراز قد سفید ریش سبز لباس کھڑا ہے۔ اور کہتا ہے۔ میاں کالا! تمہاری خاطر علاقہ ہرات سے باز لایا گیا ہے۔ جاؤ تم اُس سے نذرانہ لاؤ۔ چنانچہ دوسرے روز آپ گھر تشریف لائے۔ تو رائے صاحب کا آدمی نذرانہ لے کر پہنچا۔ اور کہا کہ واقعی رات کو باز شکار میں آگیا۔

**ایک گستاخ کو سزا** ایک مرتبہ موضع بگوال کی ایک عورت آپ کی خدمت میں آئی۔ اور عرض کیا کہ میرا لڑکا گائے ذبح کرنے کے جرم میں گرفتار ہو گیا ہے۔ سردار صاحب رئیس سکھ نے اس کو پھانسی کا حکم دے دیا ہے۔ آپ نے اُسی وقت کمبل اوڑھ لیا۔ اور عصا ہاتھ میں پکڑے۔ سردار مذکور کے پاس تشریف لے گئے اور کہا کہ اس عورت کا ایک ہی بیٹا ہے اس کو چھوڑ دو۔ سکھ از راہ تکبر و سرکشی بحالت مخموری اسے نوکر کو کہا کہ اس درویش کو مار دو۔ نوکر نے بندوق کی نوک مار کر آپ کو زمین پر گرا دیا۔ آپ اُٹھے اور پھر وہی معافی کی کہ اُس نے پھر مار کر گرا دیا۔ آپ نے پھر اُٹھ کر وہی بات کہی تیسری بار [illegible] سی تھا کہ آپ نے فرمایا۔ خبردار اب تیسری بار [illegible] اُسی وقت اُس کا ہاتھ شل ہو گیا [illegible] معافی دے دی۔ اُس نے لڑکے کو بھی رہا کر دیا [illegible] عرصہ وہ جاگیر آپ کے پاس رہی۔ ایک مرتبہ [illegible] سے انکار کر دیا [illegible] جاگیر کو چھوڑ دیا۔ [1]

**اولاد** آپ کے دو بیٹے تھے

۱ میاں غلام [illegible] صاحب

۲ میاں غلام رسول صاحب

---

[1] [illegible]

**یارانِ طریقت** | آپ کے خواص درویش تھے۔[ف ۳]

| | | |
|---|---|---|
| ۱ | میاں کرم دین صاحبؒ | بگوال |
| ۲ | سائیں غلام محمد صاحبؒ | پنڈ بھینسو کروالال |
| ۳ | خلیفہ فتح دین صاحبؒ | ؍ |
| ۴ | سائیں قادر بخش صاحب کشمیریؒ | منصور والی |
| ۵ | مائی کالو صاحبہؒ | چک بیلی خان |

**مدفن** | سائیں کالا صاحب کی قبر موضع ڈھکی بدھال۔ مضافات راولپنڈی میں ہے۔

---

ف ۳ اس کا ایک مرید سائیں نادر نام ساکن سرا مادریہ تھا جو گولڑہ شریف میں رہتا تھا۔ شرافت

Marfat.com

(۹۹)

# کرم الٰہی

## میاں کرم الٰہی شرقپوری ؒ

آپ میاں الٰہی بخش ولد میاں ہری شاہ شرقپوری رح کے چھوٹے بیٹے اور مرید [illegible] تھے۔ صوفی مشرب۔ صاحب امانت و دیانت تھے۔ درویشی گفتگو میں خاص [illegible] تھی۔

**تعلیم** | آپ نے فارسی علم ادب کی تعلیم پائی جن ایام میں آپ رسالہ نام حق [illegible] مولانا شرف الدین بخاری رح پڑھتے تھے۔ میاں پیر بخش ڈھولوی نے نسخہ نام حق آپ کے لئے لکھا اور دستخط میں آپ کے متعلق ایک شعر بھی لکھا۔

" تولیسم این نسخہ نام حق باس خاطر کرم الٰہی [illegible]

قطعہ ابیات

[illegible]

**اولاد** | آپ کے [illegible]

**یار طریقت** | [illegible]

**تاریخ وفات** | [illegible]

[illegible]

Marfat.com

# کرم آلہی

## مولوی حکیم کرم آلہی گاجر گولہ

آپ کے والد کا نام مولوی محمد حسین تھا جو فارسی اور پنجابی کے بہترین شاعر تھے جن کی مثنوی وفایع قبول مشہور ہے ۔ ابن حافظ عبداللہ بن شیخ ابوالحسن مبارک بن شیخ محمود قوم کھوکھر سے تھے ۔ اپنے والد صاحب کے شاگرد اور مرید و خلیفہ تھے ۔ موضع گاجر گولہ میں سکونت رکھتے تھے ۔

استخراج کرم آلہی بر اسم سے | آپ نے ایک رباعی بنائی ہے جس میں ایسا طریقہ لکھا ہے کہ جس نام یا جس لفظ سے چاہیں کرم آلہی بنا لیں یعنی تین سو چھ [۳۰۶] اعداد بن جاتے ہیں ۔

### رباعی

از ہر اسمے کرم آلہی خواں ۔۔۔ کن مربع [۴] بہ سیزدہ [۱۳] مضروب

کم یکے ساز طرح پنجاہ دو [۵۲] ۔۔۔ آنچہ باقی بود بشش [۶] منسوب

یعنی جس نام کے اعداد کو چاہو چار [۴] سے ضرب دو ۔ حاصل ضرب کو تیرہ [۱۳] سے ضرب دو ۔ اس میں سے ایک [۱] تفریق کرو ۔ پھر اس کو باون [۵۲] پر تقسیم کرو ۔ جو باقی بچے اس کو چھ [۶] سے ضرب دو ۔ تو تین سو چھ [۳۰۶] بن جائیں گے مثلاً زید کے اعداد اکیس [۲۱] ہیں ۔ چار [۴] سے ضرب دی چوراسی [۸۴] ہوئے ۔ اس کو تیرہ [۱۳] سے ضرب دی ایکہزار بانوے [۱۰۹۲] ہوئے ۔ اس میں سے ایک تفریق کیا ۔ تو ایکہزار اکانوے [۱۰۹۱] ہوئے ۔ اس کو باون [۵۲] پر تقسیم کیا ۔ تو باقی بچے اکاون [۵۱] ان کو چھ [۶] سے ضرب دی ۔ تو تین سو چھ [۳۰۶] ہو گئے ۔ جو کرم آلہی کے اعداد ہیں ۔

اولاد | آپ کے ایک ہی فرزند مولوی امیرالدین صاحب تھے ۔ ان کی اولاد کی تفصیل باثر الاخبار میں گزر چکی ہے

مدفن | آپ کا مزار ۔ گاجر گولہ ۔ ضلع گوجرانوالہ مسجد کے شمال کی طرف اپنے والد صاحب کے پاس مغربی جانب ہے ۔

Marfat.com

(۴۶)

# کرم سنگھ

## راجہ کرم سنگھ پٹیالوی

**نسب نامہ** | راجہ کرم سنگھ کے والد کا نام راجہ صاحب سنگھ تھا متوفی ۱۸۱۳ء/۱۲۲۸ھ ابن راجہ امر سنگھ متوفی ۱۷۸۱ء/۱۱۹۵ھ بن سردُول سنگھ متوفی ۱۷۷۲ء/۱۱۸۶ھ بن راجہ آلا سنگھ متوفی ۱۷۶۵ء/۱۱۷۹ھ بن راماں بن پھول متوفی ۱۶۵۲ء/۱۰۶۲ھ - سلہ

**ریاست پٹیالہ** | راجہ کرم سنگھ جب اپنے باپ دادا کی طرح ریاست پٹیالہ کا مالک ہوا تو مسلمانوں پر بڑے مظالم کیا کرتا۔ سید جعفر شاہ نوشاہی برقندازی جب پٹیالہ میں تشریف لائے تو انہوں نے اپنے تصرف سے اس کو مسخر بنایا تو اُن کا مرید ہو گیا اور دل وجان سے معتقد او خادم بن گیا۔ اس کے بعد مسلمانوں کو ستانے دینے سے رک گیا۔

**اولاد** | اس کے دو بیٹے تھے۔

۱ مہاراجہ نریندر سنگھ کے سی ایس آئی متوفی ۱۸۶۲ء [illegible]

۲ [illegible] سنگھ متوفی ۱۸۶[illegible]

**تاریخ وفات** | راجہ کرم سنگھ [illegible]

[illegible]

Marfat.com

ھ

(۴۷)

## محمد اعظم

### مولانا محمد اعظم انصاری برقندازی جالندھریؒ

آپ شیخ الاسلام حضرت شیخ ابو اسمٰعیل عبداللہ انصاری پیر ھرات رح[1] کی اولاد سے ہیں ۔ جو کہ حضرت ابو ایوب انصاری رض[2] صاحب رحل رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی اولاد امجاد میں سے تھے ۔ آپ جالندھر بستی شیخ درویش[3] میں سکونت رکھتے تھے ۔

**نسب نامہ** | آپ تین بھائی تھے ۔ مولوی بدرالدین ۔ مولوی محمد اعظم اور مولوی شیخ محمد فرزندان میاں شیخ احمد بن عبدالقادر بن محمد عابد بن محمد زاہد بن محمد فاضل بن شیخ غیاث الدین بن حاجی سعداللہ لاہوری رح[4]

**تعلیم بیعت ۔ ریاضت** | آپ نے علوم متداولہ سے فارغ ہو کر طب اور نجوم میں بھی مہارت پیدا کی ۔ بھاشا اور سنسکرت بھی سیکھی ۔ ابعدہٗ تصوف کا شوق پیدا ہوا ۔ تو حضرت سید

---

[1] شیخ الاسلام عبداللہ انصاری رح متولد ۱۳ شعبان ۳۹۶ھ/۱۰۰۶ء ۔ متوفی ۹ ربیع الآخر ۴۸۱ھ/۱۰۸۸ء کے والد کا نام ابو محمد منصور انصاری رح تھا۔ ۱۲

[2] حضرت ابو ایوب خالد بن زید انصاری رض جنگ قسطنطنیہ میں ۵۱ھ/۶۷۱ء میں شہید ہو کر وہیں قلعہ کی دیوار کے پاس دفن ہوئے ۔ ۱۲۔ الاکمال فی اسماء الرجال ص۳ ]

[3] شیخ درویش افغان بعمر بانوے ۹۲ سال ۱۰۸۲ھ/۱۶۷۱ء میں فوت ہوئے اور جالندھر کے پاس دفن ہوئے ۔ وہ بستی انہیں کے نام پر بستی شیخ مشہور ہوئی ۔ مادہ تاریخ ہے "شیخ العالم" شیخ صاحبؒ نے اپنی زندگی میں ۱۰۳۰ھ/۱۶۲۱ء میں ایک عالیشان مسجد تعمیر کرائی

[4] انوار القادریہ

Marfat.com

قاضی محمد علی سبزواری برقندازی رح کی خدمت میں حاضر ہو کر بیعت سے مشرف ہوئے۔ اپنے پیر روشن ضمیر کے عاشق صادق تھے۔ جب قاضی صاحب کبھی اپنے وطن مالوفہ کو تشریف لے جاتے۔ تو آپ تاب فراق نہ لا کر ہمراہ ہی چلے جاتے۔ بالآخر بعد حاضری و خدمت بہ ارشاد شیخ طریقت ہر وقت ریاضات میں مشغول رہتے۔ ورد وظائف میں اسماء سبع گنج عرش، یمانی، سورۂ مزمل، صلوٰۃ تنجینا، درود کبریت احمر، مشہور دعائے حیدری ... سورۂ فاتحہ و قصیدہ خمریہ۔ اور دیگر اسماء سے متمتع ہوئے تھے۔

علوم مختلفہ میں مہارت | آپ کو علم شریف جفر میں بھی کمال دسترس تھی۔ آپ کو فن رمل و نجوم کا۔ اور زباندانی بھاشا کا بھی عام شہرہ تھا۔ ... سید علیم اللہ جالندھری کی اولاد نے رمل اور کتاب پدماوت بھاشا مصنفہ ملک محمد جائسی ... ملک صاحب امداد خان قوال ساکن بستی دانشمنداں جالندھری ... جو بخط ناگری بھاشا زبان میں تھی۔ اور کوئی اس کو پڑھ نہیں سکتا تھا ... اس کے تمام معنی بتلا کر سمجھا دئیے تھے۔

اولاد | آپ کے تین بیٹے تھے۔

۱ مولوی غلام حسین صاحب رح

۲ میاں غلام حسن صاحب رح

۳ میاں غلام محی الدین صاحب رح

شاگردان رشید | آپ کے شاگرد نو بہت تھے۔ از انجملہ چند یہ ہیں۔

۱ میاں ہدایت اللہ شاہ جالندھری رح

۲ میاں حفیظ اللہ شاہ جالندھری رح

۳ ملک صاحب امداد خان قوال جالندھری رح تھے

۴ ۵ ۶ انوار العارفین قلمی ...

**یاران طریقت** آپ کے خواص مریدین یہ تھے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | میاں غلام حسن فرزند ثانی رح | بستی شیخ درویش | جالندھر |
| ۲ | میاں امیر خاں راجپوت رح | 〃 | 〃 |
| ۳ | میاں محمد مغل رح | 〃 | 〃 |
| ۴ | مرزا مفضل علی بیگ رح | 〃 | 〃 |
| ۵ | میاں ولی شاہ راجپوت رح | محبت پور | 〃 |
| ۶ | سائیں شیخے شاہ بافندہ رح | پرجیانوالی | 〃 |
| ۷ | میاں خدا بخش رح | کلیان پور | 〃 |
| ۸ | میاں عظیم شاہ قریشی رح | اوگی | 〃 |
| ۹ | میاں کرم بخش رح | کوٹلہ آبادان | 〃 |
| ۱۰ | میاں عظیم نمدہ مال رح | 〃 | امرتسر |
| ۱۱ | میاں قاسم نمدہ مال رح | | 〃 |
| ۱۲ | میاں مرزا رح | | |

**تاریخ وفات** مولانا محمد اعظم صاحب رح کی وفات بقول صاحب انوار القادریہ الملقب بہ ریاض النوشاھیہ۔ منگلوار چودھویں جمادی الاخرے ۱۲۴۶ھ ایکہزار دو سو چھیالیس ہجری مطابق تیسویں نومبر ۱۸۳۰ء ایکہزار آٹھ سو تیس عیسوی میں بعہد سلطنت ابوالنصر معین الدین محمد اکبر شاہ ثانی بن شاہ عالم ثانی بادشاہ دہلی ہوئی۔

اُسوقت انگریزوں کی طرف سے ہندوستان کا گورنر جنرل لارڈ ولیم بینٹنگ تھا۔ جس کی گورنری کا چوتھا سال تھا۔

پنجاب کی حکومت پر راجہ رنجیت سنگھ کو اکتیسواں سال تھا۔

آپ کا مزار جالندھر۔ باغ خانقاہ ملا گدا میں ہے۔

Marfat.com

## قطعۂ تاریخ

از کتاب انوار القادریہ - مولانا آثر جالندھری

۵

شیخ اکمل محمد اعظم — چوں زدنیا بخلد شد راہی
سال تاریخ رحلتش بہ اثر — ہاتفے گفت بعمدۂ نوشاہی

۱۲ ۴ ۶ ھ

مادۂ تاریخ

"ریاض مصطفوی" ۱۲۴۶ھ

### مختصر تذکرہ اولاد مولانا محمد اعظم رح

- مولانا محمد اعظم کے تین بیٹے تھے۔ مولوی غلام حسین، میاں غلام حسن، میاں غلام محی الدین
- میاں غلام حسن کا ذکر اس کتاب کے چھٹے حصہ سوم بہ صحایف الاسرار میں لکھا جا ئے
- میاں غلام محی الدین ولد مولانا محمد اعظم کے دو بیٹے تھے۔ میاں محمد بخش المعروف محمدی شاہ اور میاں احمد شاہ۔
- میاں محمدی شاہ کے چار بیٹے تھے۔ مولوی غلام قادر شاہ اثر، میاں محمد [illegible] میاں [illegible] اور پیرزادہ محمد حسن بی اے
- مولوی غلام قادر شاہ اثر کا [illegible] کتاب [illegible] حصہ [illegible]
- میاں احمد بخش ولد محمدی شاہ [illegible]
یونیورسٹی میں [illegible] ۱۳۵۲ھ [illegible]
- پیرزادہ محمد حسن ولد محمدی شاہ [illegible]
[illegible]
۱۳۵۲ھ / ۱۹۳۴ء میں [illegible]

Marfat.com

(۴۸)

## محمد بخش

## میاں محمد بخش جھنگی والے رح

فرزند دوم میاں شہاب الدین ولد بابا سپاہی شاہ ارائیں ۔ ساکن جھنگی بابا ہی شاہ صاحب ۔ اپنے دادا صاحب بابا سپاہی شاہ کے مرید تھے ۔

تذکرۃ المشائخ میں آپ کے متعلق لکھا ہے ۔

"حضرت محمد بخش صاحب رح سالک بست تھے ۔ اور شب و روز عبادت الٰہی میں مصروف رہتے تھے ۔ اور صاحب کرامات و خرق عادات تھے ۔ مگر آپ نے کوئی کتاب اپنے ہاتھ سے نہیں تحریر کی ہے ۔ اور لسان الفقر سیف الرحمان آپ کی زبان دُرفشان تھی جو کچھ آپ زبان سے فرماتے تھے ۔ اُسی وقت ظہور میں آجاتا تھا ۔ آپ کی بہت سی کرامتیں دنیا میں مشہور ہیں ۔"

اولاد | آپ کے ایک ہی فرزند میاں غلام محمد صاحب تھے جو آپ کے ہی مرید و خلیفہ تھے ۔

آپ کی قبر جھنگی بابا ہی شاہ ضلع ہوشیار پور ۔ مشرقی پنجاب میں ہے ۔

Marfat.com

محمد بخش

# میاں محمد بخش شرقپوری رح

آپ میاں معصوم شاہ ولد میاں ہرنی شاہ شرقپوری رح کے [illegible] تھے۔ بیعت طریقت اپنے بزرگ چچا میاں الٰہی بخش رح سے تھی۔ ادب و تعلیم میں کمال [illegible]

**اخلاق و عادات** | آپ غریب پرور مسکین نواز تھے۔ کئی محتاجوں کو خود [illegible] ساہوکاروں سے قرضے دیتے اور لوگ بددیانتی سے پورا ادا نہ کرتے، تو پھر وہ قرضہ آپ کو ادا کرنا پڑتا۔ اس لئے آپ کی ساری عمر مسکینی حالت میں گذری۔

**اولاد** | آپ کے دو بیٹے تھے۔

۱ - میاں برکت علی متوفی ۲۰ شعبان ۱۳۳۱ھ ۲۵ جولائی ۱۹۱۳ء [illegible]
مادہ تاریخ ہے "خوش کردار"

۲ - میاں اکبر علی متوفی ۲ رمضان ۱۳۴۳ھ ۷ اپریل ۱۹۲۵ء [illegible]
[illegible] ایک بیٹا شیر علی نام تھا جو شیر خوارگی میں فوت [illegible]

**یاران طریقت** | آپ کے خواص مرید یہ ہیں۔

۱ میاں محمد الدین ولد میاں علی محمد شرقپوری

۲ میاں محمد [illegible] لاہوری

**[illegible] اشعار** | مولوی محمد حیات ولد میاں [illegible]
[illegible] لکھی ہے

[illegible]

تھا زباں پر جاری ہر دم ذکرِ ھو صبح و مسا — وِرد کرتے تھے سدا حضرت محمد بخش پیر

تھا غریبوں کا ٹھکانہ آپ کی درگاہ پر — ہوتے تھے حاجت روا حضرت محمد بخش پیر

شیخِ کامل کی توجہ سے ہوا اُن پر اثر — محویت میں ہو گیا حضرت محمد بخش پیر

ہے امیدِ حیات کو اُس شاہِ عالی ذات سے

دیں گے وہ اپنا لقا حضرت محمد بخش پیر

## واقعۂ وفات

آپ کا جب وقتِ وفات قریب ہوا تو میاں محمد الدین صاحبؒ نے آپ کے منہ میں شہد اور دودھ ڈالا اور آپ کے پاس درود مستغاث پڑھنا شروع کیا۔ جب کلمہ مشفع الامۃ یدینا بالشفاعۃ پر پہنچے۔ تو آپ کے فراق کی وجہ سے آنسو جاری ہو گئے۔ اور پڑھنے سے رُک گئے۔ آپ نے خود آگے یہ کلمہ پڑھا۔ رسول صاحب النبوۃ محمد نبی اللہ۔ یہ پڑھ کر دنیا سے رخصت ہوئے۔ [1]

**تاریخِ وفات** میاں محمد بخش کی وفات بقولِ صحیح بروز جمعہ یکم جُمادی الاُخریٰ ۱۳۲۵ھ ایکہزار تین سو پچیس ہجری۔ مطابق بارھویں[12] جولائی ۱۹۰۷ء ایکہزار نو سو سات عیسوی مواحق انتیسویں[29] ہاڑ سمت ۱۹۶۴ ایکہزار نو سو چونسٹھ بکرمی میں بعہدِ حکومت البرٹ ایڈورڈ ہفتم بادشاہِ ہند ہوئی۔ ساتواں سال جلوسی تھا۔

آپ کی قبر شرقپور ضلع شیخوپورہ میں چاہ شرینہ والہ پر ہے۔

## مادۂ تاریخ

آیت شریف سے " فاینما تولوا فثم وجہ اللہ " ۱۳۲۵ھ

---

[1] فیضِ مصطفائی المعروف گلزارِ نوشاہی ص ۱۲۲ شرافت۔

(۵۰)

## محمد بیگ

### مرزا محمد بیگ لاہوری رح

آپ اپنے دادا صاحب مرزا صدیق بیگ لاہوری رح کے مرید و خلیفہ تھے ۔ اُن کی وفات کے بعد موضع ڈھوڑن وال متصل لاہور میں درگاہ حضرت شاہ فرید رح کے سجادہ نشین ہوئے ۔

**تعمیر مکانات** | آپ نے درگاہ شاہ فرید رح میں چار کچے مکانات تعمیر کرائے [illegible] ۱؎

**عُرس کا انتظام** | مولوی نور احمد چشتی ”تحقیقات چشتی“ میں لکھتے ہیں

” بروز عرس مرزا محمد بیگ بھنڈارہ فقرا کرتے ہیں ۔ اکثر فقرائے تو مسابیہ جمع ہوتے ہیں ۔ اور سرود و قوالی بھی ہوتی ہے ۔ بروز میلہ زمیندار ان مواضعات گرد و نواح [illegible] سجادہ و خانقاہ کرتے ہیں ۔ “ ۲؎

**زمانۂ حیات** | آپ زمانہ تالیف کتاب تحقیقات چشتی یعنی ۱۲۸۰ھ ایک ہزار دو سو اسی ہجری ۱۸۶۳ء ایک ہزار آٹھ سو تریسٹھ عیسوی میں بقید حیات تھے ۔ مولوی نور احمد لکھتے ہیں

” مرزا محمد بیگ بعمر ہشتاد سالہ موجود ہے ۔ “ ۳؎

**مدفن** | آپ نے اپنی قبر شاہ فرید کی خانقاہ کی چار دیواری میں [illegible]

---

۱؎ تحقیقات چشتی ص۲۲۴ ۲؎ ایضاً ص۴۲۹ ۳؎ ایضاً ص۴۲۸ [illegible]

Marfat.com

## شجرۂ فقرائے مرزا احمد بیگ لاہوریؒ

میاں اللہ بخش خوجہ کثاریہ تر قصوریؒ
یہ کچھ عرصہ خود مستقل طور پر
سجادہ نشین بنا رہا۔

بابا جھنگے شاہ زرگر لاہوریؒ
مرزا صاحب کے بعد درگاہ حضرت
شاہ فرید کا سجادہ نشین رہا۔

میاں پیر بخش لاہوریؒ

سائیں اللہ دتہ ولد بابا جھنگے شاہ

— اپنے والد کے بعد سجادہ نشین رہا۔ کچھ عرصہ کے بعد میاں اللہ بخش خوجہ کثاریہ تر قصوری نے مقدمہ کر کے سجادگی لے لی۔ دوبارہ سائیں اللہ دتہ نے قبضہ لے لیا۔ اور اللہ بخش کے بیٹے احمد بخش سے تحریر کرالی۔ کہ میں بطور مجاور بن کر رہوں گا پھر جب کچھ وقت گزرنے پر اس نے لوگوں میں رسوخ پیدا کر لیا۔ تو دوبارہ مقدمہ کر کے اللہ دتہ کو علیحدہ کر دیا۔ اور خود قابض ہو گیا۔ یہ احمد بخش حضرت سید مکھن شاہ برخورداری لاہوریؒ کا مرید تھا۔ اتوار ۹ ربیع الاول ۱۳۵۰ھ ۳ جولائی ۱۹۳۱ء کو فوت ہو گیا۔ چونکہ یہ اولاد نرینہ نہیں رکھتا تھا اس لئے اس نے اپنے ہمشیرہ زادہ محمد اشرف ولد حافظ الٰہی بخش کثاریہ کو سجادگی تحریر کر دی۔ کچھ عرصہ کے بعد جب اس نے اپنے آپ میں درویشی کی اہلیت نہ دیکھی تو کسی دوسرے خاندان کے ایک درویش کو دربار شاہ فرید کا گدی نشین بنا دیا اور عدالت میں بیان دیا کہ یہ بھی احمد بخش کا مرید ہے۔ حالانکہ عام لوگوں کا بیان ہے کہ یہ بات صحیح نہ تھی۔ اس لئے اس درویش کی سجادگی طریقہ فقرا کے مطابق غلط سمجھی جاتی ہے۔

Marfat.com

(۵۱)

## محمد عثمان

### میاں محمد عثمان ڈھولوی رح

آپ حافظ محمد سلیمان بن حافظ محمد حسین قصوری رح کے بیٹے تھے۔ بیعت طریقت اپنے حقیقی چچا حافظ برہان الدین صاحب رح سے تھی۔ صاحب حلم وحیا متشرع تھے۔

خدمات مرشد | آپ نے تمام عمر اپنے پیر صاحب کی خدمت میں بسر کی۔ آپ کو کھیتی باڑی کا کام سپرد ہوا تھا۔ سرگرمی سے اُس کو انجام دیتے۔ [1]

اولاد | آپ کے ایک ہی فرزند میاں علی محمد نام تھے۔

تاریخ وفات | آپ کی وفات ۱۲۷۸ھ ایکہزار دو سو اٹھتر ہجری مطابق ۱۸۶۱ء ایکہزار آٹھ سو اکسٹھ عیسوی میں عہد سلطنت ملکہ وکٹوریہ ہوئی۔ ۲۴ سنہ جلوسی تھا۔ آپ کی قبر موضع ڈھول متصل قصور ضلع شیخوپورہ میں ہے۔

مادہ تاریخ

"ختم گردید" ۱۲۷۸ھ

---

[1] فیض مصطفائی المعروف گلزار نوشاہی ص ۱۵۲ شرافت

(۵۲)

مراد شاہ

## بابا مراد شاہ ھرڈیو والہ رح

آپ کے آباؤاجداد نیلاری کا پیشہ کرتے تھے۔ بچپن میں آپ کو راہِ حق کا شوق ہوا، تو بابا عالم شاہ نوشاہی رح ساکن نوشہ دغلاں ضلع گوجرانوالہ کے حلقہ ارادت میں داخل ہوئے۔ اور ریاضت و مجاہدہ میں سرگرم رہے۔ اور بمقام ھرڈیو فیض کا حلقہ قایم کیا۔ اکثر لوگ آپ سے فیضیاب ہوئے۔ [1]

اولاد | آپ کے دو[۲] بیٹے اور پانچ بیٹیاں تھیں۔ بیٹوں کے نام یہ ہیں۔

۱ میاں الٰہی بخش۔ م ذیلقعد ۱۳۱۸ھ فروری ۱۹۰۱ء

۲ میاں بوٹے شاہ۔ م ۹ صفر ۱۳۲۳ھ ۱۵ اپریل ۱۹۰۵ء

دونوں دنیاوی کاروبار میں مشغول رہتے۔ درویشی مسلک سے برطرف رہے۔

یارِ طریقت | آپ کے مریدوں میں سے بابا بیار شاہ شمس دوالہ مشہور درویش تھا۔

تاریخ وفات | بابا مراد شاہ نے سو[۱۶]لہویں شعبان ۱۲۹۱ھ ایک ہزار دو سو اکانوے ہجری مطابق اٹھائیسویں[۲۸] ستمبر ۱۸۷۴ء ایک ہزار آٹھ سو چوہتر عیسوی کو وفات پائی۔

مدفن | آپ کا مزار موضع ھرڈیو ضلع شیخوپورہ میں ہے۔ ماہ ذی الحجہ ۱۳۸۶ھ مارچ ۱۹۶۷ء میں اس پر بلند گنبد تعمیر ہوا۔ دونوں بیٹوں کی قبریں بھی اسی گنبد میں ہیں۔ میں بھی زیارت سے مشرف ہو چکا ہوں۔ ہر سال چھبیسویں[۲۶] ہاڑ کو میلہ ہوتا ہے۔

---

[1] مکتوب سائیں برکت علی سجادہ نشین دربار بابا مراد شاہ رح شرافت

Marfat.com

(۵۳)

## مستان شاہ

# شیخ مستان شاہ پشاوریؒ

آپ حضرت شاہ ظہور الدین کابلی کے مرید و خلیفہ اعظم تھے۔ آپ نے علاقہ پنجاب کی سیر کی۔ اور علاقہ پوٹھوہار کا سفر کرتے ہوئے پشاور پہنچے۔ اور گور کٹھڑی میں زیارت سبز پیرام کے پاس قیام کیا۔

**وجد و سماع** آپ کی مجلس میں اکثر سماع اور وجد ہوا کرتا تھا۔ ایک دن مولانا بہاء الدین اور مولانا خیر الدین جو قاضیان پشاور رہے تھے احتساب کے واسطے مجلس میں آئے۔ تماشائیوں کا ہجوم ان کے ہمراہ تھا۔ جب انہوں نے کچھ بات چیت شروع کی۔ تو آپ نے اُن کی طرف دیکھا۔ تو وہ وجد میں آکر زمین پر گر پڑے [illegible] ہاتھ سے گر گیا۔ دیر تک تڑپتے رہے۔ جب افاقہ ہوا۔ تو آپ کے [illegible] ہو کر حلقہ بیعت میں داخل ہوئے۔ آپ نے ان کو خلافت و اجازت [illegible] اور بشارت دی کہ حضرت [illegible] گنج بخش کا سلسلہ فقر تمہارے [illegible] میں جاری ہوگا۔ چنانچہ ہزاروں لوگ ان سے فیضیاب ہوئے۔ [illegible]

**یاران طریقت** آپ کے مشہور خلیفہ یہ تھے۔

۱ مولانا بہاء الدین مفتی پشاور

۲ مولانا خیر الدین مفتی پشاور

---

۱۔ [illegible] مفتی پشاوری [illegible] شرافت

۳ شیخ تھوشاہ رح

۴ شیخ قطب الدین رح

تاریخ وفات | شیخ مستان شاہ کی وفات تقریباً ۱۲۱۴ھ ایکہزار دوسو چودہ ہجری مطابق ۱۷۹۹ء ایکہزار سات سو ننانوے عیسوی کے حدود میں ہوئی۔ اسوقت دہلی کی حکومت پر ابوالعدل مروج الدین محمد عالی گوہر عرف شاہ عالم ثانی بن عالمگیر ثانی کو بیالیسواں[۴۲] سال تھا۔ اور انگریزوں کی طرف سے ہندوستان کا گورنر لارڈ مارنگٹن المعروف مارکوئیس آف ولزلی تھا۔ اسکی گورنری کا دوسرا سال تھا۔

اسوقت پنجاب کی حکومت پر مہاں سنگھ ولد چڑت سنگھ کو اٹھائیسواں[۲۸] سال تھا۔

مدفن | آپ کا مزار پہلے زیارت سبز پیر میں تھا۔ مگر اویطاویلہ[۲] حاکم پشاور کے عہد میں وہاں سے مزار اٹھا کر موضع ہندو پنفل چوہا گجر میں بنایا گیا۔ جو پشاور سے تین میل کے فاصلہ پر ہے۔[۳]

مادۂ تاریخ

«دریغ» ۱۲۱۴ھ

---

[۲] اویطاویلہ صاحب۔ مہاراجہ رنجیت سنگھ اور اُس کے بیٹے شیر سنگھ کے عہد حکومت میں ۱۲۵۳ھ / ۱۸۳۷ء سے ۱۲۵۸ھ / ۱۸۴۲ء تک پشاور کا حاکم رہا۔ [تاریخ پشاور ص۳۵۸۔ گوپال داس]

[۳] مکتوب خلیفہ پیر احمد صدیقی پشاوری رح شرافت۔

Marfat.com

شجرۂ فقرائے شیخ مستان شاہ پشاوری ؒ




Marfat.com

(۵۴)

## معصوم شاہ

## میاں معصوم شاہ شرقپوریؒ

آپ میاں ہرنی شاہ ولد شاہ مراد شرقپوری کے چھوٹے بیٹے تھے۔ اور بیعت طریقت اپنے بڑے بھائی میاں الٰہی بخش صاحب رح سے تھی۔

**وجہ تسمیہ** | آپ کا اصلی نام پیر بخش تھا۔ ایکدن بچوں میں کھیل رہے تھے۔ والد صاحب نے پوچھا تو کون ہے؟ کہا میں آپ کا لڑکا پیرا۔ اُنہوں نے خیال کیا کہ یہ تو ہمارے دادا پیر حضرت شیخ پیر محمد سچیار نوشہروی رح کے نام کی بے ادبی ہوتی ہے۔ اُسی وقت آپ کا نام معصوم شاہ رکھ دیا۔

**تاریخ پیدائش** | ایک وثیقہ اشتام بر جو سمت ۱۹۲۸ب / ۱۸۷۱ء کا مکتوبہ ہے۔ اُس وقت آپ کی عمر اکتالیس سال لکھی ہے جس سے سال پیدائش سنہ ۱۸۳۰ء / ۱۲۴۶ھ ثابت ہوتا ہے۔ حالانکہ اس سے گیارہ سال پہلے سنہ ۱۲۳۵ھ / ۱۸۲۰ء میں آپ کے والد بھی وفات پاچکے تھے۔ اور ۱۲۳۹ھ / ۱۸۲۴ء میں آپ کا اپنے بڑے بھائی صاحب کے ساتھ رضانامہ کی تحریر کرنا ثابت ہے جیسا کہ آگے درج کیا جائیگا۔ تو ثابت ہوا کہ اس اشتام پر آپ کی عمر غلط درج ہوئی ہے۔ آپ اپنے والد صاحب کی زندگی میں سن بلوغ کے قریب تک پہنچ چکے تھے۔

**اخلاق** | آپ کی تمام عمر غربت اور مسکنت میں گزری۔ گداگری کرکے گزارہ کرتے۔ اگر کوئی سائل مسکین راستہ میں مل جاتا۔ تو جو کچھ پاس ہوتا اُس کو دے دیتے۔[1]

---

[1] گلزار نوشاہی صفحہ ۱۳۳ شرافت

Marfat.com

## رضانامہ کی تحریر

اپنے والد صاحب کی وفات کے بعد اخراجات کی بابت آپ کو اپنے بڑے بھائی صاحب میاں الٰہی بخش کے ساتھ کچھ رنجش تھی۔ آخر عرس ماہِ رجب سمت ۱۸۸۱ ب کے بعد ۱۲۳۹ھ میں آپس میں بطور رضانامہ یہ تحریر لکھی گئی۔

مُہر

"خادم شرع رسول اللہ الصمد
دا[illegible] قاضی الحاجات
قاضی سعد اللہ ابن شیخ محمد

۱۲۳۸

۳ھ

"منکہ معصوم شاہ بن ھرنی شاہ بن عبد الرحمٰن [illegible] اقرار [illegible]
[illegible] کہ آنچہ بابت دعوے وراثت پدر خود با الٰہی بخش [illegible]
[illegible] گفتہ والدہ شریف [illegible] و تمامی خود [illegible]
و نماند من مقر مذکور را با برادر موصوف ہیچ شئے [illegible]
من الاسباب فقط۔ اگر [illegible] دعوے [illegible]
بطریق رضانامہ نوشتہ [illegible] شہر شوال ۱۲۳۹ھ [illegible]

۱ العبد [illegible] علامت خط معصوم شاہ [illegible]

۲ گواہ شد۔ علی شاہ [illegible]

---

۳ھ قاضی سعد [illegible]
[illegible]
[illegible] صاحب [illegible]

Marfat.com

۳ گواہ شد امام بخش فقیر۔

۴ گواہ شد برہان الدین۔

۵ گواہ شد نعمت بن نور جمال۔

۶ گواہ شد شیخ عیسٰے بن شیخ علی۔

۷ گواہ شد لاہوں شاہ فقیر۔

۸ گواہ شد درگاہی شاہ فقیر بلہو شاہ۔" [۴]

## کرامات

**اولاد ہونے کی دُعا** مسمی جمال حجام شرقپوری اولاد سے محروم تھا۔ اس کی اہلیہ بھی سن رسیدہ ہو چکی تھی۔ ایک دن آپ نے اُس کو بشارت دی کہ اللہ تعالٰے تم کو لڑکا عطا فرماوے گا۔ اس کا نام پیر بخش رکھنا۔ چنانچہ اسی طرح ہوا۔ [۵]

**ایک گستاخ کو سزا ملنا** ایکدن آپ دربار حضرت شاہ مراد صاحب رح کے پاس بیٹھے تھے۔ بہبکو نام مراسی نے آپ کو ستانا شروع کیا۔ آپ نے ہر چند اس کو منع کیا۔ مگر وہ ایذا دینے سے باز نہ آیا۔ بلکہ گستاخانہ کہہ دیا کہ میں تمہارا خون پی جاؤں گا۔ آپ غضبناک ہوئے۔ اور کہا کہ ہم نے تیرے بیٹوں کا لہو چوس لیا ہے۔ چنانچہ اُس کے دو لڑکے مر گئے۔ اور وہ مقطوع النسل ہو گیا۔ [۶]

**سجادہ نشین نوشہروی کا خائف ہونا** ایک مرتبہ آپ عرس نوشہرہ تشریف لے گئے۔ اور میاں سلطان بالا ولد میاں الٰہی بخش سجادہ نشین کے آگے نذرانہ رکھا۔ انہوں نے آپ کی غربت کے مدنظر نہ لیا۔ آپ نے سخت لہجہ میں کہا کہ آپ میرا نذرانہ قبول نہیں کرتے۔ اُسوقت میاں صاحب خائف ہوئے اور نذرانہ لے لیا۔ [۷]

---

[۴] یہ اصل رضانامہ قلمی، میاں سلامت علی منوہر ولد میاں غلام نبی کے گھر میں بمقام شرقپور موجود ہے ۱۲

[۵] گلزار نوشاہی ص ۱۲۷ [۶] ایضاً ص ۱۲۵ [۷] ایضاً ص ۱۲۸ ۔ شرافت۔

Marfat.com

**اولاد** | آپ کی شادی میاں عبداللہ المعروف میاں بلہا ابن حافظ محمد یعقوب مفتی [چشتی پوری] شرقپور کی صاحبزادی سے ہوئی تھی۔ اُن کے بطن سے آپ کے دو بیٹے ہوئے۔

۱ میاں دیدار بخش رح

۲ میاں محمد بخش رح

**تبرکات** | ایک مرتبہ آپ نے سات عدد کوڑیاں سلطان مست ولد سلطان ملک نوشہروی کو نذرانہ میں پیش کیں۔ اُنہوں نے وہ تبرکاً واپس دے دیں۔ آج تک وہ آپ کی اولاد کے پاس موجود ہیں۔

**تاریخ وفات** | صاحب گلزار نوشاہی نے آپ کی وفات ۱۲۷۲ھ ایک ہزار دو سو بہتر ہجری لکھی ہے۔ لیکن ایک وثیقہ انتقام جو ۱۳ پوہ سمت ۱۹۲۸ بکرمی [۱۴ شوال ۱۲۸۹ھ ۲۷ دسمبر ۱۸۷۱ء] کا لکھا ہوا ہے۔ اس وقت آپ کا زندہ موجود ہونا ثابت ہوتا ہے۔

بہر کیف میاں معصوم شاہ صاحب کی وفات ۱۲۸۹ھ / ۱۸۷۲ء کے لگ بھگ کسی سال ہوئی۔ ساون کا مہینہ تھا۔

**مدفن** | آپ کی قبر قصبہ شرقپور ضلع شیخوپورہ میں چاہ تہر والا پر ہے۔

Marfat.com

# ن

(۵۵)

## نور محمد

### مولوی حافظ نور محمد صاحب کھرلاں والہؒ

والد کا نام یوسف خاں ولد سلیمان خاں تھا۔ قوم کھوکھر سے تھے۔ آپ کا وطن موضع کھرل ۔ ضلع ساہی وال تھا۔ حضرت سخی روشن دین صاحب بھریدی رہ کے اکابر خلیفوں سے تھے۔ قرآن مجید کے حافظ ۔ اور صاحب علم و فضل تھے۔

**عطائے خلافت** | جس وقت آپ بیعت ہوئے تو سوائے نام پیر صاحب کے کوئی وظیفہ نہ کرتے ۔ لوگ آپ کو دیوانہ کہتے ۔ پھر بارہ[12] سال وضو کرانے کی خدمت انجام دی ۔ اور خود بھی ہر وقت با وضو رہتے ۔ ایکدن حضرت صاحب نے آپ کو سینہ سے لگایا اور فیض باطنی سے معمور کر دیا ۔ اور خلافت و اجازت سے مشرف فرما کر حکم دیا کہ اب طالبان حق کی دستگیری کرو ۔[1]

**غائبانہ امداد کرنا** | ایک مرتبہ آپ کے فرزند مولوی حافظ امام الدین رہ گھوڑے پر سوار ہو کر کہیں جا رہے تھے ۔ رات کا اندھیرا تھا ۔ ایک بلائے عظیم سیاہ رنگ نمودار ہوئی ۔ اور اُن کے سامنے کھڑی ہو گئی ۔ اُنہوں نے اُس وقت آپ کو یاد کیا تو آپ فوراً اُسی وقت وہاں موجود ہو گئے اور اُس بلا کو مار کر زمین میں دھنسا دیا ۔[2]

---

[1] [illegible] محمد ساہی [illegible] ۔ جلد دوم ۔ ص ۲۲۲ ۔

[2] حوالہ [illegible] ص ۲۲۳ [illegible] شرافت نوشاہی ۔

Marfat.com

اولاد | آپ کے دو بیٹے تھے۔

۱ مولوی حافظ امام الدین صاحب سجادہ نشین۔

۲ مولوی بدر الدین صاحب رح

یاران طریقت | آپ کے خواص خلیفے یہ تھے۔

۱ مولوی حافظ امام الدین فرزند اکبر۔

۲ مولوی بدر الدین فرزند اصغر

۳ بابا غریب علی شاہ رح

۴ بابا رحمان شاہ گوجر رح

مدفن | آپ کا مزار موضع کھول شریف۔ جھنگ لیان عظیم تحصیل دیپالپور، ضلع ساہی وال میں ہے۔ ہر سال بائیسویں[۲۲] جیٹھ کو رسم غلاف پوشی اور تئیسویں جیٹھ کو چراغ افروزی ہوتی ہے۔ بہت میلہ لگتا ہے۔

مختصر تذکرہ اولاد مولوی نور محمد کھولوی

- مولوی حافظ نور محمد کے دو بیٹے تھے۔ مولوی امام الدین ان کا [illegible]
- مولوی بدر الدین کے دو بیٹے تھے۔ میاں علاء الدین اور میاں محمد بخش۔
- میاں علاء الدین کے چار بیٹے تھے۔ محمد بخش مفقود الخبر ہو گیا۔ قمر الدین لاولد۔ حسین بخش [illegible]
- حسین بخش کا ایک لڑکا محمد انور موجود ہے
- [illegible] کے تین بیٹے [illegible] اصغر علی اور غلام جیلانی [illegible]
- [illegible]
- [illegible] موجود ہے
- [illegible]

Marfat.com

# شجرۂ فقرائے مولوی حافظ نور محمد کھر لاں والہ رح

- بابا رحمان شاہ گوجر رح
  - سائیں اللہ دین رح
    - حکیم چراغ دین لاہوری
      یہ بڑے اعلیٰ طبیب تھے۔
      سید مکھن شاہ لاہوری رح
      جو اولاد حضرت نوشہ صاحبؒ
      سے تھے۔ یہ بھی صحبت رکھتے
      تھے۔ میں نے اپنے بچپن میں
      حکیم صاحب کو لاہور میں
      دیکھا ہے۔ ۱۲ شرافت
    - میاں اللہ بخش لاہوری
- بابا غریب علی شاہ رح
  - بابا سردار علی شاہ رح ساکن میانی شریف برلب دریائے راوی
    - میاں محمد بخش رح
      - میاں اللہ دتہ ساکن طوطی کے
        - خوشی محمد راجپوت۔ ساکن شیخوپورہ
          یہ ۱۳۷۸ھ میں موجود ہے۔ ۱۲

Marfat.com

(۵۶)

# نیک صالح

## میاں نیک صالح مُخنّث کاجر گولہ

یہ مولوی محمد حسین کھوکھر ساکن کاجر گولہ ضلع گوجرانوالہ صاحب وقائع نیول کا شاگرد اور مرید تھا۔ ہر وقت اپنے استاد کی خدمت میں رہتا صاحب علم تھا۔

دستخط | اس کے لئے کسی شخص نے ایک رسالہ لکھا جس کا دستخط یہ ہے۔

"حسب فرمائش زبدۃ آثار و معید بردرگاہ میاں نیک صالح مدظلہم وافضالہم وادام اللہ انبالہم بحق محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بتاریخ ہفتم ماہ جمادی الاول سنہ ۱۲۷۹ھ موافق شانزدہم ماہ منگھر سمت ۱۹۱۹ بروز شنبہ"

زمانہ حیات | بتاریخ گیارھویں جمادی الاولیٰ سنہ ۱۲۸۰ ایک ہزار [illegible] مطابق چوبیسویں اکتوبر سنہ ۱۸۶۳ ایک ہزار آٹھ سو تریسٹھ عیسوی [illegible] مگھر سمت ۱۹۲۰ ایک ہزار نو سو بیس بکرمی کو موضع کاجر گولہ [illegible] بنت میاں کامل شاہ ولد میاں غلام علی کی شادی ہوئی [illegible] نے قبول دیا ہے [illegible]

تمت

وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ [illegible]

Marfat.com

# کتابیات

یہاں اُن کتابوں کے نام لکھے جاتے ہیں جو اس کتاب عوارف الانوار کے ماخذ ہیں۔ اور ساتھ ہی اُن کے مصنفوں کے نام بھی درج کئے گئے ہیں۔ کتابوں کے نام حروف تہجی کی ترتیب پر لکھے ہیں

---

نمبر شمار　　نام کتاب　　نام مصنف۔

## الف


۱　اسرار التصوف ج ۲　حکیم محمد علیخان نقشبندی مجددی لاہوری رح مطبوعہ ۱۳۱۱ھ

۲　استحکام خطی۔　مکتوبہ سمت ۱۹۲۸ بکرمی۔ مملوکہ میاں سلامت علی سوہدری نوشاہی شرقپوری

۳　اشعار خطی　صوفی محمد فاضل نوشاہی ساکن گوندلانوالہ ضلع گوجرانوالہ

۴　اکمال فی اسماء الرجال　شیخ ولی الدین ابی عبداللہ محمد بن عبداللہ الخطیب صاحب المشکوٰۃ مطبوعہ محمدی لاہور ۱۳۰۴ھ

۵　انوار القادریہ الملقب بہ ریاض النوشاھیہ خطی

مولانا حکیم پیر غلام قادر شاہ اثر انصاری نوشاہی برخورداری جالندھری رح متوفی ۸ شوال ۱۳۵۶ھ

## ب

۶　باغ اولیائے ہند۔ مولوی محمد الدین قادری نوشاہی اہلحدیث ساکن دیہہ درکاں۔ ضلع گوجرانوالہ۔

۷　بیاض خاندان فاروقیہ خطی۔　مملوکہ سید شرافت نوشاہی عفا اللہ عنہ۔

۸　بیاض خاندان فقیر صاحبان خطی۔ مملوکہ فقیر سید مغیث الدین بخاری۔ بازار حکیماں اندرون بھاٹی دروازہ لاہور۔


Marfat.com

۹ بیاض تصانیف خطی — مکتوبہ مولانا غلام قادر شائق فاروقی نوشاہی رسول نگری؟ متوفی سنہ ۱۳۰۱ھ مملوکہ مولوی مفتی اکبر حسین حنفی نوشاہی فاضل دیوبند۔ ساکن گوجرانوالہ

## پ

۱۰ پنجاب میں اردو۔ — پروفیسر حافظ محمود شیرانی رح متوفی سنہ ۱۳۶۵ھ

## ت

۱۱ تاریخ پشاور — رائے بہادر منشی گوپال داس اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر مہتمم بندوبست پشاور مطبوعہ کوہ نور لاہور۔ بعہد کپتان ای جی ہیسٹنگز سنہ ۱۸۶۹ء تا سنہ ۱۸۷۴ء تالیف ہوئی۔

کُل صفحات ۱۶۸۲

۱۲ تاریخ جلیلہ — پیر غلام دستگیر نامی قریشی متوفی سنہ ۱۳۸۱ھ / ۱۹۶۱ء مطبوعہ بار دوم سنہ ۱۳۸۰ھ / ۱۹۶۰ء گلزار عالم پریس لاہور۔

۱۳ تاریخ لاہور — رائے بہادر کنھیا لعل لاہوری ایم۔ ای۔ سی۔ ای متوفی سنہ ۱۳۰۶ھ / ۱۸۸۸ء

۱۴ تحقیقات چشتی — مولوی نور احمد بن مولوی احمد بخش یکدل چشتی لاہوری رح

۱۵ تذکرۃ المشائخ خطی — مولوی میر احمد نوشاہی مولوی فاضل جھنگی والہ رح متوفی سنہ ۱۳۶۶ھ

۱۶ تشریف الفقرا خطی — فقیر سید غلام محی الدین بخاری نوشاہی برقندازی لاہوری متوفی سنہ ۱۳۳۱ھ

۱۷ تقویم ہجری و عیسوی — پروفیسر ابوالنصر خالدی ایم اے۔

## چ

۱۸ چار باغ پنجاب خطی — منشی گنیش داس بڈہرہ قانونگوئے گجرات

## ح

۱۹ حاشیہ اخوان الصفا۔ — مولانا محمد اعظم نوشاہی برقندازی مہر و دالی رح متوفی سنہ ۱۳۰۵ھ

Marfat.com

## د

| | | |
|---|---|---|
| ۲۰ | دُرِّ نجف | حاجی محمد شاہ امرتسری |
| ۲۱ | دستاویز۔ خطی | مملوکہ صوفی محمد فاضل نوشاہی۔ ساکن گوندلانوالہ |
| ۲۲ | دستخط رسالہ۔ خطی | مکتوبہ ۱۲۷۹ھ برائے میاں نیک عالم گاجرگولیہ |
| ۲۳ | دستخط سِرِّ مکنون خطی | مکتوبہ ۱۲۵۷ھ برائے میاں گامے شاہ جالپوری رح |
| ۲۴ | دوہڑہ۔ خطی | میاں پیربخش نوشاہی ڈھولوی رح متوفی ۱۲۷۱ھ |
| ۲۵ | دوہڑہ۔ خطی | میاں وارث شاہ نوشاہی جابلانوالہ رح |

## ر

| | | |
|---|---|---|
| ۲۶ | راجگانِ پنجاب | سرلیپل گریفین صاحب کے۔ سی۔ ایس۔ آئی۔ |
| ۲۷ | رباعی۔ خطی | حکیم کرم الٰہی گاجرگولیہ رح |
| ۲۸ | رضانامہ۔ خطی | مکتوبہ ۱۷ شوال ۱۲۳۹ھ میاں معصوم شاہ نوشاہی شرقپوری رح |
| ۲۹ | رموزِ تصوف مثنوی خطی (دراصل اس کا نام وحدت نامہ ہے غلطی سے رموز تصوف لکھا گیا ہے) | فقیر سید غلام محی الدین بخاری نوشاہی برقندازی لاہوری متوفی ۱۲۲۱ھ۔ اس کا ایک نسخہ ذخیرہ مخطوطاتِ پروفیسر سراج الدین آذر۔ پنجاب یونیورسٹی لائبریری لاہور میں موجود ہے۔ نمبر کتاب ۲۹۴ ہے۔ اس کی ایک نقل میرے لڑکے سید سعید الظفر سعادت نوشاہی نے اپنے قلم سے کی جو میرے کتب خانہ میں محفوظ ہے۔ |
| ۳۰ | رنجیت سنگھ | سرلیپل گریفین صاحب کے سی۔ ایس۔ آئی۔ مترجمہ مولوی نظر حسین فاروقی مہتمم تعلیمات ضلع راجپور مطبوعہ دارالطالع جامعہ عثمانیہ حیدرآباد دکن ۱۳۴۰ھ |
| ۳۱ | رؤسائے پنجاب | سرلیپل گریفین صاحب۔ |

## ز

| | | |
|---|---|---|
| ۳۲ | زادالمسافرین | خواجہ غلام محمد بہادر حُسینی رح۔ (یہ ماخذ خارج ہے۔ حذف) |

Marfat.com

## س

۳۳ سرِّ مکنون۔ خطی مولانا شاہ فقیر اللہ نوشاہی برقندازی کلانوری رح

۳۴ سفینہ شرافت۔ بیاض خطی مولف کتاب ہذا سید شریف احمد شرافت نوشاہی عافاہ اللہ

۳۵ سلیم التواریخ مولوی صوفی اکبر علی ارائیں محقق جالندھری سال تالیف ۱۹۱۲ء

۳۶ سیحرفی۔ خطی میاں پیر بخش نوشاہی ڈھولوی رح

۳۷ سیحرفی۔ خطی چودھری حافظ فیض بخش تارڑ نوشاہی اگرویئہ رح

۳۸ سیحرفی۔ خطی میاں کالا مراسی نوشاہی رح

۳۹ سیرۃ الاولیاء خطی مولوی غلام حسن بن حسام الدین نوشاہی راجہ پوری رح

## ش

۴۰ شاہ نامہ۔ خطی مولوی احمد یار نوشاہی برقندازی مرالوی رح

۴۱ شجرہ خاندان قادری نوشاہی خطی مرید فقیر سید غلام محی الدین نوشاہی برقندازی لاہوری رح

۴۲ شجرہ قادریہ۔ خطی شیخ محمد ثابت نوشاہی کرڈی رح

۴۳ شرح انوار العاشقین حاجی سید غلام نبی بھاکری نوشاہی جالندھری رح

۴۴ شریف التواریخ تین جلدیں خطی۔ سید شرافت نوشاہی۔

۴۵ شواہد الاذکار۔ خطی۔ سید شرافت نوشاہی۔ یہ تذکرۃ النوشاہیہ کا آٹھواں حصہ ہے۔

## ص

۴۶ صحائف الاسرار خطی سید شرافت نوشاہی۔ یہ تذکرۃ النوشاہیہ کا چھٹا حصہ ہے۔

## ط

۴۷ طبقات النوشاہیہ خطی۔ سید شرافت نوشاہی۔ یہ شریف التواریخ کی دوسری جلد ہے۔

Marfat.com

## ع

۴۸ عبرت نامہ — مفتی علی الدین بن مفتی خیر الدین لاہوری رح سال تصنیف ۱۲۷۰ھ ۱۸۵۴ء باہتمام ڈاکٹر محمد باقر۔ شائع کردہ پنجابی ادبی اکیڈمی لاہور۔ مطبوعہ دین پریس لاہور ۱۹۶۱ء

۴۹ عمدۃ التواریخ — لالہ سوہن لعل سوری وکیل دربار مہاراجگان پنجاب۔ مطبوعہ ۱۸۹۸ء

## ف

۵۰ فوائد الاذکار۔ خطی — سید شرافت نوشاہی۔ یہ کتاب تذکرۃ النوشاہیہ کا نوواں حصہ ہے

۵۱ فیض محمد شاہی خطی (بیاض) ج ۱۲-۲-۶ — اعلیٰ حضرت مولانا سید غلام مصطفیٰ صاحب المتخلص بہ نوشاہی الملقب بہ نوشاہ ثالث۔ برخورداری ساہنپالوی رحمتوفی ۱۳۸۴ھ ۱۹۶۵ء

## ق

۵۲ قادری بوستان — دیوان سخت عمر نوشاہی۔ ساکن کوٹلی مغلاں۔ ضلع گوجرانوالہ

## ک

۵۳ کتاب المسطور بین القرآنۃ والطور۔ الملقب بہ لمحات محبت۔ خطی۔

صوفی ابو کلیم محمد افضل طور۔ بی اے۔ منشی فاضل۔ ادیب فاضل ساکن گوندلانوالہ۔ ضلع گوجرانوالہ۔

۵۴ کتبہ مزار — فقیر سید غلام محی الدین بخاری نوشاہی برقندازی لاہوری ؒ

۵۵ کشکول نوشاہی۔ خطی — فقیر سید غلام محی الدین بخاری نوشاہی ؒ

۵۶ کلام طور۔ اردو۔ خطی — صوفی محمد افضل طور۔

۵۷ کلام طور۔ فارسی۔ خطی — صوفی محمد افضل طور۔

## گ

۵۸ گلزار نوشاہی [فیض مصطفائی] مولوی محمد حیات نوشاہی شرقپوری

Marfat.com

## ل

٥٩ لطائف الاخیار۔ خطی سید شرافت نوشاہی۔ یہ کتاب تذکرۃ النوشاہیہ کا دوسرا حصہ ہے

## م

٦٠ مآثر الاخیار۔ خطی سید شرافت نوشاہی۔ یہ کتاب تذکرۃ النوشاہیہ کا چوتھا حصہ ہے

٦١ مجمل تاریخ خاندان فقیر صاحبان۔ خطی۔ یہ مخطوطہ فقیر سید مغیث الدین بخاری کے کتب خانہ اندرون بھاٹی دروازہ لاہور میں موجود ہے۔

٦٢ مجموعۂ کافیات سائیں امام شاہ نوشاہی سیدپوری رح

٦٣ مجموعۂ وظائف خطی بابا سپاہی شاہ نوشاہی جھنگی والا رح

٦٤ مخزن پنجاب مفتی غلام سرور لاہوری رح متوفی ١٣٠٧ھ

٦٥ معارف الابرار۔ خطی سید شرافت نوشاہی۔ یہ کتاب تذکرۃ النوشاہیہ کا تیسرا حصہ ہے

٦٦ مکتوب۔ خطی سائیں برکت علی نوشاہی درویش سکھانوی

٦٧ مکتوب۔ خطی سید خدا بخش بن سید حافظ نور اللہ نوشاہی برخورداری متوفی ١٢٧٧ھ

٦٨ مکتوب۔ خطی سائیں سید رسول ولد غلام رسول نوشاہی برقندازی ڈھکی والا

٦٩ مکتوب۔ خطی حافظ شرف الدین نوشاہی شاہجہان آبادی رح

٧٠ مکتوب۔ خطی فقیر سید غلام محی الدین بخاری نوشاہی برقندازی لاہوری رح

٧١ مکتوب۔ خطی مرید سید حافظ الٰہی بخش مظہر حق نوشاہی متوفی ١٢٥٣ھ

٧٢ مکتوب۔ خطی خلیفہ حاجی میر احمد صدیقی نوشاہی پشاوری رح

٧٣ مناہج الآثار۔ خطی سید شریف احمد شرافت نوشاہی مولف کتاب ہذا عافاہ اللہ
یہ کتاب تذکرۃ النوشاہیہ کا ساتواں حصہ ہے۔

## ن

٧٤ نونہال قادری مولوی ابراہیم خال موان نوشاہی

Marfat.com

المنۃ للہ

کہ یہ کتاب عوارف الانوار ختم ہوئی۔ جو کتاب تذکرۃ النوشاھیہ کا پانچواں حصہ ہے
اور تذکرہ شریف التواریخ کی ۳ تیسری جلد ہے۔ آج سوموار ۲۲ بائیسویں شوال ۱۳۹۱ھ ایک ہزار
تین سو اکانوے ہجری۔ مطابق ۱۳ تیرہویں دسمبر ۱۹۷۱ء ایکہزار نو سو اکہتر عیسوی۔ موافق ۲۸ اٹھائیسویں
مگھر سمت ۲۰۲۸ دو ہزار اٹھائیس بکرمی۔ پڑھنے اور سننے والوں کو چاہیے کہ میرے حق میں دعائے خیر
کرنے سے دریغ نہ فرماویں۔ وھو القریب المجیب۔

کاتبہ

مولف نسخہ ہذا فقیر سید ابوالظفر شریف احمد شرافت نوشاھی
برخورداری عافاہ اللہ تعالیٰ۔ ساکن ساہن پال شریف
۔ تحصیل پھالیہ ضلع گجرات ۔
در دیوانخانہ خود بتاریخ مقدوم الذکر بوقت لطف اللہ صورت
ترقیم یافت ۔

Marfat.com

# تکملہ

## میاں محمد بن مولانا محمد اشرف فاروقی منیجری رح

ان کی لکھی ہوئی دو کتابیں دیکھی ہیں جن کے دستخط یہاں نقل کئے جاتے ہیں

دستخط یوسف زلیخا: "تمام شد نسخہ قصہ حضرت یوسف علیہ السلام و زلیخا تصنیف حضرت مولوی جامی بدستخط احقر العباد فقیر میاں محمد ولد محمد اشرف برائے خواندن برخوردار ان میراں بخش+ و فقیر بخش** تحریر یافت من ہجرتہ النبی علیہ السلام ۱۲۷۵ھ" [۱۸۵۸ء]

دستخط دار الشفا: "باتمام رسید نسخہ دار الشفا طب من تصنیف دیندار طبیب بدستخط فقیر حقیر میاں محمد ولد حضرت شیخ گاھی محمد اشرف مرحوم ساکن موضع کانے وال بحدیث یا سخاطر برخوردار پیر بخش و نور چشمان امیر بخش و فقیر بخش زاد اللہ عمرھما سنہ ہجری ۱۲۸۱ء" [۱۸۶۴ء]

> من نوشتم حرف کردم روزگار　　من نمانم این بماند یادگار

+ میراں بخش کو دوسرے دستخط میں پیر بخش لکھا ہے۔ ** فقیر بخش، میراں بخش کے بھائی تھے جنہیں فقیر علی کہا جاتا تھا۔ یہ دو نو پیر بخش کے بیٹے تھے۔

نو پیر بخش بن فضل احمد میاں محمد کاتب کے حقیقی بھتیجا تھا۔ شرافت

Marfat.com

متعلقہ صفحہ ۲۵

نقل کتبہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

روضہ آنحضرت عبداللہ شاہ رح

تعمیر کردہ حضرت دھیلے شاہ

فرزند ارجمند حضرت عبداللہ شاہ

رائے کلاں ضلع لاہور

تاریخ وفات ۲۲ رجب ۱۳۲۲ھ
۱۹۰۳ء

---

بکرمی عیسوی میں ترجمہ
۳ اپریل ۱۹۰۳ء
۲۲ رجب سمت ۱۹۵۹ ب
۴ محرم ۱۳۲۱ھ

متعلقہ صفحہ ۲۵

یا اللہ یا محمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

حاجی جلال شاہ

ولد پیر دھیلے شاہ

ساکن رائے کلاں

تاریخ وفات ۲۵ جنوری ۱۹۷۴ء (۱۲)

مطابق یکم محرم ۱۳۹۴ھ

Marfat.com